INTERNATIONAL URDU MONTHLY
KHILAFAT-E-RASHDA
Faisalabad Pakistan

بیاد: امیرِ عزیمت مولانا حق نواز جھنگوی شہیدؒ

اللہ کی رسّی کو مضبوطی سے پکڑو آپس میں تفرقہ نہ ڈالو (القرآن)

ماہنامہ سپاہِ صحابہؓ پاکستان کا ترجمان

خلافتِ راشدہ

محرم/صفر ۱۴۱۴ھ، جولائی/اگست ۱۹۹۳ء
فیصل آباد (پاکستان)

اگر آپ صدیق اکبرؓ کی صحابیت کے منکر کو کافر نہیں سمجھتے تو میں تمہیں مسلمان سمجھنے کے لئے تیار نہیں ہوں

○ (مولانا حق نواز جھنگوی شہیدؒ) ○

ایسی اتحاد بین المسلمین کمیٹی جس میں شیعہ شامل ہو اس سے سپاہِ صحابہؓ کا کوئی تعلق نہیں

○ (قائدینِ سپاہِ صحابہؓ) ○

فاروقِ اعظمؓ سیمینار اسلام آباد کی مکمل رپورٹ

جب میں نے بلدیہ کا چارج سنبھالا تھا تو تنخواہوں کیلئے رقم موجود نہ تھی چارج چھوڑا تو تقریباً ایک کروڑ روپے کی بچت موجود ہے

○ (چوہدری سلطان محمود سابق چیرمین بلدیہ جھنگ) ○

اللہ کی قسم جو کام عمرؓ نے کر دیے ہیں اُن کو میں تبدیل نہیں کروں گا (حضرت علیؓ)

حضرت عثمانؓ اتنے مظلوم ہیں کہ فیصل آباد انتظامیہ نے اُن پر کیے گئے مظالم بیان نہیں کرنے دیے

اقوام متحدہ صرف امریکی مفادات کے تحفظ کے لئے کام کرتی ہے!

سرگودھا میں یوم فاروق اعظمؓ پر تمام کاروبار بند رہا۔

مُجتہدین شیعہ بھی تعزیہ کو حرام کہتے ہیں!

اسلام کے نام پر برسرِاقتدار جماعت کا تیسرا بجٹ بھی سُودی نظام پر مبنی ہے (مولانا محمد اعظم طارق)

مولانا محمد اعظم طارق کے مشترکہ پارلیمنٹ سے خطاب کے دوران سناٹا چھا گیا۔ بی بی سی

Scanned with Ca

توجہ فرمائیے

سابقہ شمارہ میں یہ بات واضح کر دی گئی تھی کہ ماہنامہ خلافت راشدہ کے تمام انتظامی امور آئندہ جماعت کے مرکزی دفتر محلہ حق نواز شہیدؒ جھنگ صدر سے نمٹائے جائیں گے اور تمام خط و کتابت بشمول ترسیل رقوم وغیرہ بھی اسی پتہ پر کی جائے گی۔ اس کے باوجود ماہنامہ خلافت راشدہ سے متعلقہ ڈاک ہمیں ادارہ اشاعت المعارف فیصل آباد سے موصول ہوئی ہے۔ قارئین سے التماس ہے کہ آئندہ اس پتہ پر رابطہ فرمائیں۔

انچارج ماہنامہ خلافت راشدہ
مرکزی دفتر سپاہ صحابہؓ محلہ حق نواز شہیدؒ
جھنگ صدر۔ فون ۳۴۹۱-۰۴۷

یہ رسالہ سپاہ صحابہؓ کا ترجمان ہے۔ آپ کا اپنا رسالہ ہے آپ اس کا شدت سے انتظار فرماتے ہیں۔ اس کے معیار کو بہتر بنانے اور اشاعت میں باقاعدگی پیدا کرنے کیلئے ہمیں آپ کے درج ذیل تعاون کی ضرورت ہے۔

۱۔ زیادہ سے زیادہ سالانہ خریدار بنائیے۔ سالانہ خریدار بننے کیلئے مبلغ -/۱۰۰ روپے پیشگی آنا ضروری ہیں۔

۲۔ تمام ایجنسی ہولڈران اپنے بقایا جات کی فوری ادائیگی فرمائیں اور رسالوں کی تعداد کو بھی بڑھائیں لیکن رسالوں کی واپسی سے پرہیز فرمائیں۔ پہلے ہی مناسب تعداد کا آرڈر ارسال فرمائیں۔ پچاس سے زائد رسالہ جات کو ایک سے زیادہ بنڈلوں میں ارسال کیا جاتا ہے اگر ایک بنڈل موصول ہو جائے تو باقی بنڈلوں کو خود ڈاکخانہ سے تلاش فرمالیا کریں تاکہ بروقت موصول ہو سکیں۔

۳۔ زیادہ سے زیادہ اشتہارات حاصل کریں لیکن اشتہار کی رقم نقد آنا ضروری ہے۔ اشتہارات کے نرخ مندرجہ ذیل ہیں۔

ا۔	آخری صفحہ (چار یا چار سے زیادہ رنگوں میں)	مبلغ -/۲۰۰۰ روپے
ب۔	اندرون ٹائٹل (ایک رنگ میں)	مبلغ -/۱۲۰۰ روپے
ج۔	عام مکمل صفحہ	مبلغ -/۱۰۰۰ روپے
د۔	عام نصف صفحہ	مبلغ -/۶۰۰ روپے
ہ۔	عام چوتھائی صفحہ	مبلغ -/۳۰۰ روپے
و۔	۲انچ x ۲انچ	مبلغ -/۱۰۰ روپے

۶ ماہ یا اس سے زائد مدت کے اشتہارات پر ۲۵ فیصد رعایت کی جائے گی۔

۴۔ خط و کتابت فرماتے وقت سالانہ خریدار و ایجنسی ہولڈران اپنا حوالہ نمبر ضرور لکھیں۔

مجلس منتظمہ ماہنامہ خلافت راشدہ

Scanned with Car

رجسٹرڈ نمبر ۳۷۷ جی

ماہنامہ

خلافتِ راشدہ

شمارہ نمبر ۴ ، محرم۔ صفر ۱۴۱۴ھ جولائی اگست ۱۹۹۳ء ، جلد نمبر ۴

بانی
مولانا حق نواز جھنگوی شہیدؒ

زیرِ سرپرستی
مولانا ضیاء الرحمٰن فاروقی
سرپرست اعلیٰ سپاہِ صحابہؓ

زیرِ نگرانی: مولانا محمد اعظم طارق ایم۔ این۔ اے ڈنائب سرپرست اعلیٰ سپاہِ صحابہؓ

مدیرِ اعلیٰ: ـــــ انجینئر طاہر محمود

مجلس مشاورت

مولانا عبدالحفیظ مکی، مولانا سیف الرحمٰن صاحب، مکہ مکرمہ، مولانا صاحبزادہ عبدالباسط جدہ
مولانا محمد ضیاء القاسمی، مولانا محمد صدیق ہزاروی العین۔ مولانا عبدالواحد بلوچ
دبئی، محمد یوسف مجاہد، علامہ علی شیر حیدری۔ مولانا مجاہد الحسینی، مفتی عبدالخالق
آزاد کشمیر، قاری محمد نواز بلوچ گوجرانوالہ، مولانا مسعود الرحمٰن درانی چارسدہ،
مولانا نیاز محمد ناطق بالحق کوئٹہ، محمود اقبال

اندرون ملک نمائندگان

اسلام آباد: مولانا غلام محمود، قاری محمد ایوب • لاہور: عبدالرحمٰن انقلابی • کراچی: شیخ شہزادہ عالم
کوئٹہ: اعجاز احمد قیصرانی • جھنگ: محمد یوسف تبسم • سرگودھا: قاری احمد علی معاویہ،
جلال پور پیروالا: مولانا عبدالرحمٰن جامی • پسرور: امتیاز احمد بھٹی • فیصل آباد: محمد احسان
شجاع آباد: ثناء اللہ ساجد • چنیوٹ اعجاز احمد قاسمی • ٹوبہ ٹیک سنگھ: اظہر اقبال • مظفر گڑھ: زبیر احمد صدیقی

بیرون ملک نمائندگان

دوبئی: ملک نور محمد اعوان • ابوظہبی: ممتاز ایوب • برطانیہ: حافظ عبدالحمید
ہانگ کانگ: محمد طیب قاسمی • بنگلہ دیش: حبیب الرحمٰن • سعودی عرب: ظہیر الاسلام
فجی: قاری عبداللطیف نعمانی • امریکہ: حافظ عمر فاروق۔

بدل اشتراک
سالانہ ۱۰۰/- روپے، غیر ممالک کے لیے ۱۰۰۰/- روپے سالانہ
متحدہ عرب امارات ۱۰۰/- درہم، سعودی عرب: ۱۰۰/- ریال

قیمت فی شمارہ: ۹ روپے

معاون مدیر
مولانا محمد الیاس بالاکوٹی

مجلس منتظمہ
ایم آئی صدیقی، شیخ حاکم علی
ملک عمر فاروق

معاون خصوصی
محمد اقبال صدیقی

سرکولیشن منیجر
قاری عبدالغفار سلیم

قانونی مشیران

محمد سلیم بٹ ایڈووکیٹ
چوہدری مختار احمد ایڈووکیٹ
حافظ احمد بخش ایڈووکیٹ

اردو کمپوزنگ پروگرام "سقراط"

انجینئر طاہر محمود نے الرفیق افضال پرنٹنگ پریس فیصل آباد سے طبع کروا کر دفتر ماہنامہ "خلافتِ راشدہ" اشاعت المعارف ریگو روڈ فیصل آباد سے شائع کیا

Scanned with Ca

آئینۂ مضامین

اداریہ
اداریہ ۳

انٹرویو
چوہدری سلطان محمود ایم آئی صدیقی ۷
سابق چیئرمین بلدیہ جھنگ سے انٹرویو
تعزیہ کی شرعی و تاریخی حیثیت، محمد شعیب قریشی ایبٹ آباد ۱۱

سیرت و کردار
امیر المومنین، امام العادلین، حضرت عمر فاروق رضؓ ۲۱
مولانا محمد الیاس بالاکوٹی
نواسۂ رسول، شہید کربلا، حضرت حسین ابن علی رضؓ ۲۳
مولانا مجاہد الحسینی
اسلامی مساوات محمد اقبال صدیقی ۲۴
موافقت علیؓ بر اقدامات عمرؓ ۴۱
خطاب قائد جھنگوی شہید ۲۵
یکم جون ۱۹۸۹ء کو شجاع آباد کی تاریخی تقریر
مرسلہ عبدالمجید قریشی

جماعتی کارکردگی
اظہار تشکر، حاجی میر احمد چیئرمین بلدیہ جھنگ و شیخ محمد اشفاق کی رہائی ۲۰
یکم محرم یوم فاروق اعظم پر احتجاجی جلوسوں کی رپورٹ ۲۰
ایم آئی صدیقی
سپاہ صحابہ پنجاب کے انتخابات ۲۲
مرکزی سالار اعلیٰ کا تقرر ۲۲
شیخ حاکم علی مرکزی صدر کا کارکنوں کے نام پیغام ۲۲

سپاہ صحابہ جولائی ۱۹۹۲ء کے آئینہ میں، محمد تقی عثمانی ۲۴
فاروق اعظم سیمینار اسلام آباد، حافظ مظہر اقبال اعوان ۳۰
فردوسی وفصاحت ، محمد یوسف مجاہد ۳۲
وزیر اعظم پاکستان میاں نواز شریف سے ملاقات ۳۲
محمد یوسف مجاہد
مولانا محمد اعظم طارق ایم. این. اے کا خنزکر پارلیمنٹ سے ۳۲
تہلکہ خیز خطاب ایم آئی صدیقی
وعلیکم السلام ایم آئی صدیقی ۳۶
کرم ایجنسی کے واقعات پر قرارداد ۳۷
مولانا محمد اعظم طارق کا قومی اسمبلی میں بجٹ پر خطاب ۴۲
وسیم انجم ہاشمی جھنگ
قائد سپاہ صحابہ کا دورہ پشاور، قاضی خورشید الحسن ۴۵
ملکی سیاسی صورتحال پر مولانا محمد اعظم طارق کا تبصرہ ۴۶
ایم آئی صدیقی

دیگر مضامین
سن ہجری اور ہماری ذمہ داریاں ۳۸
قاری محمد سعید الرحمٰن علوی

کلام منظوم
فاروق اعظم رضی اللہ عنہ ۴۷
سید سلمان احمد عباسی ٹوبہ
مومن کی پہچان، شہادت علی طاہر جھنگوی ۴۸
مرسلہ حافظ محمد ادریس قاسمی

Scanned with Car

اداریہ

ماہ محرم اور امن وامان

الحمد اللہ ماہ محرم کا پہلا عشرہ تقریباً پورے ملک میں عمومی طور پر امن وامان سے گزر گیا ان ایام کو امن وامان سے گزرانے کے لئے حکومت کو کیا کیا پاپڑ بیلنے پڑے یہ ایک لمبی چوڑی کہانی ہے۔ ابتدائے قیام پاکستان سے اس ملک میں یہ ہوتا چلا آرہا ہے۔ کہ ماہ محرم کی آمد سے تقریباً ایک ماہ قبل حکومت محرم کو امن وامان سے گزارنے کے لئے تیاریاں شروع کر دیتی ہے۔ تحصیل ضلع ڈویژن اور صوبہ کی سطح پر تمام مکاتب فکر کے نمائندگان پر مشتمل میٹنگیں بلائی جاتی ہیں۔ انتظامیہ معمول کے تمام کام موخر کر دیتی ہے۔ امن بھائی چارہ اور رواداری اپنانے کے لئے قومی ذرائع ابلاغ پر کروڑوں روپے کے اشتہارات دئے جاتے ہیں۔ محرم پلان کے عنوان پر کئی کئی سو صفحات کی کتابیں چھپوائی جاتی ہیں۔ بہت سے شہروں اور قصبات میں فوج طلب کر لی جاتی ہے۔ بغیر کسی اشتعال کے سول کرفیو لگا کر اہل تشیع کے ماتمی جلوس فوج اور پولیس کی بھاری نفری کی موجودگی میں گزارے جاتے ہیں۔ اکثر ایسا بھی دیکھنے میں آیا ہے کہ ماتمی جلوس کے شرکاء دس پندرہ آدمی ہوتے ہیں لیکن ان پر فوج اور پولیس کی نفری سینکڑوں کی تعداد میں متعین ہوتی ہے۔ بعض مرتبہ ملک کے سرحدی حالات انتہائی کشیدہ ہوتے ہیں ادھر ماہ محرم آجاتا ہے ملک کی سرحدات کی حفاظت کے لئے فوج کا سرحدوں پر رہنا انتہائی ضروری ہوتا ہے لیکن محرم کے سلسلہ میں حکومت کے انتہائی غلط اور غیر منطقی طریقہ کار کی وجہ سے فوج کو محرم گزارنے کے لئے شہروں میں متعین کر دیا جاتا ہے۔ اس غلط طریق کار کی وجہ سے حکومت کو کروڑوں روپے خرچ کرنے پڑتے ہیں رات دن پریشانی اٹھانی پڑتی ہے۔ کرفیو اور دیگر رکاوٹوں کی وجہ سے عوام کو بہت سی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے اس کے باوجود ہر سال کہیں نہ کہیں شیعہ سنی فسادات واقع ہو جاتے ہیں جن کے اثرات دیگر شہروں تک پھیل جاتے ہیں اور کافی عرصہ تک محسوس ہوتے رہتے ہیں۔

آج تک جتنی بھی حکومتیں آئیں سب نے یہی طریقہ اختیار کیا لیکن محرم میں شیعہ سنی فسادات کی بنیادی وجوہات تلاش کر کے ان کا قابل عمل حل تلاش نہیں کیا گیا غور طلب بات یہ ہے کہ اس ملک میں دیگر مذاہب بھی موجود ہیں حسن ابدال' ننکانہ صاحب اور لاہور میں ہر سال کافی تعداد میں بھارت اور دیگر ممالک سے سکھ آتے ہیں اور اپنی مذہبی تقریبات و عبادات میں شرکت کرتے ہیں۔ ہندو اپنے تہوار مناتے ہیں عیسائی کرسمس اور دیگر تہوار مناتے ہیں گرجا گھروں میں اپنی عبادت کرتے ہیں لیکن کبھی ایسا نہیں ہوا کہ ان مواقع پر مسلمانوں سے کبھی مذہبی فساد ہوا ہو۔ بڑی عجیب بات یہ ہے کہ ہمارے ملک میں شیعہ بھی روزانہ اپنی عبادت گاہوں میں اذان دیتے ہیں اگرچہ اس اذان کے بعض الفاظ سے اہل سنت کی دل آزاری بھی ہوتی ہے۔ وہ روزانہ اپنی عبادت گاہوں میں بقول انکے نماز پڑھتے ہیں. لیکن کبھی اس روزانہ کے عمل پر شیعہ سنی فسادات برپا نہیں ہوتے نہ ہی ان کی عبادت گاہوں پر روزانہ پولیس کا پہرہ ہوتا ہے اہل تشیع کی کوئی الگ کالونیاں نہ ہیں۔ انہیں محلوں اور بستیوں میں اہل سنت کے ساتھ ہی ان کے مکانات ہیں اکٹھے رہتے ہیں ایک دوسرے سے خرید و فروخت کرتے ہیں لیکن جب محرم آتا ہے تو حکومت کو انتہائی پریشانی لاحق ہو جاتی ہے۔ شیعہ سنی فسادات کا خطرہ پیدا ہو جاتا ہے آخر سارا سال یہ کیوں نہیں ہوتا۔ محرم میں ہی کیوں ہوتا ہے۔

دراصل محرم میں اہل تشیع اپنی عبادت گاہوں سے باہر نکل کر اہل سنت کی اکثریتی آبادی میں ماتمی جلوس نکالتے ہیں اور دوران جلوس یا قبل از جلوس بعض ایسی حرکات کرتے ہیں جو فسادات کا سبب بنتی ہیں مثلاً بعض مقامات پر اہل تشیع کسی جماعت کے جھنڈے اتارنے پر اصرار کرتے ہیں کسی بورڈ کے جس پر صحابہ کرامؓ کے نام لکھے ہوتے ہیں اتارے جانے کی ضد کرتے ہیں کسی دروازے یا گلی کے نام پر اعتراض کرنا شروع کر دیتے ہیں اور اس حد تک ضد کرتے ہیں کہ انتظامیہ جب تک ان کی بات نہ مانے وہ جلوس آگے بڑھانے کے لئے تیار نہیں ہوتے۔ بعض اوقات جلوس گزر جانے کے بعد صحابہ کرام کے ناموں والے کسی بورڈ یا دروازہ پر جوتے مارتے ہیں یا ایسی ہی کوئی اور کمینی حرکت کرتے ہیں جس سے اشتعال پیدا ہوتا ہے انتظامیہ ان دنوں میں نفسیاتی طور پر اہل تشیع سے اتنی مرعوب ہوتی ہے کہ ان کی ہر ناجائز بات بھی ماننے کے لئے تیار ہوتی ہے اور اہل سنت کے قائدین کی بلاجواز گرفتاریاں ۔ پابندیاں زبان بندیاں' داخلہ بندیاں نظر بندیاں کی جاتی ہیں اہل تشیع تو اتنی تنگ نظری کا مظاہرہ کریں کہ صحابہ کرامؓ کے نام تک برداشت نہ کریں اور اہل سنت سے یہ توقع کی جائے کہ وہ اپنی اکثریتی آبادی والے علاقوں سے اہل تشیع کے تبرا کرنے والے اور فسادات پھیلانے والے جلوسوں کو برداشت کریں۔ اور رواداری اور بھائی چارہ کا مظاہرہ کریں۔ ایسی صورتحال میں شیعہ سنی فسادات کا آغاز ہوتا ہے اگر محرم کے ایام میں اہل تشیع اپنی عبادات اور رسومات کو اپنی عبادت گاہوں کے اندر محدود رکھیں۔ باہر نہ

Scanned with Car

نکالیں تو ویسے پورا سال ان کی عبادت گاہ میں پر امن رہتی ہیں۔ کوئی پولیس کا پہرہ نہیں ہوتا ایسے ہی محرم میں امن وامان کا کوئی مسئلہ پیدا نہ ہو۔ اگر ماتمی جلوس اہل تشیع کے نزدیک عبادت ہیں اور ان کے بغیر ان کے مذہب کی تکمیل نہیں ہوتی۔ تو ایران اور بہت سے ممالک میں اہل تشیع کھلے عام ماتمی جلوس نہیں نکالتے اگر ان کی عبادت میں کوئی کمی واقع نہیں ہوتی تو پاکستان کے اہل تشیع کی عبادت میں کیا کمی واقع ہو گی۔ ایران تو تمام دنیا کے شیعوں کے لئے مقتدا و قابل تقلید ہے حکومت پاکستان سے گزارش ہے کہ وہ اس پرانے ناسور کا جرات کر کے ایک ہی مرتبہ مکمل آپریشن کرے اور اس طریقہ کار کو مکمل طور پر بدلے ماتمی جلوس کے سلسلہ میں ایران کے طرز عمل کو سامنے رکھ کر پاکستان کے شیعوں کو اس بات کا پابند کیا جائے۔ کہ وہ اپنی عبادت گاہوں کے اندر اپنی مجالس منعقد کریں اور صحابہ کرامؓ کے خلاف تحریری اور تقریری طور پر تبرا بازی کا مکمل سدباب کر دیا جائے تو اس بات کی گارنٹی دی جا سکتی ہے کہ شیعہ سنی فسادات کا دروازہ ہمیشہ کے لئے بند ہو جائے گا۔

مظلوم مدینہ کانفرنس فیصل آباد

۱۸ جون ۱۹۹۳ء کو سپاہ صحابہ فیصل آباد نے پیپلز کالونی ڈی گراؤنڈ میں امام مظلوم حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی سیرت بیان کرنے کے لئے ایک کانفرنس منعقد کرنے کا پروگرام بنایا۔ جس کی بہت زیادہ پبلسٹی کی گئی۔ کانفرنس سے حضرت مولانا محمد ضیاء القاسمی حضرت مولانا ضیاء الرحمن فاروقی حضرت مولانا محمد اعظم طارق اور دیگر علماء کرام نے خطاب کرنا تھا۔ مذکورہ علاقہ میں اس سے قبل کوئی مذہبی کشیدگی نہ تھی۔ کوئی اشتعال نہ تھا۔ کوئی امام باڑہ قریب نہ ہے سپاہ صحابہ نے اس علاقہ کے لوگوں کی مرضی کے مطابق یہ پروگرام رکھا تھا۔ لیکن فیصل آباد کی انتظامیہ نے اس کانفرنس کو روکنے کا پروگرام بنایا۔ جماعت کے قائدین نے ہر چند انتظامیہ کو کانفرنس پرامن رکھنے کی یقین دہانی کرائی اور اجازت دینے کی درخواست کی لیکن انتظامیہ اپنی ضد پر قائم رہی بلاوجہ کانفرنس روکے جانے پر سپاہ صحابہ نے احتجاج کیا تو انتظامیہ نے پیپلز کالونی میں ہی ایک مسجد میں کانفرنس کرنے کی آخری رات اجازت دی جہاں فوری طور پر انتظامات نہیں کئے جا سکتے تھے ڈی گراؤنڈ میں پانی چھوڑ دیا گیا مقررہ وقت تک پیپلز کالونی میں ہزاروں افراد اکٹھے ہو چکے تھے۔ اوران کا اصرار تھا کہ انتظامیہ ڈی گراؤنڈ میں ہی جلسہ کرنے کی اجازت دے۔ فیصل آباد انتظامیہ نے جلسہ کو روکنے کے لئے پولیس کی بھاری نفری مکمل ہتھیاروں سے لیس متعین کر رکھی تھی۔ جگہ جگہ ناکہ بندی تھی۔ آخر پولیس نے آنسو گیس کے گولے پھینک کر اور فائرنگ کر کے عوام کو منتشر کیا۔ بہت سے لوگ گرفتار کر لئے۔ آنسو گیس کی وجہ سے حضرت مولانا ضیاء القاسمی بے ہوش ہو گئے۔ مولانا محمد اعظم طارق کے ہاتھ زخمی ہو گئے۔ حضرت مولانا ضیاء القاسمی صاحب نے علالت کے باوجود جس طرح کارکنوں کا ساتھ دیا اس سے کارکنوں کے بڑے حوصلے بلند ہوئے انہوں نے اسلاف کی یاد تازہ کر دی۔

فیصل آباد انتظامیہ نے کثیر تعداد میں علماء و کارکنان کو گرفتار کر لیا جس میں بریلوی مکتب فکر کے ممتاز عالم دین مولانا خادم حسین رضوی بھی گرفتار کر لئے گئے۔ مولانا خادم حسین رضوی پر مقامی پولس نے تشدد کر کے حضرت عثمانؓ پر ظلم کرنے والوں کی یاد تازہ کر دی۔ سپاہ صحابہ فیصل آباد کی طرف سے احتجاجی تحریک چلانے کا اعلان کیا گیا تو فیصل آباد انتظامیہ کے پاؤں کے نیچے سے زمین سرکنے لگی مولانا ضیاء القاسمی اور مولانا ضیاء الرحمن فاروقی صاحب کی منت سماجت کر کے تمام گرفتار شدگان کی رہائی کے وعدہ پر تحریک کو رکوا لیا گیا۔ آخر قائدین کی عمدہ حکمت عملی کے باعث چند دنوں میں تمام کارکن رہا ہو گئے۔ چیف سیکرٹری پنجاب کی بدنیتی کہ لیں یا صحیح حالات معلوم کرنے میں عدم دلچسپی اس نے بیان دیا کہ فیصل آباد میں سپاہ صحابہ کے کارکنوں سے ممنوعہ اسلحہ برآمد ہوا ہے یہ بات قطعاً خلاف واقعہ تھی۔ جس کا جماعتی قائدین نے سخت نوٹس لیا۔

سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اگر وہاں کانفرنس ہو جاتی تو کونسی قیامت آجاتی۔ کیا پورے ملک میں اس قسم کی کانفرنسیں منعقد نہیں ہوتی رہتیں۔ کیا پورے ملک میں مذکورہ علماء کرام کی تقاریر نہیں ہوتیں۔ کیا اس سے چند دن بعد ہی فیصل آبا میں ہی کارخانہ بازار میں ایک بہت بڑے اجتماع سے ۷ محرم کو انہی قائدین نے خطاب نہیں کیا۔ اور کوئی گڑ بڑ نہیں ہوئی۔ افسر شاہی کب تک اپنی ناعاقبت اندیشیوں سے پر سکون حالات کو خراب کرتی رہے گی۔ ہر مسئلہ میں رکاوٹ پیدا کرنا اپنی انا کا مسئلہ بنانا اور اپنی قوت کا اظہار کرنا دانش مندی نہیں مظلوم مدینہ حضرت عثمانؓ اتنے مظلوم ہیں کہ فیصل آباد انتظامیہ نے ان پر کئے گئے مظالم بیان نہیں کرنے دئے ان پر اب بھی ظلم کیا گیا بہرحال فیصل آباد کے کارکنوں کے حوصلے قابل تعریف ہیں خصوصاً اس کانفرنس کے انعقاد کے لئے جو محنت محمد زبیر بٹ نے کی وہ انتہائی قابل ستائش ہے۔

Scanned with Car

عراق کے انٹیلی جینس ہیڈ کوارٹر پر امریکی حملہ

حال ہی میں امریکی حکومت نے انتہائی سفاکانہ اور ظالمانہ طریقہ سے عراقی انٹیلی جنس ہیڈ کوارٹر پر بلاجواز حملہ کیا جس سے متعدد افراد ہلاک اور زخمی ہو گئے۔ املاک کو بھاری نقصان پہنچا۔ امریکہ نے عراقی حکومت پر سابق امریکی صدر جارج بش پر نام نہاد حملہ کا الزام لگا کر یہ کارروائی کی ہے۔ امریکی حکومت کی اس ظالمانہ کارروائی کی تمام عالم اسلام نے مذمت کی ہے حتیٰ کہ امریکہ کے اتحادی حلیف یورپی ممالک بھی کھل کر امریکہ کی حمائت نہ کر سکے۔

تنظیم اقوام متحدہ تمام رکن ممالک کی تنظیم ہے اور ہر رکن کے مساوی حقوق ہیں تنظیم اقوام متحدہ کا فرض ہے کہ کسی بھی ملک کے ساتھ زیادتی ہو وہ ظالم کے خلاف سخت عملی کارروائی کرے خواہ ظالم کتنا ہی طاقتور کیوں نہ ہو۔ تنظیم اقوام متحدہ کو مظلوم ملک کی حمائت میں اور ظالم کے خلاف کی جانے والی کارروائی میں تمام ممالک کی اخلاقی حمائت حاصل ہوتی ہے۔ اس طرح بڑے سے بڑا ملک پوری دنیا سے تنہا نہیں لڑ سکتا۔ لیکن افسوس کا مقام ہے کہ تنظیم اقوام متحدہ نے دوہرا معیار اپنا رکھا ہے وہ مظلوم کی حمائت میں اقدامات نہیں کرتی۔ بلکہ امریکی مفادات کے تحفظ کے لئے اقدامات کرتی ہے۔ خصوصاً مسلم ممالک کی حمائت میں کسی غیر مسلم ظالم ملک کے خلاف کارروائی کبھی نہیں کی جاتی۔ ہر ممکن تاخیری حربے اختیار کئے جاتے ہیں اور صرف زبانی دھمکیاں دی جاتی ہیں۔ مہینوں بلکہ سالوں مہلت دی جاتی ہے۔ بلکہ غیر مسلم ظالم ممالک کو اسلامی ملک پر قبضہ کرنے کا پورا پورا وقت دیا جاتا ہے۔ اس ظالم ملک کے خلاف صرف مذمتی قرارداد یا زبانی جمع خرچ کیا جاتا ہے۔ بوسنیا کا معاملہ سب کے سامنے ہے۔ سربیا کے خلاف کیا اس پیمانہ کی کارروائی ہوئی جیسی چند سال قبل عراق کے خلاف کی گئی تھی۔ کیا کشمیر کے مسئلہ میں بھارت پر اقوام متحدہ کی طرف سے کبھی فوج کشی کی گئی۔

مسلم ممالک کو یہ توقع ہی نہیں رکھنی چاہئے۔ کہ تنظیم اقوام متحدہ مسلم ممالک اور غیر مسلم ممالک کو ایک نظر سے دیکھے گی ا لکفر ملۃ واحدۃ کے مصداق تمام غیر مسلم ممالک ایک ہیں۔ مسلم ممالک کو اپنے ساتھ ملائے رکھنے کی خاطر زبانی بیانات کی حد تک مسلم ممالک کا ساتھ دیتے ہیں ورنہ باہمی مشورہ سے مسلم ممالک پر ظلم کے منصوبے بنائے جاتے ہیں تاکہ مسلم ممالک مضبوط ہو کر دوبارہ پورے عالم کے حکمران نہ بن جائیں امت مسلمہ نے ابتدائی دور میں اللہ اور اس کے رسول کی مکمل اطاعت میں زندگی گزارنے کی برکت سے اس وقت کی سپر طاقتوں ایران و روم کو بھی فتح کر لیا تھا۔ دور حاضر میں بھی افغانستان کا جہاد اسی نہج پر کیا گیا۔ جس سے دور حاضر کی ایک سپر طاقت روس کو خدا کی نصرت و حمائت سے تہس نہس کر دیا گیا۔

ضرورت اس امر کی ہے کہ امت مسلمہ مکمل طور پر ہر شعبہ زندگی میں اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کرے تاکہ نصرت خداوندی شامل ہو۔ عرب ممالک کے بہت سے مجاہدین نے افغانستان کے جہاد میں عملی طور پر حصہ لیا اور وہ نقشہ اپنی آنکھوں سے دیکھا جو اسلاف کے متعلق صرف کتابوں میں پڑھا تھا چنانچہ انہوں نے نہ صرف اپنی زندگیوں میں بلکہ دوسروں کی زندگیوں میں بھی دین کو مکمل طور پر نافذ کرنے کا فیصلہ کیا۔ ان مجاہدین نے اپنے ممالک میں واپس جا کر اپنے اہل وطن کو اس بات کی دعوت دی کہ وہ جبتک اپنی زندگی کے ہر شعبہ میں مکمل اطاعت الٰہی کو اختیار نہیں کریں گے۔ امریکہ اسرائیل اور دیگر غیر مسلموں کے ہاتھوں ذلیل ہوتے رہیں گے ان کی اس وزنی دلیل اور مشاہدہ کے بعد تمام مسلم ممالک میں انکی تائید میں ایک ذہن بننا شروع ہوگیا ہے جس کو امریکہ نے بھی اپنی انٹیلی جنس کے ذریعہ محسوس کر لیا ہے چنانچہ اس ذہن کو ختم کرنے کے لئے اپنی تابع نام نہاد مسلم حکومتوں کو بنیاد پرستی کے عنوان سے ان کے خلاف کارروئی کرنے کا حکم دیا ہے چنانچہ پاکستان نائیجریا' الجزائر' مصر اور کئی دیگر ممالک نے ایسے افراد جو نیک نیتی سے پوری امت مسلمہ کی بھلائی چاہتے ہیں کے خلاف بنیاد پرستی کا الزام لگا کر سخت ترین کارروائیاں کی ہیں۔ جو کہ انتہائی افسوس اور دکھ کی بات ہے مسلم ممالک کی حکومتیں اگر صحیح رخ پر نہیں سوچیں گی تو خود بھی امریکہ و دیگر غیر مسلم ممالک کے ہاتھوں ذلیل وخوار ہوتی رہیں گی اور اپنے عوام کو بھی ذلیل و رسوا کراتی رہیں گی۔ چنانچہ ضرورت اس امر کی ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ہر امتی خواہ حاکم ہو یا رعایا کسی بھی شعبہ زندگی سے تعلق رکھتا ہو یورپی تہذیب سے اپنے دل میں نفرت پیدا کرے۔ تاکہ اسلام کی محبت کے لئے دل میں جگہ خالی ہو سکے اور اس پر عمل پیرا ہونا آسان ہو سکے۔

Scanned with Car

غیر جانبدارانہ تفتیش کیجئے

عاشورہ کے موقع پر اور عاشورہ کے بعد ملک کے مختلف مقامات پر جو چند ناخوشگوار واقعات پیش آئے۔ سپاہ صحابہؓ ان کی بھرپور مذمت کرتی ہے۔ کوٹری، شادیوال ضلع گجرات والے والی ضلع گوجرانوالہ، مری، لاہور، رحیم یار خان وغیرہ کے افسوسناک واقعات کا سپاہ صحابہؓ کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے اہل تشیع کی جانب سے زیادتی کئے جانے پر علاقہ کے افراد کی طرف سے جو رد عمل ظاہر ہوا وہ ایک منطقی نتیجہ تھا اگر انتظامیہ اہل تشیع کو صدود و قیود سے باہر نہ نکلنے دیتی تو یہ واقعات پیش نہ آتے مولانا ضیاالرحمٰن فاروقی اور مولانا اعظم طارق ایم این اے پہلے ہی ان واقعات سے جماعت کی لاتعلقی کا اظہار کر چکے ہیں

کراچی میں سپاہ صحابہؓ کی مرکزی مجلس شوریٰ کے رکن محمود احمد صدیقی کو اہل تشیع نے فائرنگ کر کے شہید کر دیا سپاہ صحابہؓ اس پر انتہائی غم و غصہ کا اظہار کرتی ہے اور اس بات پر تشویش کا اظہار کرتی ہے کہ عاشورہ کے بعد پے در پے واقعات کسی سازش کے تحت ملک کو مذہبی فسادات کی بھٹی میں جھونکنے کا منصوبہ تو نہیں سپاہ صحابہؓ حکومت سے مطالبہ کرتی ہے کہ تمام واقعات کی غیر جانبدارانہ تفتیش کر کے اصل مجرمان اور تمام سازشی عناصر کو کیفرِ کردار تک پہنچایا جائے۔

انتقال پر ملال

عبدالحکیم ضلع خانیوال کی بزرگ شخصیت حضرت مولانا قاری تاج محمد صاحب ۸۰ سال کی عمر میں مورخہ ۲۴ جون ۱۹۹۳ء بروز جمعرات انتقال فرما گئے۔ ان کی نماز جنازہ بروز جمعہ دارالعلوم کبیر والا کے مہتمم حضرت مولانا مفتی محمد انور صاحب نے پڑھائی۔ ہزاروں افراد نے نماز جنازہ میں شرکت کی۔

مرحوم جامع مسجد شیخاں والی عبدالحکیم میں طویل عرصہ تک خطابت کرتے رہے ہیں۔ حضرت مولانا حق نواز جھنگوی شہید کے قرأت کے استاد تھے۔ اس کے علاوہ بہت سے علماء کرام کے استاد تھے مرحوم نے دو بیوہ اور ایک لڑکی چھوڑی ہے۔ سپاہ صحابہؓ مرحوم کے انتقال پر رنج و غم کا اظہار کرتی ہے۔ اور ان کے پس ماندگان کے غم میں برابر کی شریک ہے۔ اللہ پاک ان کی مغفرت فرما کر درجات بلند فرمائے۔ پسماندگان کو صبر و جمیل عطا فرمائے۔ اور امت مسلمہ کو ان کا نعم البدل عطا فرمائے۔

سپاہ صحابہؓ کے مرکزی ناظم نشرواشاعت مولانا عبدالمجید ہزاروی کی والدہ محترمہ جو کہ ملک کے معروف عالم دین سابق ایم این اے مولانا عبدالحکیمؒ کی اہلیہ تھیں بمقتضائے الٰہی انتقال فرما گئیں۔ مرحومہ طویل عرصہ سے بیمار تھیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومہ کے درجات بلند فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

سپاہ صحابہؓ سرگودھا کے قائد مولانا شیر محمد کے بھائی مولانا جان محمد رحلت فرما گئے مرحوم سپاہ صحابہ کے مشن کی کامیابی کے لئے بڑی محنت فرما رہے تھے۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کی قبر کو منور فرمائے۔ اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

جامع مسجد الخیر ملتان کے خطیب مولانا محمد اسحاق جالندھری مشیت ایزدی انتقال فرما گئے مرحوم حضرت جھنگوی شہیدؒ سے انتہائی محبت رکھتے تھے اور ان کی شہادت کے بعد سپاہ صحابہؓ کے موجودہ قائدین کا بھی ہر وقت بھرپور ساتھ دیا۔ مولانا ضیاء الرحمٰن فاروقی قائد سپاہ صحابہؓ نے ان کے گھر جا کر تعزیت کی۔

ادارہ ماہنامہ خلافت راشدہ تمام سوگواران سے تعزیت کرتا ہے اور ان کے غم میں برابر کا شریک ہے۔

(ایڈیٹر)

چوہدری سلطان محمود سابق چیئرمین بلدیہ جھنگ سے انٹرویو

جب میں نے چارج سنبھالا تو عملہ کو تنخواہیں دینے کے لیے رقم نہ تھی جب چارج دیا تو تقریباً ایک کروڑ روپے کی بجٹ موجود تھی

(انٹرویو نگار ایم آئی صدیقی)

چوہدری سلطان محمود وائس چیئرمین بلدیہ جھنگ تقریباً ڈیڑھ سال تک بطور قائم مقائم چیئرمین کام کرتے رہے ہیں اب جبکہ چیئرمین حاجی منیر احمد شاہد صاحب جیل سے رہا ہو کر تشریف لا چکے ہیں۔ اور چوہدری سلطان محمود صاحب اپنی ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہو چکے ہیں۔ ادارہ نے مناسب سمجھا کہ انکی ڈیڑھ سالہ کارکردگی پر قارئین کرام کے لئے انکا انٹرویو پیش کیا جائے۔

س۔ آپ سپاہ صحابہؓ میں کب اور کیوں شامل ہوئے۔

(چوہدری سلطان محمود صاحب) مولانا حق نواز جھنگوی صاحب سے میرا تعلق ۱۹۸۰ء میں قائم ہوا ۱۹۸۵ء میں جب سپاہ صحابہؓ کی بنیاد رکھی پہلے روز ہی جن ۲۹ افراد نے سپاہ صحابہ کی بنیاد رکھی میں ان میں شامل تھا۔

سپاہ صحابہؓ کے جھنگ کے شہری صدر کب منتخب ہوئے۔

چوہدری صاحب= جماعت جب کافی پھیل گئی تو مولانا حق نواز صاحب نے اس کی مزید باڈیاں قائم کرنے کا فیصلہ فرمایا چنانچہ شہری سطح کی باڈی کا پہلا انتخاب ۱۹۸۷ء میں ہوا جس میں میں بلا مقابلہ صدر منتخب ہوا۔ شہری باڈی کے اس انتخاب پر مولانا حق نواز جھنگوی صاحب بڑے مطمئن تھے۔ اور اس وقت سے ابتک بدستور میں شہری صدر کے طور پر فرائض انجام دے رہا ہوں۔

س = مولانا حق نواز صاحب نے ۱۹۸۸ء میں ایم این اے کا انتخاب لڑا تو آپ کے ذمہ کیا کام لگایا گیا۔

ج = مولانا صاحب کے حلقہ این اے ۶۸ میں سے جو شہری حلقہ ۶۵ پی پی بنتا تھا اس کے تمام جلسوں اور کارنر میٹنگز اشتہارات کی ترتیب اور لگوانا پولنگ ایجنٹوں کا تقرر اور ان کی تربیت اور پولنگ کے روز تمام انتظامات بحیثیت شہری صدر ہونے کے میرے ذمہ لگائے گئے اور مجھے فخر ہے کہ شہری حلقہ سے مولانا نے بڑی بھرپور اکثریت حاصل کی اس کے بعد مولانا ایثار القاسمی شہید اور میاں اقبال حسین شہیدؒ اور مولانا محمد اعظم طارق امت برکاتہ کے انتخابات میں بھی ہر مرتبہ میں نے مذکورہ بالا فرائض سرانجام دئے اور الحمد اللہ ہر مرتبہ میری کارکردگی پہلے سے بہتر رہی جو کہ الیکشن نتائج سے ظاہر ہے۔

س = بلدیاتی الیکشن لڑنے کا جماعت نے فیصلہ کیوں کیا۔ اور آپ کے کے خیال میں یہ فیصلہ صحیح ثابت ہوا یا غلط۔

ج = بلدیاتی انتخابات ہمارے موجودہ سیاسی نظام میں بنیادی حیثیت رکھتے ہیں جب جماعت نے ایم این اے اور ایم پی اے کے انتخابات میں حصہ لے لیا تو پھر ضروری تھا کہ بلدیاتی انتخابات کے ذریعہ اپنے شہر کے عوام کی خدمت صحیح طور پر کرنے کے لئے اپنے ہی آدمیوں کو آگے لایا جائے۔ تاکہ شہر پر طویل عرصہ سے مسلط ظالم سرمایہ داروں سے نجات حاصل کی جا سکے اور ہماری سیاسی پوزیشن بھی مستحکم کی جا سکے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ فیصلہ صحیح تھا اس کے بڑے مفید اثرات برآمد ہوئے۔

س = آپ نے بلدیاتی انتخابات میں کیا کردار ادا کیا۔

ج = جماعت نے بلدیاتی انتخابات کے لئے ہر شہر میں موجود دیگر ہم خیال سیاسی و مذہبی گروپوں پر مشتمل ایک جھنگوی گروپ قائم کیا جھنگوی گروپ کی طرف سے امیدواروں کو ٹکٹیں دی گئیں۔ اس کے لئے ایک چھ رکنی کمیٹی قائم کی گئی جس میں میں بھی شامل تھا۔ جماعت نے سابقہ انتخابات میں میرے تجربہ کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ فیصلہ کیا کہ میں کسی حلقہ سے انتخاب نہ لڑوں۔ بلکہ تمام حلقوں کو سنبھالوں۔ اور اللہ کے کرم سے جھنگوی گروپ نے بڑی واضح اکثریت حاصل کی۔ بعد میں جھنگوی گروپ نے مجھے لیبر سیٹ پر امیدوار نامزد کر دیا اور میں بلا مقابلہ لیبر سیٹ پر بلدیہ کا کونسلر منتخب ہو گیا اور پھر بلا مقابلہ وائس چیئرمین منتخب ہو گیا۔ جبکہ جناب حاجی منیر احمد شاہد جنہوں نے جیل میں کونسلر کا انتخاب جیتا تھا ان کو بلا مقابلہ چیئرمین منتخب کیا گیا لیکن کیونکہ حاجی منیر احمد شاہد صاحب جیل میں تھے اس لئے میں نے قائم مقام چیئرمین کی حیثیت سے فرائض سنبھال لئے۔

س = آپ کتنا عرصہ بطور چیئرمین کام کرتے رہے۔ اس دوران آپ نے شہر کی ترقی کے لئے کون سے نمایاں کام کیے۔

ج = میں ڈیڑھ سال تک بطور چیئرمین کام کرتا رہا۔ جس وقت جھنگوی گروپ نے چارج سنبھالا تو بلدیہ شدید مالی بحران کا شکار تھی کیونکہ مسلسل

Scanned with CamScanner

دو سال سے مولانا حق نواز جھنگوی اور دیگر قائدین و کارکنان کی شہادت سے شہر میں کاروباری اور امن عامہ کے حالات بڑے خراب رہے تھے۔ سابقہ چیئرمین جو تقریباً مسلسل بارہ سال سے بلدیہ کنٹرول کرتا رہا تھا اور ایم پی اے بھی رہا تھا اس نے بلدیاتی فنڈز کو اپنے ایم پی اے کے انتخابات میں سیاسی مقاصد حاصل کرنے کے لئے بے دریغ استعمال کیا تھا۔ جس کی وجہ سے بلدیہ جھنگ تقریباً ۶۷ لاکھ روپے کی مقروض تھی۔ حتیٰ کہ ہمارے پاس عملہ کی تنخواہیں دینے کے لئے بھی رقم موجود نہ تھی پورے ڈیڑھ سال میں ہم ایک مرتبہ بھی پورے عملہ کو یکمشت تنخواہوں کی ادائیگی نہ کر سکے۔ شہر کے غیر یقینی حالات کی وجہ سے تمام ٹھیکہ جات بار بار کینسل کرنے کے باوجود اتنی رقم تک نہ پہنچ سکے۔ جتنی عام حالات میں توقع کی جا سکتی تھی اس کی وجہ سے ترقیاتی کاموں کے لئے ہمارے پاس ۹۳-۹۲ کے بجٹ میں کوئی گنجائش نہ تھی۔ اسکے باوجود انتہائی ضروری قسم کے معمول کے کام مثلاً سٹریٹ لائٹ اور سیوریج کی دیکھ بھال و مرمت وغیرہ پر تقریباً دو لاکھ روپے خرچ کئے گئے۔ جھنگ سٹی کے سیوریج سسٹم کی کئی سال سے ضرورت محسوس کی جا رہی تھی۔ دو کروڑ روپے کے حکومت پنجاب سے فنڈز دستیاب ہو جانے کے باوجود جس کا ۲۵ فیصد بلدیہ جھنگ نے ادا کرنا تھا کام صرف اس بناء پر شروع نہ ہو رہا تھا کہ ڈسپوزل ورکس کے لئے جگہ دستیاب نہ تھی چنانچہ میں نے اس مسئلہ کو اولیت دیتے ہوئے ۳ کنال ۲ مرلہ جگہ کا بندوبست کیا اور سیوریج سسٹم کے کام کا آغاز ہوا۔ ڈسپوزل ورکس کا سنگ بنیاد بھی میں نے ہی رکھا۔

میونسپل پارک بالمقابل ڈی سی ہاؤس کا کام مجھ سے پہلے شروع ہو چکا تھا اس پر تقریباً ۷ لاکھ روپے خرچ ہو چکے تھے۔ کچھ فنڈز بلدیہ نے مہیا کرنے تھے جو کہ دستیاب نہ ہونے اور سابقہ چیئرمین کی عدم دلچسپی کی وجہ سے کام بند پڑا تھا اس طرح خرچ شدہ رقم بھی ضائع ہو جانے کا خطرہ تھا چنانچہ میں نے شہر کی ضرورت اور رقم کا ضیاع روکنے کی غرض سے بلدیہ سے مطلوبہ فنڈ مہیا کئے اور آج اس پارک کا کافی حد تک کام مکمل ہو چکا ہے۔

جھنگ میں سابقہ فسادات کے دوران بلدیہ کی تین گاڑیاں جل گئی تھیں ان کا معاوضہ ڈی سی جھنگ کی سفارش پر پنجاب حکومت نے ادا کیا۔ اور ہم نے اس رقم سے ایک عدد ٹریکٹر اور تین عدد ٹرالیاں خریدیں جن کی صفائی کے انتظام کے لئے اشد ضرورت تھی جوکہ انشاء اللہ جولائی میں پہنچ جائیں گی اس کے علاوہ نکاسی آب کے لئے چار عدد پیٹر انجن بھی خریدے گئے۔ اس کے علاوہ دو عدد سائرن مسجد حق نواز شہید جھنگ صدر اور مسجد ایثار القاسمی شہید جھنگ سٹی کے لئے مہیا کئے گئے تاکہ رمضان المبارک میں سحری و افطار کے وقت بجائے جا سکیں۔ بلدیہ کی اپنی مسجد کی تزئین و آرائش اور گرم پانی کے لئے گیزر مہیا کیا گیا اسکی ٹینکی بھی تعمیر کرائی گئی۔ سیٹلائٹ ٹاؤن میں واٹر سپلائی کے لئے نئے دو بور کرائے جانے کی ہاؤس سے منظوری حاصل کی گئی ٹھیکہ بھی دے دیا گیا۔ شہر میں صفائی کے کام کے لئے صفائی کا عملہ بہت کم تھا چنانچہ ہم نے ۶۲ آدمی مزید بھرتی کئے جن میں ۱۲ سیور مین بھی تھے۔

بلدیہ کی طرف سے سیٹلائٹ ٹاؤن میں ایک نیا ماڈل پرائمری سکول برائے طلباء و قائم کیا گیا جس میں وہاں کے عوام نے بھی خاطر خواہ معاونت کی مولانا محمد الیاس بالا کوٹی صاحب نے اس سلسلہ میں نمایاں کردار ادا کیا اس سکول کے لئے فرنیچر عوام نے اپنی مدد آپ کے تحت مہیا کیا۔

س = چوہدری صاحب آپ کے دور میں صفائی کے نظام میں بہتری کی صورت پیدا نہیں ہوئی اس کی کیا وجوہات ہیں۔

ج = بلدیہ کے پاس کل ۶ ٹریکٹرز ہیں جن میں سے ایک بالکل ناکارہ تھا جس کو نیلام کر دیا گیا جس کا متبادل ابھی تک مہیا نہیں کیا جا سکا۔ دو عدد ٹریکٹرز ایم ایف ۲۱۰ ہیں جن کے اصل فاضل پرزہ جات پورے ملک میں کہیں دستیاب نہ ہیں۔ ملت ٹریکٹرز کمپنی نے اس ماڈل کو بالکل بند کر دیا ہے۔ مذکورہ ٹریکٹرز کی بڑے پیمانہ پر مرمت کی ضرورت تھی ہم نے کوشش کی کہ ان مطلوبہ پرزہ جات کو مقامی طور پر تیار کرا کر ان کو چالو کرایا جا سکے لیکن ان میں کامیابی نہیں ہوئی۔ اب صرف تین ٹریکٹرز قابل عمل باقی بچے ہیں جبکہ ٹرالیاں ۷۰ ماڈل ہیں ان کی کچھ ضروری مرمت کرا کر ان سے کام لیا گیا لیکن کبھی کوئی ٹرالی جواب دے جاتی تھی کبھی کوئی نئے ٹریکٹر ٹرالی خریدنے کی پوزیشن میں بلدیہ نہ تھی اس کے علاوہ شہر میں سیوریج سسٹم کی تعمیر میں جوکہ پہلے سے تعمیر شدہ ہے بہت سے تکنیکی نقائص ہیں جن کی وجہ سے پانی کے بہاؤ میں رکاوٹ پیدا ہوتی ہے۔ سیوریج کا مین سسٹم شہر میں ۱۹۷۸ء میں قائم کیا گیا تھا جو کہ اس وقت کی ضرورت کے مطابق تھا اب جبکہ ۱۵ سال مزید گزر گئے ہیں مزید مین لائنوں اور متبادل لائنوں کی ضرورت ہے جب تک وہ مہیا نہیں کی جاتیں مسئلہ کا مستقل حل تلاش نہیں کیا جا سکتا۔ اس کے لئے کثیر رقم کی ضرورت ہے اس کے باوجود ہم نے ہر ممکن کوشش کرکے زیادہ سے زیادہ پیٹر انجن استعمال کر کے مسئلہ حل کرنے کی کوشش کی ہے۔

س = بلدیہ نے آپ کے دور میں دیگر رفاہی کاموں میں کیا کردار ادا کیا۔

ج = ستمبر ۱۹۹۲ء میں تاریخ کا بدترین سیلاب آیا اگرچہ وہ بلدیاتی حدود میں نہیں آیا لیکن دیہاتوں سے بہت سے افراد شہر میں آگئے جس کی وجہ سے شہر میں مختلف بیماریاں پھیلنے کا اندیشہ تھا اگرچہ بلدیہ کی سیلاب زدگان کی بحالی کی ذمہ داری براہ راست بلدیہ پر نہ تھی اس کے باوجود بلدیہ نے

Scanned with CamScanner

بحالی کا کام کرنے والی مختلف تنظیموں خصوصاً پورے ملک سے سپاہ صحابہؓ کی طرف سے امدادی سامان پہنچانے والی ٹیموں کے لئے رابطہ کا کام کیا لوگ حکومتی کیمپوں پر اعتماد نہیں کرتے تھے اور خود بھی فلڈ میں پھنسے ہوئے افراد تک پہنچ نہیں سکتے تھے چنانچہ وہ چاہتے تھے کہ ان کا امدادی سامان معتمد ہاتھوں میں پہنچے۔ الحمدللہ بلدیہ جھنگ پر کیونکہ سپاہ صحابہؓ کا کنٹرول تھا اور اس نے ۱۸ ہزاری تریموں ہیڈ۔ ڈالانوالہ موڑ گڑھ موڑ جھنگ سٹی ہرل پور کے مقامات پر فلڈ ریلیف کیمپ قائم کئے تھے جہاں سے وہ ٹرالیوں اور کشتیوں کے ذریعے دور دور تک پانی میں پھنسے ہوئے لوگوں تک سامان پہنچاتی تھی۔ بلدیہ جھنگ نے بلدیہ کے دفتر میں ایک مین کیمپ قائم کیا تھا جہاں لوگوں سے سامان وصول کر لیا جاتا تھا اور پھر حسب ضرورت خوراک لباس ادویات اور نقد رقوم فلڈ کیمپوں میں پہنچایا جاتا تھا یہ کیمپ تقریباً ڈیڑھ ماہ تک کام کرتے رہے۔ اس میں موبائل ڈسپنسریاں بھی شامل تھیں بلدیہ کیمپوں کے ذریعے تقریباً ایک کروڑ روپے سے زائد کا سامان تقسیم کیا ہمارے ریکارڈ میں سامان کے ۱۳۰ ٹرک درج ہیں اسکے علاوہ ہائی ئکس ویگنیں وغیرہ کافی تعداد میں ہیں۔ بلدیہ کے ریلیف کیمپوں کی معاونت فیصل آباد لاہور، ٹوبہ، ساہیوال و دیگر شہروں کی مختلف تنظیموں خصوصاً سپاہ صحابہؓ کا شکریہ ادا کرنا بھی ضروری سمجھتا ہوں۔ جنہوں نے جھنگ کے عوام کی مصیبت کے وقت خاطر خواہ تعاون کیا۔ اور بلدیہ جھنگ پر اعتماد کرتے ہوئے اس کے ذریعے سامان پہنچایا۔ بلدیہ جھنگ کی اس کارکردگی کو موقع پر موجود فوج کے افسران اور ضلعی انتظامیہ نے بھی سراہا۔ اس موقعہ پر حضرت مولانا ضیاء الرحمن فاروقی اور مولانا محمد اعظم طارق صاحب شیخ حاکم علی صاحب مرکزی صدر سپاہ صحابہؓ محمد یوسف مجاہد صاحب مرکزی جنرل سیکرٹری سپاہ صحابہؓ بلدیہ کے کونسلرز و دیگر عملہ نے بھی جاجا کر لوگوں تک سامان پہنچایا سب سے پہلے روڈو سلطان ہماری گاڑی پہنچی جس میں فاروقی صاحب بھی موجود تھے۔ انتظامیہ اور دیگر ادارے بعد میں پہنچے پہلے ہم نے راستہ بنایا۔ بعد میں مولانا ضیاء الرحمن فاروقی صاحب نے حسن کارکردگی کی سندات بھی تقسیم کیں اسکے علاوہ بلدیہ نے حق نواز جھنگوی شہید فری آئی کیمپ الجبیہ۔ آئی اینڈ جنرل ہسپتال میں قائم کیا۔ جہاں آنکھوں کے مفت آپریشن کئے گئے اور دیگر ادویات اور عینکیں بھی مفت فراہم کی گئیں۔

اس کے علاوہ بلدیہ نے مستقل طور پر جھنگوی شہید بلڈ ڈونرز سوسائٹی کے تعاون سے ایک جھنگوی شہیدؒ بلڈ بنک قائم کیا ہے جس کا افتتاح کیا جا چکا ہے ابتدائی کام شروع ہو چکا ہے عنقریب خون محفوظ کرنے کا بندوبست بھی کر لیا جائے گا۔ اس کے علاوہ مولانا محمد اعظم طارق صاحب نے اپنی گرانٹ سے ساڑھے چھ لاکھ روپے عنایت فرمائے ہیں۔ جس سے ایک ایمبولینس اور خون محفوظ کرنے کے لے مخصوص ریفریجریٹر اور دیگر سامان خریدا جائے گا۔

س = آپ نے حاجی منیر احمد شاہد کی رہائی میں کیا کردار ادا کیا۔

ج = جماعت نے متعدد مرتبہ مقامی انتظامیہ ڈویژنل انتظامیہ اور صوبائی و مرکزی حکومت سے وہ وفود کی صورت میں ملکر جماعت کے بے گناہ کارکنان خصوصاً حاجی منیر احمد شاہد کے خلاف قائم ناجائز مقدمات کی واپسی اور ان کی رہائی کے لئے کوششیں کی ہیں جو کہ اب بھی جاری ہیں۔ میں بھی ان وفود میں شامل ہو کر کئی مرتبہ حکومتی نمائندوں سے ملتا رہا ہوں۔ اور حاجی منیر احمد شاہد کی رہائی کے لئے کوشش کرتا رہوں۔ ہمارا موقف شروع ہی سے یہ تھا کہ وہ تمام مقدمات میں بے گناہ ہیں۔ آخر وہ عدالتوں کے ذریعہ اپنی بے گناہی ثابت کرکے آج رہا ہو چکے ہیں۔

س۔ اخبارات میں بعض کونسلرز اور آپ کے درمیان اختلافات کی خبریں آتی رہی ہیں ان کی حقیقت کیا ہے۔ مجھ سے بنیادی طور پر ان کونسلرز کے درمیان کوئی اختلاف نہ ہے ان کونسلر نے ناجائز مفادات حاصل کرنے کی کوشش کی۔ لیکن میں نے ان کی بات نہ مانی جس کو انہوں نے اختلاف کا رنگ دے دیا۔

س = آپ کے متعلق یہ بھی کہا جاتا ہے کہ آپ نے بلدیاتی فنڈز خرد برد کرکے فیکٹری لگالی ہے۔

ج = یہ بات قطعاً غلط ہے میں نے بلدیہ کا ایک پیسہ بھی خرد برد نہیں کیا۔ جس کا جواب میں کھلی کچہری میں بھی دے چکا ہوں۔ اور ہر وقت اپنے محاسبہ کے لئے اپنے آپ کو پیش کرتا ہوں۔ محض الزام تراشی مناسب نہ ہے الزام ثابت ہو جائے تو جماعت جو سزا میرے لے متعین کرے میں بھگتنے کے لئے تیار ہوں۔ رہی فیکٹری کی بات میری والدہ نے تقریباً دس ایکڑ رقبہ فروخت کرکے اور مزید سمال انڈسٹریز کاس کارپوریشن سے قرض حاصل کرکے ایک ویونگ فیکٹری میں چوتھا حصہ لیا ہے۔ اس فیکٹری میں کل ۲۴ پاور لومز ہیں اس طرح ہمارے حصہ میں صرف ۶ پاور لومز آتی ہیں جو کہ ایک متوسط آدمی کا گزارہ کرنے کے لئے بھی ناکافی ہیں۔

س۔ بعض اخبارات کی خبر کے مطابق آپ نے حاجی منیر احمد شاہد کے آنے کے بعد بجٹ اجلاس میں اپوزیشن لیڈر کا کردار ادا کیا اس کی حقیقت کیا ہے۔

ج = بلدیہ کا ۹۴-۱۹۹۳ء کا بجٹ ہم حاجی منیر احمد شاہد کی رہائی سے قبل تیار کر چکے تھے جس میں ترقیاتی کاموں کے لئے ۸۷ لاکھ روپے مختص کئے گئے تھے حاجی منیر احمد صاحب نے آکر دوبارہ بجٹ تیار کرایا اور کچھ غیر ضروری اخراجات کے لئے رقم مختص کرنے کی وجہ سے ترقیاتی کاموں کے لئے رقم کم رکھی گئی حاجی منیر صاحب کیونکہ ابھی نئے

Scanned with Car

نئے آئے ہیں ان کو بلدیاتی امور کی تفصیلات پر عبور حاصل کرنے میں کچھ وقت لگے گا ان کے عملہ کے کچھ افراد اور کچھ مفاد پرست اور ناتجربہ کار کونسلر نے غلط رہنمائی کی۔ طریقہ کار یہ ہوتا ہے کہ بجٹ اجلاس سے قبل پارٹی کی میٹنگ ہوتی ہے جس میں پارٹی کو اعتماد میں لیا جاتا ہے لیکن کسی وجہ سے حاجی منیر صاحب بجٹ اجلاس سے قبل پارٹی میٹنگ نہ بلا سکے۔ اس لئے بجٹ اجلاس میں ہمیں ان غلطیوں کی نشاندہی کرنی پڑی۔ اس تنقید کا مقصد کوئی اپوزیشن گروپ قائم کرنا نہ تھا میرا کوئی الگ گروپ نہ ہے میں جماعتی پالیسی کے تابع ہوں اس تنقید کا مقصد اصلاح اور جھنگ کے عوام کی بہتری تھا نشاندہی کے باوجود ہم نے بجٹ پاس کرنے میں پورا تعاون کیا آج بھی ہم سمجھتے ہیں کہ ہم نے جو نشاندہی کی تھی وہ درست تھی بلکہ اب تو حاجی منیر صاحب نے بھی اس بات کو تسلیم کر کے آئندہ ضمنی بجٹ میں، ان کو دور کرنے کا وعدہ فرمایا ہے رائے کے اختلاف کو مخالفت قرار دیا جانا دانشمندی نہیں ہے جھنگوی گروپ پوری طرح متحد ہے قومی اور صوبائی بجٹوں میں بھی حزب اقتدار پارٹی کے ارکان اپنے اختلاف رائے کا حق استعمال کرتے ہیں اور اپنی تجاویز پیش کرتے ہیں۔

س = حاجی منیر صاحب کو چیئرمین بنے تقریباً ایک ماہ ہو گیا ہے ان کی کارکردگی پر آپکا کیا تبصرہ ہے۔

ج۔ حاجی منیر احمد شاہد صاحب کیونکہ ابھی ناتجربہ کار ہیں۔ شروع شروع میں ان کو کچھ مفاد پرست عناصر نے غلط لائن پر لگانا چاہا۔ لیکن جماعت کے اور احباب خصوصاً مولانا ضیاء الرحمن فاروقی اور مولانا محمد اعظم طارق صاحب نے ان کو اونچ نیچ سمجھائی غلط لوگوں کی نشاندہی کی اب الحمد اللہ وہ پہلے سے بہتر پوزیشن میں ہیں اور میں امید کرتا ہوں کہ وہ جماعتی پالیسیوں پر کاربند رہیں گے اور اس طرح انشاء اللہ میرا بھی انکو مکمل تعاون حاصل رہے گا۔

س = چوہدری صاحب اس کے علاوہ آپ مزید کچھ کہنا چاہیں گے۔

ج = ہم نے شہر کے مختلف چوکوں بازاروں سڑکوں گلیوں وغیرہ کے نام صحابہ کرامؓ کے نام پر تجویز کئے ہاؤس سے ان کی منظوری حاصل کی۔ ڈی سی صاحب نے بھی فوارہ چوک کا نام حق نواز شہید چوک رکھا جانے کے لئے اپنی منظوری دے دی ہے اور حتمی منظوری کے لئے صوبائی حکومت کو کیس بھیج دیا ہے میں نے جب بلدیہ کا چارج لیا تھا اس وقت تنخواہوں کے لئے رقم موجود نہ تھی اور جب چارج چھوڑ تو بلدیہ کے پاس ایک کروڑ روپے کی بچت موجود ہے جو کہ ترقیاتی کاموں کے لئے استعمال کی جا سکتی ہے اوراس دوران صوبائی حکومت نے بڑی جدوجہد کے بعد ۲۰ لاکھ روپے کی صوبائی گرانٹ منظور کی جو کہ بلدیہ کے اکاؤنٹ میں آچکی ہے اس کے لئے کئی مرتبہ ڈپٹی کمشنر اور کمشنر سے میں نے رابطے کئے تب جا کر گرانٹ ملی۔

میرے دور میں بلدیہ کے تمام تعلیمی اداروں اور بلدیہ کے دفتری عملہ کو یوم صدیق اکبرؓ کے موقع پر عام تعطیل دے دی گئی نیز طلباء کے درمیان حضرت صدیق اکبرؓ اور حضرت امیر معاویہؓ کی سیرت پر تقریری مقابلے منعقد کرائے جائے گئے۔ کاروان ناموس صحابہ رحیم یار خان سے چل کر جب جھنگ پہنچا تو میں نے اور میرے کونسلروں نے اس کا فقید المثال استقبال کیا۔ اور تالاب کمیٹی میں ایک شاندار جلسہ منعقد کرایا ضلعی انتظامیہ کی زبردست رکاوٹوں اور لاٹھی چارج کے باجود ٹوبہ روڈ ریلوے پھاٹک سے تالاب کمیٹی تک لوگوں کے جم غفیر کی وجہ سے دو گھنٹے میں جلوس پہنچا۔

معذرت

سابقہ شمارہ میں کتابت اور پیسٹنگ کی غلطیوں کی وجہ سے صفحات کی ترتیب غلط ہوگئی تھی۔ نیز مولانا مجاہد الحسینی صاحب کے مضمون " حضرت عثمانؓ دنیا اور آخرت کے کامیاب تاجر " میں ایک روایت حضرت علیؓ کی بجائے حضور اکرمؐ سے منسوب ہوگئی جو کہ کتابت کی غلطی تھی۔ اس پر ادارہ مولانا مجاہد الحسینی اور دیگر قارئین سے معذرت خواہ ہے اور اللہ تعالیٰ سے بھی معافی کا طلبگار ہے۔

موجودہ مجلس منتظمہ کو رسالہ کا چارج مئی کے آخر میں ملا ہے۔ اس طرح مئی کا شمارہ تو کجا جون کا شمارہ بھی جون کے شروع میں شائع کرنا ممکن نہ تھا۔ مئی، جون کے مشترکہ شمارہ کی ترسیل سے جون کے آخر میں فارغ ہوئے اور اس طرح جولائی کا شمارہ جولائی کے آخر سے قبل ممکن نہ تھا۔ اس طرح قارئین کو ہر ماہ کے آخر تک انتظار کرنا پڑا۔ چنانچہ موجودہ شمارہ کو صرف چند روز اور موخر کر کے جولائی اور اگست کا مشترکہ شمارہ بنا کر اگست کے شروع میں شائع کیا جا رہا ہے تاکہ آئندہ ہر ماہ کے پہلے ہفتہ میں رسالہ شائع ہو سکے اور قارئین انتظار کی کوفت سے بچ سکیں۔ قارئین سے خصوصی دعاؤں کی درخواست ہے۔

اہم اطلاع

انشاء اللہ آئندہ شمارہ میں بلدیہ جھنگ کے موجودہ چیئرمین حاجی منیر احمد شاہد کاانٹرویو شائع کیا جائے گا۔ (ادارہ)

Scanned with Ca

تعزیہ کی شرعی و تاریخی حیثیت

محمد شعیب قریشی، ایبٹ آباد

اللہ تعالیٰ کا یہ آخری صحیفہ جو آخری پیغمبر سید الرسل حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اتار اگیا اس میں اصولاً ہر مسئلہ پر رشد و ہدایت کی تعلیم موجود ہے۔ ہمارے متنازعہ مسائل اور اختلافات کو حل کرنے والا سب سے معتبر قاضی یہی کتاب اللہ ہے اس سے اوپر کی عدالت ہی کوئی نہیں۔ آیئے دربار قرآن سے فیصلہ کرالیں کہ آیا مال جان عزت اولاد احباب اور بزرگوں پر مصائب و آلام نازل ہونے پر صبر جمیل اور سکوت اختیار کرنا چاہئے۔ یا رونا پیٹنا آہ وفغاں یاتعزیہ کرنا چاہئے۔ لفظ صبر اور صابر وغیرہ کا استعمال قرآن پاک میں تقریباً ۱۰۰ مرتبہ آیا ہے۔ صبر کے لغوی معنی بند ہو جانا جم جانا اور رونے پیٹنے سے رکنا ہیں۔ اس صبر کے باب میں ہم صرف ۴۳ دلائل پر اکتفا کرتے ہیں اگرچہ مومن کے لئے قران کا ایک لفظ ہی کافی ہے۔ ترجمہ شیعہ مولوی مقبول کا ہے

واستعینوا بالصبر والصلاۃ (بقرہ۵)

اور تم اللہ سے مدد مانگو صبر اور نماز کے ذریعے (بقرہ)

یاایھاالذین امنو استعینوا بالصبر والصلواۃ ان اللہ مع الصابرین۔ (پ۲ ع۳)

اے ایمان والو! صبر و اور صلواۃ کے ذریعے مدد مانگو بے شک اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔

ولا تقولو لمن یقتل فی سبیل اللہ اموات بل احیاء ولکن لاتشعرون (ایضاً)

اور جو لوگ راہ خدا میں قتل کئے جائیں ان کو مردہ نہ کہو بلکہ وہ زندہ ہیں اور لیکن تم نہیں سمجھتے۔

ولنبلونکم بشی من الخوف والجوع و نقص من الاموال والانفس الثمرات بشر الصبرین۔ (ایضاً)

اور پھلوں کے نقصان سے آزمائیں گے (اور اے پیغمبر) ان صبر کرنے والوں کو خوشخبری سنا دو جو مصیبت پڑنے کے وقت یہ کہتے ہیں کہ بیشک ہم اللہ ہی کے ہیں اور ہم اسی کے حضور پلٹ کر جانے والے ہیں۔

اولئک علیھم صلوات من و بھم ورحمتہ واولئک ھم المھتلون (ایضاً)

یہی وہ لوگ ہیں جن پر ان کے پروردگار کی جانب سے صلواۃ اور رحمت ہے اور یہی ہدایت یافتہ ہیں۔ ان متصل چار آیتوں میں شہداء کے متعلق ہمیں تعلیم یہ دی گئی ہے کہ ان کو نہ مردہ جانو نہ مردوں کا سلوک کرو بلکہ درحقیقت وہ زندہ ہیں مگر ان کی زندگی تیجا دسواں' برسی منانا' تعزیہ کرنا' ضریح اور قبر کی تشبیہ بنانا۔ ماتم کی مجلس منعقد کرنا۔ اس کے لئے جائے مخصوص بنانا اور چٹائی پھوڑی بچھانا وغیرہ۔ امور بطور دلالت اس آیت کے ناجائز ٹھہرے کیونکہ قدیم وجدید عرف عام میں یہ سب ماتمیں مردوں لے ساتھ خاص ہیں اور شہید کو مردہ کہنایا مردوں کا سا سلوک کرنا روا نہیں۔

والصبرین فی البلساء والضراء وحین البلس

اور تنگدستی میں اور بیماری میں اور لڑائی میں صبر کرنے والے ہوں۔ (۲۶۳)

وبناافرغ علینا صبرا و ثبت اقدامنا (پ۲ ع۱۶)

اے ہمارے پرور دگار! ہم کو پورا صبر عنایت فرما اور قدم جمائے رکھ۔ (ایضاً)

فما وھنو لمااصابھم فی سبیل اللہ وما ضعفووما استکانو واللہ یحب الصابرین۔ (پ ۴ ع۶)

پھر خدا کی راہ میں جو مصیبت ان پر پڑی نہ اس سے انہوں نے ہمت پست کی نہ بوداپن ظاہر کیا اور نہ دشمن کے آگے گڑگڑائے اور اللہ صبر کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔

بلی ان تصبرواوتتقو ویاتو کم من فورھم (ایضاً) (پ۴ ع۴)

ہاں اگر تم صبر کرو اور نافرمانی سے بچو اور دشمن تمہیں یکایک آلیں (تو اللہ کی مدد آئے گی)۔

وان تصبرو تتقوافان ذالک من عزم الامور (پ۴ ع۱۰)

اور اگر تم صبر کرو گے اور پرہیز گار ہوں گے تو یہی تو پختگی کے کاموں میں سے (ایک بات) ہے۔

یاایھاالذین امنو اصبرو وصابرو (پ۴ ع۱۱)

اے ایمان والو صبر کرو اور ایک دوسرے کو صبر دلاؤ۔

Scanned with Car

فصبروا علی ما کذبوا واوذوا حتی اتٰھم نصرنا (پ ۷ ع ۱۰)

پس انہوں نے اپنے جھٹلائے جانے اور تکلیف دیئے جانے پر صبر کیا جب تک ان کے پاس ہماری مدد نہ آئی۔

قل موسی لقومہ استعنو باللہ واصبرو (پ ۹ ع ۵)

موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم سے فرمایا تم اللہ سے مدد مانگو اور صبر کرو۔

واصبروا ان للہ مع الصابرین۔ (پ ۱۰ ع)

اور تم صبر کرو بے شک اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔

واصبرو فان اللہ لایضیع اجرالمحسنین (پ ۱۲ ع ۱۰)

اور صبر کرو بے شک اللہ نیکو کاروں کے اجر کو ضائع نہیں فرماتا۔

قل بل سولت لکم انفسکم امراً فصبر جمیل واللہ المستعان علی ماتصفون (پ ۱۲ ع ۱۳)

بلکہ کسی بڑی کارروائی پر تمہارے نفسوں نے ورغلا کر تم کو آمادہ کیا لہٰذا صبر بہتر ہے اور جو کچھ تمہارا بیان ہے اس کے متعلق خدا ہی سے مدد مانگتا ہوں۔

ماتمی فرقہ کا یہ کہنا کہ حضرت یعقوب علیہ اسلام نے لخت جگر کی جدائی پر رونا پیٹا اور ماتم شروع کیا۔ اور افترا برپیغمبر ہے۔ بلکہ آپ نے بنص قرآنی صبر جمیل اختیار فرمایا نہ صرف شکائت زبان پر لائے نہ آواز سے روئے اور نہ بین کیا البتہ دبند جگر میں پیوست ہو گیا آنکھیں اس کے اثر سے سفید ہو گئیں تو کبھی کبھی جناب الٰہی میں یوں فریاد کرتے۔

انما اشکو بثی وحزنی الی اللہ

کہ میں اپنی پریشانی اور رنج و غم کی شکائت خدا ہی سے کرتا ہوں" (پ ۱۳ ع ۴) رب تعالیٰ سے مناجات میں اظہار حزن اور غم کا بوجھ اس کے سپرد کرنے کی شرعاً اجازت ہے۔ عوام کے سامنے رونے پیٹنے اور ماتمی جلوس نکالنے کی سنت حضرت یعقوب علیہ اسلام نے نہیں بتائی۔ ہم نے شیعہ سے نہیں سنا کہ وہ ہروقت بغیر ایام مخصوصہ محرم، غم حسین" میں ڈوبے رہتے ہوں اور آنکھیں سفید کر دی ہوں۔ شیعہ مولوی مقبول اس جگہ حاشیہ پر لکھتے ہیں کہ صبر جمیل وہ ہے جس میں آدمیوں کے سامنے کوئی شکوہ و شکائت نہ کی جائے۔

الذین صبروا وابتغاء وجہ ربھم (پ ۱۳ ع ۹)

اور جن لوگوں نے پرور دگار کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے صبر کیا۔

سلام علیکم بما صبر تم فنعم عقبی الدار (پ ۱۳ ع ۹)

بعوض تمہارے صبر کرنے کے تم پر سلامتی ہو دیکھو تمہارا انجام کار کیسا اچھا ہوا۔

ولنصبرن علی ماآذیتمونا (پ ۱۳ ع ۱۴)

اور جو تکلیف تم ہم کو پہنچاتے ہو ہم ان پر ضرور صبر کریں گے۔

سواء علینا اجزعنا ام صبرنا (پ ۱۳ ع ۱۵)

ہمارے لئے دو حالتیں برابر ہیں خود ہم روئیں پیٹیں یا صبر و سکوت اختیار کریں

الذین صبروا وعلی ربھم یتوکلون (پ ۱۴ ع ۱۲)

وہ لوگ جنہوں نے صبر کیا اور جو لوگ اپنے رب پر بھروسہ رکھتے ہیں۔

ولنجزین الذین صبروا اجرھم باحسن ماکانو یعملون (پ ۱۴ ع ۱۹)

اور جن لوگوں نے صبر کیا اور اس کا اجر ہم ضرور اس سے کہیں بہتر عطا کریں گے جیسے کہ وہ عمل کیا کرتے تھے۔

ثم ان ربک الذین ھاجرو امن بعد مافتنو اثم جاھدوا وصبرو ان ربک من بعدھا لغفور رحیم (پ ۱۴ ع ۲۰)

پھر ضرور تمہارا پرور دگار ان لوگوں کے واسطے جنہوں نے آزمائے جانے کے بعد اپنے گھر چھوڑ دیئے پھر جہاد کیا اور صبر کیا۔

واصبر وماصبرک الا باللہ (پ ۱۴ ع ۲۲)

اور اے رسول صبر کرو اور تم سے صبر نہ ہو گا مگر اللہ ہی کی مدد سے۔

قل ستجد نی ان شاء اللہ صابراً ولااعصی لک امراً (پ ۱۵ ع ۲۱)

موسیٰ علیہ الصلوٰۃ السلام نے عرض کی کہ اگر اللہ نے چاہا آپ مجھے صبر کرنے والا ہی پائیں گے اور میں کسی معاملہ میں آپ کی نافرمانی نہیں کروں گا۔

واسماعیل وادریس وذالکفل کل من الصابرین۔ (پ ۱۷ ع ٦)

اور اسمٰعیل اور ادریس اور ذوالکفل ان میں ہر ایک صبر کرنے والا تھا۔

والصابرین علی مااصابھم (پ ۱۷ ع ۱۲)

(بشارت دو ان کو) کہ جو مصیبت ان پر پڑتی ہے اس پر صبر کرنے والے ہیں۔

انی جزیتھم الیوم بماصبروا انھم الفائزون۔

آج جیسا کہ انہوں نے صبر کیا تھا ان کو میں نے جزاء دی کہ وہ کامیاب ہیں (پ ۱۸ ع ٦)

یہی وہ لوگ ہیں جن کو بوجہ اس کے کہ انہوں نے صبر کیا دوہرا اجر دیا جائے گا۔

Scanned with Cam

ان فی ذلک لایات لکل صبار شکور(پ۲۱ ع ۱۳)

بے شک ہر صبر کرنے والے اور شکر کرنے والے کے لئے اس میں بہت سی نشانیاں ہیں۔

ومایلقھا الاالذین صبروا وما یلقھا الا ذوحظ عظیم(پ۲۴ ع۱۹)

اور اس خصلت (بدی کا دفعیہ اچھائی سے کرنا) کے قبول کرنے کی توفیق سوائے ان لوگوں کے جنہوں نے صبر کیا ہے۔ اور کسی کو نہیں ملے گا۔

ولمن صبر و غفروا ان ذلک لمن عزم الامور(پ۲۵ ع۵)

اور البتہ جو صبر کرے اور بخش دے تو اس میں شک نہیں کہ یہ معاملہ کی پختگی میں داخل ہے۔

ولنبلونکم حتی نعلم المجاہدین منکم والصابرین ونبلوا اخبار کم(پ۲۶ ع۸)

اور ہم تمہاری آزمائش ضرور کریں گے۔ یہاں تک کہ ہم میں سے جہاد کرنے والوں کو سمجھ لیں اور صبر کرنے والوں کو سمجھ لیں اور تمہاری خبروں کو جانچ لیں۔

فاصبرلحکم ربک ولا تکن کصاحب الحوت (پ۲۹ ع۴)

اب تم اپنے پرور دگار کے فیصلہ کے انتظار میں صبر کرو اور مچھلی والے کے مانند نہ ہو جانا۔

فاصبر صبر" جمیلا" (پ۲۹ ع۷)

اور لوگ جو کچھ بھی کہتے ہیں اس پر صبر کرو اور ان کو خوبی کے ساتھ چھوڑ بیٹھو۔

وجزاھم بماصبرواجنتہ وحریرا" (پ ۲۹ ع ۱۹)

اور جیسا کہ انہوں نے صبر کیا اور اس کے عوض میں ان کا بدلہ جنت اور ریشمی لباس ہیں۔

ثم کان من الذین امنواوعملو الصلحت وتوا صوابالصبر وتوا صوابالمرحمتہ(پ۳۰ بلد)

پھر وہ ان لوگوں میں سے ہوتا جو ایمان لائے ہیں اور ایک دوسرے کو صبر کرنے کی تاکید کرتے رہتے ہیں اور ایک دوسرے کو رحم کرنے کی تاکید کرتے رہتے ہیں۔

الاالذین امنوا وعملو الصلحت وتواصوابالحق وتواصوابالصبر(پ ۳۰ عصر)

(انسان خسارے میں ہے) سوائے ان لوگوں کے جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے اور ایک دوسرے کو حق کی پیروی کی تاکید کرتے رہے اور ایک دوسرے کو صبر کی وصیت کرتے رہے۔

حرمت تعزیہ پر صریح آیات

وان عاقبتم فعاقبو بمثل عوقبتم بہ ولئن صبرتم لھو خیرللصابرین اور اگر بدلہ تو اتنا ہی بدلہ لو جتنی کہ تم پر سختی کی گئی اور اگر صبر کرو تو وہ صبر کرنے والوں کے لئے بہت ہی اچھا ہے۔

واصبر وماصبرک الا باللہ ولاتحزن علیھم

اور اے رسولؐ صبر کرو اور تم سے صبر نہ ہو گا۔ مگر اللہ ہی کی مدد سے (شہدائے احد) کے متعلق رنج نہ کرو۔

یہ دونوں آیتیں بالاتفاق مفسرین' غزوہ احد کے متعلق نازل ہوئی ہیں۔ ۷۰ پروانہائے شمع محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کے دفاع اور اعلاء کلمتہ اللہ کے لئے کفار کی تلواروں اور نیزوں سے حضور علیہ الصلوۃ والسلام کے سامنے خاک و خون میں تڑپ گئے حتی کہ آپ کے چچا مبارک سید الشہداء حضرت حمزۃ رضی اللہ عنہ بھی انتہائی بے دردی سے شہید کئے گئے۔ ناک کان کاٹ کر آپ کا مثلہ کیا گیا۔ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم پر غم کا پہاڑ ٹوٹا فرط اور جوش انتقام سے فرمایا اگر اگلے سال ہمیں کفار پر غلبہ نصیب ہوا تو ہم ان کے ۷۰ آدمیوں کے ساتھ یہ سلوک کریں گے تو آیت کریمہ نے آپؐ کی آتش غم و انتقام پر رحمت کا پانی چھڑکا۔ صرف بالمثل انتقام کی اجازت ملی پھر صبر کو بہترین فرمایا۔ شہداء پر غم کھانے کو ممنوع قرار دیا اگر نالہ و غم اور تعزیہ وغیرہ کی اسلام میں قدرے بھی گنجائش ہوتی تو کبھی بھی قرآن کریم آپؐ کے انتہائی جذبات پر قدغن نہ لگاتا بلکہ غم اور سوگ منانے کی اجازت دیتا مگر جب تین دن سے زیادہ سید الشہداء پر رونا ممنوع ہو گیا (سیرت ابن ہشام) چالیسواں یا سالانہ برسی اور تعزیہ کا تو عہد نبویؐ میں تصور ہی نہ تھا۔ تو آپؐ کے مہکتے پھول حضرت حسینؓ اور آپ کے ساتھیوں کا غم منانے' تعزیہ کرنے کی بھی اسلام میں گنجائش نہیں چہ جائیکہ تعزیہ کی رسومات کو بنیاد بنا کر بدعات کا قلعہ تعمیر کرلیا جائے۔

ولا یعصینک فی معروف فبایعھن واستغفرلھن اللہ(پ۲۸ ع ۸)

اور کسی نیکی میں تمہاری نافرمانی نہ کریں تو ان کی بیعت قبول کر لو اور ان کے حق میں خدا سے مغفرت مانگو۔

یہ سورت ممتحنہ کی اس آیات کا آخری ٹکڑا ہے" کہ اے نبیؐ! جب تمہارے پاس ایمان والی عورتیں بیعت ہونے آئیں تو ان شرائط پر ان سے بیعت لیں کہ وہ کسی چیز کو اللہ کا شریک (درذات و صفات) نہ بنائیں گی(مثلاً جن' فرشتہ' پیر پیغمبر' شہید اور مقبول خدا کی یاد

Scanned with Cam

گاریں جن میں ہمسر، بت، تعزیہ، علم دلدل، ضریح تبح، درخت، پتھر، مٹی کی تکیہ وغیرہ شامل ہے)

۲۔ کسی چیز کو چوری نہ کریں گی۔

۳۔ اور زنا نہ کریں گی۔

۴۔ اور اولاد کو قتل نہ کریں گی۔

۵۔ ازخود کسی پر بہتان والزام نہ تھوپیں گی۔ اور کسی بھی نیکی میں آپ کی مخالفت نہ کریں گی۔

آیات مذکورہ کا خلاصہ =

مندرجہ بالا تمام آیات سے معلوم ہوتا ہے کہ جب ہماری پیاری اور محبوب چیز ختم ہو جائے تو ہمیں اس پر صبر کرنا چاہئے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی شہداء پر صبر کرنے کا فرمایا گیا اور حزن وملال سے منع کیا گیا اور تین دن سے زیادہ کسی صحابی پر آنسو نہیں بہائے گئے۔ ان آیات سے یہ بات عیاں ہوگئی کہ تعزیہ کرنا جائز نہیں۔ کیونکہ ان شبہات کے دیکھنے سے غم تازہ ہوتا ہے۔ اور شیعہ بے صبری کا مظاہرہ کرتے ہوئے رونا پیٹنا شروع کر دیتے ہیں جو کہ جائز نہیں۔ قرآن ہمیں تعزیہ کرنے کی بجائے صبر کرنے کا حکم دیتا ہے۔

تعزیہ بدعت ہے =

بدعت کا لفظ بدع بدعا "نئی اور انوکھی چیز ہونا" سے ماخوذ ہے گو ازروئے لغت ہر نئی چیز اور نئی بات کو بدعت کہا جاتا ہے۔ مگر اصلاح شرع اور عرف مذہبی میں بدعت کا لفظ مذموم معنوں میں ہی استعمال ہوتا ہے مذکورہ بالا ارشادات پیغمبرؐ سے بدعت کی تعریف یہی مستنبط ہوتی ہے کہ ہر وہ قول یا عمل جس کا ثبوت کتاب اللہ حضرت پیغمبر اور ارشادات صحابہ سے نہ ہو اور محض اپنی رائے سے ایجاد کر کے قابل ثواب اور جزو دین سمجھ کر اس کی اتباع کی جائے تو وہ بدعت ہے سنی و شیعہ علما بھی تقریباً اسی مفہوم پر مشتمل تعریف کرتے ہیں۔ کہ

بدعت ہر وہ کام ہے جس کی اصل ادلہ شرعیہ سے ثابت نہ ہو یا عہد رسول عہد صحابہ وعہد تابعین میں باوجود متقضی کے اس کا ثبوت نہ پایا جاتا ہو مگر اسے دین سمجھ کر کیا جائے۔

علماء کی تعریفات لکھنے کی حاجت نہیں۔ یہاں صرف جدید نسیم اللغات اردو سے تعریف نقل کی جاتی ہے۔ اور ضخیم مجموعہ لغت وادب کے مرتبین سید مرتضیٰ حسین فاضل لکھنوی، سید قاسم رضا نسیم امروہوی، آغا محمد باقر نبیرہ آزاد ہیں۔ تینوں مذہب شیعہ کے مستند عالم و ادیب ہیں اس ادب و لغت کی کتاب میں بھی انہوں نے اپنے مذہب کی اشاعت پر اور موید اہل سنت امور سے احترازم پر کمال زور و تعصب ثابت کر دکھایا ہے۔ خیران شیعہ ادباء نے "بدعت" کے تحت یہ ترجمہ وتعریف کی ہے۔

"مذہب میں کوئی ایسی نئی بات نکالنا جس سے اصول میں فرق پڑتا ہو۔ حرام، ناجائز کفر، رخنہ، ظلم، ایجاد اور جھگڑا ہے۔

وہی مذہب ہے اپنا بھی جو قیس وکو ہکن کا
تھا نئی راہ افتراء ہے کب بھلا مومن نے بدعت کی (نسیم اللغات صفحہ ۳۹ مطبوعہ شیخ غلام علی لاہور)

تو مندرجہ بالا شیعہ علماء کی تعریف کی بناء پر تعزیہ بدعت ٹھرا کیونکہ اس کا ثبوت خیرالقرون کے علاوہ شیعہ کے اماموں کے ادوار میں بھی نہیں ملتا۔

تعزیہ شرک ہے =

شہدائے کربلا کی یاد گاروں (یعنی تعزیہ) کے ساتھ تقدس و تقرب کا وہی طریق کار شیعوں نے اپنایا ہوا ہے جو قریش مکہ اپنے بزرگان اسلام کی یاد گاروں کے ساتھ کیا کرتے تھے۔ مثلاً ابراہیم علیہ السلام شہید مظلوم کا بت ہبل نامی کعبہ کی چھت پر رکھا گیا تھا اور نعرہ یا ہبل انصرنا لگایا جاتا تھا۔ حضرت ابراہیم اسماعیل علیہما السلام کے مجسمے کعبہ شریف میں نصب تھے۔ اور ان سے بھی مدد مانگا کرتے تھے۔ بعینہ شیعہ حضرت حسین رضی اللہ عنہ کے روضہ اقدس کی شبیہہ اور ان کے گھوڑے کی طرف منسوب ایک گھوڑا تیار کر کے (جسے یہ تعزیہ کہتے ہیں) یا علی مدد کے ساتھ ساتھ یا حسینؓ مدد کے نعرے لگاتے اور ورد کرتے ہوئے جلوس نکالتے ہیں۔ قرآن میں اللہ نے ایسے ہی مجسموں اور شبیہوں کو صنم اور وثن سے تعبیر فرمایا ہے کیونکہ شرک کی ابتداء ہمیشہ ان مجسموں، شبیہوں اور قبروں سے ہوئی ہے۔ کیونکہ یہ مجسمے اور شبیہات نیک اور اولیاء اللہ کی طرف منسوب ہوتے ہیں جس کی وجہ سے ان کی تعظیم کی جاتی ہے بندوں اور اللہ تعالیٰ کے درمیان ملاپ کا ذریعہ سمجھے جاتے ہیں۔ اور ان محبوبان الٰہی کی یاد گاروں کو سامنے رکھ کر ان کو حاضر و ناظر اور عالم الغیب جان کر ان کی یاد گاروں کے آگے جھکتے دعائیں مانگتے، چومتے نذر و نیاز دیتے اور قربانی چڑھاتے ہیں اولاد مانگتے اور منتیں مانگتے ہیں جو کہ ازروئے قرآن اور حدیث واضح شرک ہے اور مندرجہ

Scanned with Ca

بالا تمام باتیں بدرجہ اتم شیعوں کے تعزیہ کے اندر موجود ہیں اور شیعہ انہیں پوجتے اور انہیں نفع و نقصان کا مالک سمجھتے ہیں۔کہ

و یعبدون من دون الله مالا یضرھم ولا ینفعھم ویقولون ھولا شفعاء ناعندالله قل اتنبون الله بمالا یعلم فی السموات ولا فی الارض سبحانه و تعالی عمایشرکون (یونس ع ۲)

وہ اللہ کو چھوڑ کر ان کو پوجتے ہیں جو ان کو نہ کوئی ضرر پہنچائیں اور نہ کوئی نفع بخشیں اور کہتے ہیں کہ یہ خدا کے پاس ہمارے سفارشی ہیں۔ تم یہ کہہ دو کہ تم خدا کو اس چیز سے آگاہ کرتے ہو جسے وہ آسمان میں جانتا ہے اور نہ زمین میں اور جن چیزوں کو وہ اس کا شریک ٹھہراتے ہیں اس کی ذات اس سے منزہ اور بلند ہے۔

(ترجمہ شیعہ مقبول)

الحاصل مشرکین مکہ اور خاندان نبویؐ کے کافر قریش کے شرک کی حقیقت یہی تھی کہ اللہ کے نیک بندوں کی یادگاریں بناتے، تعظیم بجا لاتے، دعا مانگتے، اولاد اور حاجات طلب کرتے۔ منتیں مانتے، چڑھاوے دیتے، چومتے، جھکتے، اور پیشانی ٹیکتے مشکلات کے وقت ان کے آگے روتے دھوتے تھے۔ ان کو حاضر و ناظر عالم و الغیب، متصرف در کائنات اور مشکل کشا جانتے تھے۔ اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی کو غیراللہ کی پرستش اور عبادت قرار دیا ہے اور یہ بھی بتایا ہے کہ وہ خدا کو سب سے بڑا معبود مانتے ہیں اور مقربین (ان کی یادگاروں) کی اس عبادت کو اللہ کی عبادت و تقرب اور سفارش کا ذریعہ جانتے تھے۔ بالکل اسی طرح تعزیہ میں شیعہ اللہ کے نیک بندوں حضرت حسینؓ سے اپنی عقیدت کا اظہار کرتے ہیں۔ اور منتیں مانتے اور ان کے آگے روتے ہیں۔ اسی کو اللہ نے شرک و کفر قرار دیا ہے۔ ہر صنعت و حرفت اور فن کے سانچے ڈیزائن اور نمونے بدلتے ہیں مگر حقیقت نہیں بدلا کرتی۔ اب اگر مقرب بزرگوں کی یادگاریں، مجسم صورت اور بت کی شکل کی نہیں بنائی جاتی۔ بلکہ قبر، تعزیہ، روضہ، ضریح، ذوالجناح، علم، تابوت، تخت، اور براق، (ان کی تفصیل آگے آرہی ہے) کی شکل میں اپنے ہاتھ سے بنائی جاتی ہے اور اس کے ساتھ وہ تمام امور بالا کئے جاتے ہیں۔ یا جاہل سنی انہی عقائد کے ساتھ بزرگان دین کے مزارات، عبادت گاہوں یا اور یادگاروں پر جاتے ہیں تو ان کے شرک ہونے میں شک و شبہ باقی رہ جاتا ہے۔ کیا شرک صرف انسانی مجسمہ و بت کے ساتھ ہی خاص ہے؟ پھر کیوں قرآن پاک نے فرشتوں، پیغمبروں، خصوصاً حضرت عزیز، عیسیٰ و موسیٰ علیہم السلام کے متعلق مذکورہ بالا عقائد و افعال بجا لانے والوں کو صراحتہً مشرک اور کافر کہا ہے اور ہمیشہ ہمیشہ جہنم کی بشارت دی ہے۔ الغرض انبیاء کرام کی تعلیمات و سنن سے بے خبر انسان بڑا بھولا ہے۔ وہ غیر شعوری طور پر شرک کرتا ہے، علماء شیعہ، علماء بدوپیران و سوء ان سادہ لوحوں سے خوب شرک کرتے ہیں اور سمجھنے سمجھانے کا موقع ہی نہیں دیتے۔ کلام اللہ پڑھ کر شرک کی تردید کرنے والوں اور سنت پیغمبر کے فرمانبرداروں کو ناصبی، وہابی اور گستاخ مشہور کرتے ہیں۔ یہ شیعہ قریش کے پیرو کار اور ابو طالب کے ایمان کے دعویدار وہی پرانا مذہب رکھتے ہیں۔

بدل کے بھیس آتے ہیں زمانے میں لات و منات شیعہ انبیاء کرام کی مقدس سیرتوں سے مسئلہ تعزیہ کو اجاگر کریں یا کم از کم آئمہ اہل بیت کرام کے ارشادات صریح پیش کریں اور ان ارشادات پر ان کا عمل تواتر سے ثابت ہو کہ وہ ہر سال صرف عشرہ محرم میں ماتمی مجالس قائم کرتے تھے، سینہ کوبی و نوحہ خوانی کرتے تھے۔ تعزیہ اس کی شبیہہ، ضریح و علم بناتے تھے۔ یا ذوالجناح کا جلوس نکالتے تھے اور لوگوں سے ان چیزوں کی تعظیم کرواتے تھے۔ نیز دسواں بیسواں چہلم وغیرہ رسومات معینہ کرتے تھے۔ اگر کتب صحاح اربعہ شیعہ میں ان چیزوں کا حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اور آئمہ اہل بیت سے (معاذ اللہ) صحیح ثبوت ہو تو بے شک شیعہ حضرات اپنے مخصوص حلقوں اور حدود میں شب و روز اسی میں مصروف رہیں اور تحفظ تعزیہ کی بھی رٹ لگاتے رہیں دعا ہے کہ اسی محبوب مشغلہ میں دنیا میں ان کا خاتمہ اور آخرت میں بعثت ہو۔

لیکن اگر قرآن و حدیث نبویؐ اور حضرات اہل بیتؓ کے ارشادات میں اور ان کی پاکیزہ سیرتوں میں ذرہ بھر بھی اس کا ثبوت نہ ہو اور نہ ہی ثبوت ممکن ہے تو ہم اہل تشیع کے لیڈران اور مجتہدین سے اہل بیت کرامؓ کے نام پر ہی اپیل کرتے ہیں کہ اگر انہی میدان محشر کی سخت گرمی کے وقت چہار معصومین (ا شیعہ) کی موجودگی میں بدرگاہ ذوالجلال میں پیشگی کا یقین ہے تو خدارا اسلام پر، اور اس کی آل اولاد پر یہ اتہام ہرگز نہ لگائیں ان کا دامن مبارک ان بدعات سیئہ اور خصال جاہلیہ سے پاک ہے۔ نیز

Scanned with CamScanner

حضور اکرمؐ کے اس اس فرمان کو مدنظر رکھیں کہ

من کنب علی متعمد فلیتبواء معقده من النار(مشکوۃ)

جس نے میری طرف عمداً غلط بات منسوب کی۔ پس وہ اپنا ٹھکانہ جہنم بنالے (اوکما قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم نیز عوام اور ارباب اقتدار کو بھی یہ دھوکہ دیتے ہیں کہ یہ تعزیہ یا عزاداری محرم ہمارا مذہبی شعار ہے ۔اس کا قانونی تحفظ ہونا چاہئے۔ اور مطلقاً ہر جگہ ہمیں بجا لانے کی اجازت ہونی چاہئے۔ مگر نہ یہ اسلام ہیں نہ اسلام کی تعلیم سے ہیں ان کو جزو اسلام ماننا دراصل اسلام محمدی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا کفر و انکار ہے۔ ایسی بدعات و کفریات کو مذہبی شعار جان کر تحفظ یا اشاعت کی اپیل کرنے والوں کو سنگین سزائیں ملنی چاہئیں۔

الغرض جس شخص کے دل میں ذرہ بھر بھی سرکا دو عالم حضرت محمد نبی مکرم رسول محترم صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور آپؐ کے اہل بیت کے ساتھ سچی عقیدت و اطاعت ہے یا وہ آئمہ اہل بیت کو واقعی سچا جانتا ہے تو اس کے لئے مندرجہ بالا حقائق کافی ہوں گے۔ ہاں اگر کوئی منافق ہو صرف مسلمانوں میں محفوظ رہنے میں اپنے مفاد کی خاطر قرآن و سنت کا نام لیتا ہے یا اہل بیت سے دعوی الفت' یزید و بنی امیہ سے دشمنی کی خاطر حب علی در بغض معاویہ کا مصداق ہے یا چونکہ اپنے مذہب کی بنیاد انہی رسوم جاہلیہ اور پروپیگنڈہ پر تعمیر شدہ ہے انہیں چھوڑنے پر مذہب شیعہ اور ملت جعفریہ کا وجود تشخص معدوم ہو جائے گا یا پھر ان کی حرمت و بندش تسلیم کرنے سے زعماء قوم اور پیشوایان مذہب کی رونق دوکان ختم ہو جائے گی۔ اور ہر قسم کے فاسق و اوباش کو ٹکٹ جنت نہ ملنے سے شیعہ کی عددی طاقت کم ہو جائے گی۔ ایسی صورت میں سینکڑوں ارشادات صریحہ بر حرمت تعزیہ بھی نقل کر دئے جائیں تو شیعہ بھی سر تسلیم خم نہ کرے گا۔

آیئے اب شیعہ کے چھٹے امام حضرت جعفر صادق سے بھی فیصلہ سن لیں کہ آیا کسی شمات پر رونا پیٹنا یا تعزیہ کرنا چاہئے۔ یا منہ پر مہر سکوت لگا کر صبر کرنا چاہئے۔

"امام جعفر صادق فرماتے ہیں۔ جسے کوئی مصیبت آئے تو وہ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی مصیبت (یوم وفات) یاد کرے کیونکہ وہ عظیم ترین مصیبت تھی۔ (کافی باب التعزی)

عن ابی عبداللہ قال من ذکر مصیبتہ ولو بعد حسین فقال انا للہ وانا الیہ راجعون والحمد اللہ رب العلمین اللھم اجرنی فی مصیبتی واخلف علی افضل منھا کان الھمن الاجر مثل ما کان عند صدقہ (کافی ج ۳ صفحہ ۲۲۴)

امام صادق فرماتے ہیں جو مصیبت یاد کرے اگرچہ کچھ مدت بعد ہو اور دعا پڑھے کہ ہم اللہ ہی کے لئے جیتے ہیں اور اس کی طرف لوٹنے والے ہیں اور سب تعریفیں اللہ پروردگار عالم کے لئے ہیں اے اللہ! مجھے اس مصیبت میں اجر دے اور اسے بہتر بدل دے تو اسے وہی ثواب ملے گا۔ جو پہلے والا تھا۔

تو ثابت ہو گیا کہ شیعوں کو امام جعفر صادق کے اقوال پر عمل کرتے ہوئے دس محرم یا اس سے پہلے جب شہداء کربلا کی یاد آئے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کو یاد کریں۔ کیونکہ یہ دنیا کا سب سے بڑا دکھ اور غم ہے۔ جب اس غم کو یاد کر کے صبر کرنے کا حکم دیا گیا تو شہداء کربلا کے دکھ میں تعزیہ کرنا شیعوں نے کہاں سے نکال لیا۔ اپنے امام کی موافقت کرتے ہوئے جب ایک مدت بعد آج بھی اگر ان کو شہداء کربلاء کی مصیبت یاد آئے تو تعزیہ کرنے کی بجائے امام صادق کی بتائی ہوئی یہ دعا

انا للہ وانا الیہ راجعون والحمد للہ رب العلمین اللھم اجرنی فی مصیبتی واخلف علی افضل منھا

پڑھنی چاہئے مگر ہم دیکھتے ہیں کہ اپنے امام کی مخالفت کرتے ہوئے محرم میں یہ شیعہ تعزیہ کے جلوس نکال کر سینہ کوبی کرتے ہیں۔ آیئے دیکھتے ہیں کہ صبر کرنے کی بجائے تعزیہ کے جلوس نکال کر رونے پیٹنے اور سینہ کوبی کے متعلق امام جعفر کیا فرماتے ہیں۔

امام جعفر صادق نے فرمایا =

لاینبغی الصیاح علی المیت ولاشق الثیاب وقال لایصلح الصیاح علی المیت لا ینبغی ولکن الناس لایعرفونہ والصبر خیر۔

(کافی صفحہ ۲۲۶)

میت پر چیخنا بین کرنا اور کپڑے پھاڑنا جائز نہیں۔ میت پر آواز سے رونا جائز نہیں اور نہ مناسب ہے لیکن لوگ اس مسئلہ کو جانتے نہیں حالانکہ صبر ہی بہتر ہے۔

تو بات واضح ہو گئی کہ اہل تشیع کو تعزیہ اور رونے دھونے کی بجائے بہتر چیز یعنی صبر کو

Scanned with CamScanner

اپنانا چاہئے اگر ایسا نہ کریں گے تو بقول امام گنہگار ہوں گے اور حضرت علیؓ فرماتے ہیں ہر مصیبت میں اگر تو صبر کرے تو تجھے ثواب ملے گا۔ گو تقدیر جاری ہو گی اور اگر تو رونے پیٹنے لگے تو تقدیر ہو کر رہے گی۔ ہاں تو صاحب وبال ہو گا۔ (نہج البلاغہ ج ۳ صفحہ ۴۴۴) تعجب ہے کہ آج مذہب شیعہ تعلیم امام کے بالکل برعکس ہو چکا ہے۔ کہ جو مروجہ تعزیئے کے جلوس، میں بے صبری کا مظاہرہ کرتے ہوئے سینہ کوبی کرے گنہگار نہ ہے اور جو یہ سب کچھ کرے وہ صاحب اجر اور گناہوں سے پاک ہو جاتا ہے۔

مجتہدین شیعہ بھی تعزیہ کو حرام کہتے ہیں:

حقیقت و صداقت منہ سے نکل کر ہی رہتی ہے فی الجملہ دیانت دار قسم کے علماء شیعہ میں بھی ایسے ہیں جو ان بدعات کی علانیہ مذمت و تردید کرتے ہی۔ ماضی میں ایک الفت حسین صاحب ذمہ دار شیعہ عالم ہو گزرے ہیں انہوں نے شیعہ کے کفر و شرک کی اصلاح کے لئے ایک کتاب لکھی ہے اس کا نام " تنقیح المسائل" ہے۔ اس کے چند حوالہ جات ملاحظہ ہوں۔

"تعزیہ وغیرہ ہرگز مذہب آئمہ درست نہیں بلکہ بمنزلہ سوانگ ہے"

(تنقیح المسائل صفحہ ۱۷-۱۸)

ماتم حسین (یعنی تعزیہ) پر جو کچھ شیعہ کرتے ہیں یہ سب اسراف ہے سرو سینہ ماتم حسین میں پیٹنا بے فائدہ ہے۔ (ایضاً)

آگے صفحہ ۷۰ پر فرماتے ہیں " شادی قاسم" (جو تعزیہ کی ایک قسم ہے) بے اصل واقعہ ہے"

اور اصلاح الرسوم بکلام المعصوم صفحہ ۲۵۴ پر ہے۔ "تعزیوں کے سامنے شیرنی رکھنا حرام ہے۔ طوق اور زنجیر پہننا حرام ہے۔ علم اور تعزیہ کے سامنے زیارت پڑھنا حرام ہے" (ایضاً صفحہ ۲۹٦)

شیعان پنجاب کے معروف عالم مولانا محمد حسین ڈھکو نے شیعہ کی اکثریت کے شرک و بدعت سے نالاں ہو کر احسن الفوائد اور " عقائد الشیعہ" جیسی ضخیم کتابیں لکھی ہیں اور اکثر مدعیان تشیع کو مفوضہ (جن پر آئمہ نے صریح لعنت فرمائی ہے) اور شیخی العقیدہ بتایا ہے جن کا سرخیل شیخ احمد احسائی تھا اور اس نے غلو سے شرک و بدعت کو اہل تشیع میں رواج دیا اور بہت سے علماء اسلام نے اس کی تکفیر کی ہے۔ چنانچہ اس صاف گوئی سے ملک کے تمام شیعہ بھڑک اٹھے اور اسے وہابی اور گستاخ آئمہ بنا ڈالا۔ موصوف نے "اصلاح المجالس و لمحافل " کے نام سے ایک رسالہ لکھا جو مجالس عزا سے بدعات و منکرات کے ازالہ میں ہمارے ضمیر کی آواز ہے۔ لہٰذا رسالہ مذکورہ کے چند حوالہ جات ملاحظہ فرمائیں۔

عشرت کنیم ز تعزیہ اش ے نہیم نام
حاشا کہ رسم و راہ محبت چنیں بود

(اصلاح المجالس والمحافل)

تعزیہ کی تاریخی حیثیت

آیئے مروجہ تعزیہ کا تجزیہ کر لیں اور اس میں کیا کیا بدعات ہیں اور کیسے معرض وجود میں آئیں ہم اپنے چشم دید یا شنیدہ امور بیان کرنے کی بجائے مستند اور بہتر یہی سمجھتے ہیں کہ ایک شیعہ فاضل کا مضمون جو اس موضوع پر اہم دستاویز ہے۔ ہدیہ قارئین کر دیں۔

شیعی پرچہ ماہنامہ المعرفت حیدر آباد بابت محرم ۱۳۸۹ھ میں مدیر حشمت علی ممتاز الافاضل نے غلام احمد فرقت کاکوروی شیعی کا مندرجہ ذیل مضمون شائع کیا۔

لفظ تعزیہ تعزیت سے نکلا ہے۔ جس کے معنی ماتم پرسی یا مرنے والے پر اظہار رنج و غم کے ہوتے ہیں ا۔ تعزیہ داری کے بارے میں ابھی تک پوری تحقیق و تدقیق کے ساتھ نہیں کہا جا سکتا۔ کہ اس کی ابتداء کہاں سے ہوئی البتہ اس کے آغاز کے بارے میں ایک روایت یہ ضرور ہے کہ سب سے پہلا تعزیہ صاحب قرآن امیر تیمور نے رکھا تھا۔ ار اس کی وجہ یہ بتائی جاتی تھی کہ تیمور کو حضرت امام حسینؓ سے بے حد عقیدت تھی اور وہ ہر سال کربلائے معلی روضہ اطہر کی زیارت کو جاتا تھا۔ ایک سال جنگ وجدال میں وہ اس قدر مصروف رہا کہ وہ زیارت نہ کر سکا۔ چنانچہ اس نے روضہ اقدس کی شبیہہ منگوا کر اس کو تعویذ کی صورت میں بنوا لیا اور اور اس کی زیارت سے تسکین حاصل کر لی۔ بہر حال جہاں عزا داری کا تعلق ہے اسکی ابتداء ایران میں عہد صفوی (نویں صدی ہجری) سے ہوئی اس کے بعد ہندوستان میں جب خاندان تغلق کا زوال شروع ہوا اور سلطنت کا شیرازہ منتشر ہوا تو جنوبی ہندوستان میں ایک حسن گنگو نامی نے بہمنی سلطنت کی بنیاد رکھی حسن گنگو چونکہ ایران کے بہمنی خاندان (شیعہ) سے تعلق رکھتا تھا اس لئے اس

Scanned with Car

کی سلطنت بہمنی کہلائی۔ اس سلطنت کے سلاطین میں شیعہ اور سنی دونوں عقائد کے بادشاہ مصاحبین اور وزراء شامل رہے۔ اس لئے شمالی ہند میں تعزیہ داری رائج ہونے سے پہلے تعزیہ داری کا آغاز ان سے ہوا جب چودھویں صدی (عیسوی) کے آخر میں سلطنت بہمنی کو زوال ہوا اور وہ پانچ چھوٹی چھوٹی سلطنتوں شاہی اور برید شاہی ریاستوں میں عادل شاہی، نظام شاہی، اور برید شاہی ریاستوں میں اکثر شیعہ عقائد کے لوگ گزرے ہیں۔ بالخصوص شاہی سلطنت میں یوسف عادل شاہ اور قلی قطب شاہی سلطنت میں یوسف عادل شاہ اور قلی قطب شاہ نے تعزیہ داری کو باقاعدہ طور پر رواج دیا اور ان ریاستوں میں باقاعدگی کے ساتھ دس روز تک یعنی محرم سے دس محرم تک عزاداری ہوتی تھی اور تعزیئے رکھے جاتے تھے"

ماہنامہ المعرفت حیدر آباد بابت محرم (۱۳۸۹ھ)

تعزیہ کی اقسام

یہ تو تھی تعزیہ داری کی ابتداء اور تاریخ اب جہاں تک تعزیوں کی اقسام کا تعلق ہے اس کی آٹھ قسمیں ہیں جن کی شبیہہ بنا کر واقعہ کربلا کی یاد کو تازہ کیا جاتا ہے۔ یہ قسمیں مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ تعزیہ، ۲ ضریح، ۳ مہندی، ۴ ذوالجناح، ۵ تابوت، ۶ براق، ۷ تحت، ۸ علم

تعزیہ = دراصل لکڑی کی کھپچیوں اور رنگین کاغذ کی مدد سے حضرت حسینؓ کے پورے روضے کی شکل میں بنایا جاتا ہے اس میں بالکل ویسے ہی گنبد اور مینار ہوتے ہیں جیسے روضہ اقدس میں ہیں اور اس کے اندر کاغذ کی دو قبریں ہوتی ہیں۔ ضریح اور تعزیہ میں فرق صرف اتنا ہے کہ ضریح روضے کے آدھے حصے کی شبیہہ ہوتی ہے اور تعزیہ پورے حصہ کی۔ ضریح میں گنبد اور مینارے عموماً نہیں ہوتے مگر اسے بھی تعزیہ کی طرح رکھا جاتا ہے۔

مہندی = اس کی شکل بالکل کشتی نما ہوتی ہے اور یہ ساتویں محرم کو جلوس کی شکل میں نکالی جاتی ہے۔ یہ حضرت قاسم کی شادی کی یادگار کے طور پر منائی جاتی ہے۔

ذوالجناح = اس گھوڑے کی شکل کو کہتے ہیں جس پر بیٹھ کر حضرت حسین رضی اللہ عنہ کفار سے لڑتے تھے۔ اس میں ایک گھوڑے کو باقاعدہ طور پر فوجی گھوڑے کی شکل میں مختلف اسلحہ سے مسلح کیا جاتا ہے اور اس میں گھوڑے کی لگام زرہ بکتر سب چیزیں ہوتی ہیں اور اس کی جھول میں سرخ رنگ کے دھبے ہوتے ہیں جو اس گھوڑے کی یاد تازہ کرتے ہیں جو حضرت حسینؓ کے بعد میدان کربلا سے تنہا واپس ہوا تھا۔ عقیدت مند اس کو بوسہ دیتے ہیں اور باقاعدہ آنکھوں سے لگا کر حضرت حسینؓ سے اپنی عقیدت کا اظہار کرتے ہیں اور منتیں مانتے ہیں۔

تابوت = اس پالنے کی تصویر کو کہتے ہیں جس میں حضرت علی اصغر لیٹے تھے۔ حضرت اصغر، حضرت حسینؓ کے شیر خوار بیٹے تھے جو میدان کربلا میں اشقیا کے تیروں سے شہید ہو گئے اس جھولے میں بھی سرخ رنگ کے دھبے ہوتے ہیں اور اس کے ساتھ بھی ماتم کرتے ہوئے لوگ جلوس کی شکل میں نکلتے ہیں اور واقعہ پر گریہ کرتے ہیں۔

علم = حضرت عباس علیہ السلام کی یاد میں نکالا جاتا ہے جو حضرت حسینؓ کی فوج کے جنرل تھے۔ اور اس واقعہ پر گریہ کرتے ہیں۔

براق = اس کی شکل بھی گھوڑے کے مانند ہوتی ہے۔ اس میں گھوڑے کے دھڑ میں ایک انسانی چہرہ لگا دیا جاتا ہے اور اس کے دو پر ہوتے ہیں اور شاید اس کی یاد دلاتا ہے کہ حضرت حسینؓ شہادت کے بعد اس گھوڑے پر بیٹھ کر جنت تشریف لے گئے تھے۔

تحت = یہ عموماً سنی حضرات (یعنی جاہل نام نہاد قرآن وسنت کی تعلیمات سے بے بہرہ لوگ) نکالتے ہیں اور یہ تحت شہروں کی بجائے قصبات کے لوگ اپنے یہاں رکھتے ہیں اور یہ بھی ساتویں محرم کو حضرت قاسم کی شادی کی یاد تازہ کرتا ہے۔

تعزیہ داری ہندوستان میں ہی باقاعدہ طور پر منائی جاتی ہے۔ اور تقریب کی شکل میں منائی جاتی ہے اور اس میں ہندوستان کے مختلف شہروں اور صوبوں میں مختلف رواج اور دستور ہیں۔

(ماہنامہ المعرفت حیدر آباد بابت محرم ۱۳۸۹ھ)

یہ تھے دنیائے امام باڑہ اور اہل تشیع کے اعمال خاصہ در محرم اور اب ہم پیش کرتے ہیں ایک اقتباس مجاہد اعظم سے جس کے مولف ایک شیعہ عالم ہیں۔

"تعزیئے جس طرح ہندوستان میں ہوتے ہیں کہیں بھی نہیں ہوتے۔ یہاں تک کہ ایران جو شیعوں کا خاص گھر ہے وہاں بھی اس کا رواج

Scanned with Cam

نہیں۔ ہندوستان کے طول و عرض میں ہر جگہ تعزیے بنائے جاتے ہیں اور یہ شیعوں پر ہی منحصر نہیں بلکہ سنی (جہلاء) اور ہندو بھی اس رسم میں شریک ہیں۔ آخر اسکی ابتداء کب ہوئی۔ کس نے اور کیوں کی افسوس اس کے بارے میں تاریخ خاموش ہے۔

(مجاہد اعظم صفحہ ۲۳۳)

یہ تو تھی تفصیل امور تعزیہ کی جس کا موجد تاتاریوں کا مشہور ظالم وسفاک امیر تیمور لنگ تھا۔ (اس کی تفصیل گزر چکی ہے) جسے شیعہ صاحب قرآن (العیاذباللہ) اور بہت بڑی شخصیت جانتے ہیں یعنی تعزیہ داری میں شیعہ کا امام وہادی یہی ہے اور اسی کے نقش قدم پر پوری ملت جعفریہ گامزن ہے قیامت کے دن جب ہر گروہ (نص قرآنی) اپنے امام کے ساتھ جس کی اتباع ہو گی بلایا جائے گا تیمور لنگ اور شیعہ ایک قطار میں ہوں گے۔

بدعتی پر امام صادق کا فتویٰ =

گزشتہ صفحات میں یہ ثابت کیا جا چکا ہے کہ تعزیہ بنانا شرک وبدعت ہے۔ اب ہم مناسب سمجھتے ہیں کہ شرک و بدعت پر شیعوں کے امام صادق کا فتویٰ نقل کر دیا جائے چونکہ شیعہ اس کو رد نہیں کر سکتے۔ یہ حقیقت اظہر من الشمس ہو گئی ہے کہ یہ تعزیہ بدعت و شرک ہے مذہب آئمہ شیعہ سے اس کا کوئی تعلق نہیں۔ اب جو شخص کسی بدعت پر اصرار کرے اس کے بانی کی تعظیم کرے اور پیروی بھی اور لوگوں کو اس کی دعوت بھی دے۔ ایسا شخص امام باقر اور جعفر صادق کے نزدیک مشرک ہے چنانچہ اصول کافی باب الشرک صفحہ ۳۹۷ ج ۲ سے چند احادیث ملاحظہ فرمائیں۔

۱۔ امام باقر سے برود عجلی نے پوچھا آدمی کم از کم کس چیز سے مشرک بنتا ہے۔ تو فرمایا جو گٹھلی کو کہے یہ کنکری ہے یا کنکری کو کہے یہ گٹھلی ہے پھر اس کی بات کی اتباع کرے۔ (یعنی معمولی سی غلطی پر اصرار کرے اور اسے دین بنائے)

۲۔ امام صادق سے ابوالعباس نے پوچھا آدمی کس چیز سے کم از کم مشرک بنتا ہے۔ فرمایا جو ایک رائے اور نظریہ گھڑے پھر اسی پر لوگوں سے محبت رکھے اسی سے (اعراض کرنے پر) لوگوں سے دشمنی رکھے۔

۳۔ امام صادق نے اللہ کے اس ارشاد (**ومایومن اکثرھم باللہ الا وھم مشرکون**) کہ اللہ پر اکثر لوگ یوں ایمان لاتے ہیں کہ اس کے ساتھ شرک بھی کرتے ہیں) کہ تشریح کرتے ہوئے فرمایا کہ آدمی شیطان کی تابعداری میں غیر شعوری طور پر الگ کر شرک کرتا ہے۔

۴۔ امام صادق نے دوسری روایت میں اس سے شرک درعبادت کی بجائے شرک دراطاعت مراد لیا ہے اور ارشاد الٰہی "کہ لوگ اللہ کی عبادت ایک کنارے پر ہو کر کرتے ہیں" کی تفسیر میں آیات ایک (بدعتی) آدمی کے حق میں اترتی ہے اور اس کے (بدعت میں) تابعداروں پر بھی صادق آتی رہتی ہے میں نے کہا کہ ہر وہ شخص اس کا مصداق ہو گا جو آپ کے سوا کسی چیز کو بھی اپنا متقتد اپنالے فرمایا ہاں کبھی ایسا عمل (تعلیم امام کے خلاف غیر کو اپنا نمذار بنانا) خالص شرک ہو گا۔

تعزیہ بنانے والا خارج از اسلام ہے =

بلکہ تعزیہ سازی اور اس سے متعلقہ یادگاروں کے متعلق تمام آئمہ کرام کا بڑا شدید فتویٰ ہے۔ ایسے شخص کو وہ خارج از اسلام کہتے ہیں۔ شیعہ کے ذمہ دار عالم شیخ صدوق من لا یحضرہ الفقیہ میں امام صادق سے راوی ہے۔

من جدد قبرا او مثل مثالا فقد خرج من الاسلام

(الفقیہ صفحہ ۳۸)

جو کوئی قبر پھر سے بنائے یا اس کی تشبیہ وشکل بنائے تو وہ اسلام سے خارج ہے۔

پھر شیخ صدوق اس کی شرح فرماتے ہیں۔

من مثل مثالا انه یعنی به انه من ابدع بدعته و دعا الیها اووضع دینا فقد خرج من الاسلام وقولی فی ذالک قول ائمتی صلوات الله علیهم

(من لا یحضرہ الفقیہ صفحہ ۳۹)

جس نے قبر کی تشبیہ وشکل بنائی مراد عام یہ ہے کہ کوئی بھی بدعت ایجاد کی اور لوگوں کو اس کی دعوت دی یا کوئی نیا مذہب بنالیا تو وہ اسلام سے خارج ہو گیا اس بات میں میں وہی کہتا ہوں جو میرے تمام آئمہ نے فرمایا۔

حرمت تعزیہ و مجسم پر اس سے بڑھ کر کیا صریح فتویٰ ہو گا۔ شیخ صدوق کے زمانے میں تعزیہ کی بدعت ایجاد نہیں ہوئی تھی۔ ورنہ وہ تعزیہ کی اقسام کا فردا فردا رد کرتے۔

Scanned with Cam

اظہار تشکر

حاجی منیر احمد شاہد چیئرمین بلدیہ جھنگ کی رہائی

الحمد اللہ چیئرمین بلدیہ جھنگ حاجی منیر احمد شاہد جو کہ کئی سال سے پس دیوار زنداں تھے اور ان کے خلاف کئی ایک ناجائز لیکن سنگین مقدمات قائم کئے گئے تھے آخر کار اپنی بے گناہی ثابت کرتے ہوئے رہا ہوگئے حاجی منیر احمد شاہد کو عدالت برائے انسداد دہشت گردی فیصل آباد نے دو مرتبہ دو مختلف مقدمات میں ۱۰ سال اور ۸ سال قید کی سزا سنائی تھی۔ لیکن ہائی کورٹ لاہور نے دونوں مقدمات میں باعزت طور پر بری کر دیا ہے۔ سپاہ صحابہؓ کے دیگر کارکنوں کے خلاف بھی اسی طرح ناجائز مقدمات قائم کئے گئے ہیں۔ حکومت کو چاہئے کہ وہ تمام کارکنوں کے خلاف قائم کئے گئے مقدمات فوراً واپس لے کر ان کو رہا کر دے۔

حاجی منیر احمد شاہد چیئرمین بلدیہ جھنگ کو ادارہ ماہنامہ خلافت راشدہ مبارک باد پیش کرتا ہے۔ اور ان سے توقع رکھتا ہے کہ وہ اپنے پیش رو وائس چیئرمین بلدیہ جھنگ (سابقہ چیئرمین) چوہدری سلطان محمود کی طرح بلدیاتی امور میں مشن جھنگوی شہیدؒ کو اجاگر فرمائیں گے اور جھنگ میں سپاہ صحابہؓ کے ذمہ دار احباب خصوصاً مولانا محمد اعظم طارق سے باہمی مشاورت کرتے ہوئے شہر کی زیادہ سے زیادہ بہتر انداز میں خدمت فرمائیں گے حاجی منیر احمد شاہد سے یہ بھی توقع کی جاتی ہے کہ وہ مفاد پرست عناصر سے ہوشیار رہیں گے اور جھنگوی شہیدؒ کے مشن کی مخالفت کرنے والے افراد سے وہی رویہ اختیار فرمائیں گے جس کی جماعت ان سے توقع رکھتی ہے۔

شیخ محمد اشفاق کی رہائی

شیخ محمد اشفاق مرکزی خازن سپاہ صحابہؓ بھی طویل اسارت کے بعد ضمانت پر رہا ہوگئے۔ ان کو پولیس نے بکتر بند کیس میں بلاجواز گرفتار کیا تھا۔ پولیس پہلے دن سے ہی تسلیم کرتی تھی کہ وہ وقوعہ کے وقت جائے وقوعہ سے کافی دور تھا اس کے باوجود اس کو طویل عرصہ تک پس زنداں رکھا گیا۔ مولانا ضیاء الرحمٰن فاروقی اور مولانا محمد اعظم طارق صاحبان کی انتھک اور مخلصانہ کوشش سے آخر پولیس ان کو بے گناہ لکھنے پر مجبور ہوگئی اور عدالت برائے انسداد دہشت گردی فیصل آباد نے ان کو ضمانت پر رہا کر دیا۔

اللہ کی اس کرم نوازی پر جماعت اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتی ہے۔

یکم محرم یوم شہادت فاروق اعظمؓ پر سپاہ صحابہ کے احتجاجی جلوسوں کی رپورٹ

ایم آئی صدیقی

سپاہ صحابہ حکومت پاکستان سے سالوں سے مطالبہ کر رہی ہے کہ خلفائے راشدین کے ایام سرکاری طور پر منائے جائیں اس دن عام تعطیل کی جائے حضرت مولانا حق نواز جھنگوی شہیدؒ کی زندگی میں ہی سپاہ صحابہؓ نے حکومت کی سرد مہری کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے ۲۲ جمادی الثانی کو جو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا یوم وفات ہے کو پورے ملک میں احتجاجی جلوس نکالنے کا فیصلہ کیا تھا جو کہ تاحال ہر سال ہر ضلعی اور تحصیل ہیڈ کوارٹر پر نکل رہا ہے اس کے بعد جماعت نے حضرت مولانا حق نواز شہید کے ہی فیصلہ کے مطابق یکم محرم یوم فاروق اعظمؓ پر احتجاجی جلوس نکالنا شروع کیا۔ سپاہ صحابہؓ کا یہ موقف ہے کہ مذکورہ بالا جلوس کوئی عبادت نہیں ہیں بلکہ حکومت پر دباؤ ڈالنے کے لئے نکالے جاتے ہیں اگر حکومت خود ہی ان ایام کو سرکاری سطح پر منانے کا اعلان کر دے تو یہ جلوس ختم کر دئے جائیں گے۔ سرگودھا شہر اس لحاظ سے مبارک باد کا مستحق ہے کہ وہاں انجمن تاجران سپاہ صحابہ سے تعاون کی بنیاد پر یکم محرم کو دو سال سے تمام مارکیٹیں بند کرنے کا اعلان کر دیتی ہے بلکہ ڈپٹی کمشنر بھی مقامی تعطیل کا اعلان کر دیتا ہے چنانچہ وہاں یکم محرم کو حضرت فاروق اعظمؓ کی سیرت بیان کرنے کے لئے دیگر پروگرام تو منعقد کئے جاتے ہیں لیکن جلوس نہیں نکالا جاتا۔ سرگودھا کے علاوہ پورے ملک میں یوم فاروق اعظم کے جلوس نکالے گئے لاہور میں ایک بہت بڑا احتجاجی جلوس نکالا گیا جلوس کی قیادت مولانا محمد اعظم طارق ایم این اے نائب سرپرست اعلیٰ سپاہ صحابہ صوبائی سرپرست مولانا پیر سیف اللہ خالد مولانا محمد الیاس فاروقی مجیب الرحمن انقلابی نے کی جلوس مسجد شہدا سے شروع ہو کر اسمبلی ہال پر اختتام پذیر ہوا جلوس کے اختتام پر روزنامہ خبریں کی کاپیاں جلائی گئیں۔ کیونکہ اس نے یکم محرم کو حضرت فاروق اعظمؓ پر ایڈیشن شائع نہیں کیا تھا۔ جھنگ میں جلوس جامع مسجد حق نواز شہیدؒ سے شروع ہو کر چوک ریل بازار پر ختم ہوا۔ جلوس کی قیادت چیئرمین بلدیہ حاجی منیر احمد شاہد وائس چیئرمین و صدر شہری تنظیم سپاہ صحابہ جھنگ چوہدری سلطان محمود مولانا عبدالغفور ضلعی صدر سپاہ صحابہ جھنگ نے کی۔ علاوہ ازیں پورے ملک میں یوم فاروق اعظمؓ کے جلوس نکالے گئے۔ جن میں خاص طور سے کراچی' حیدر آباد' ملتان' فیصل آباد' گوجرانوالہ' راولپنڈی' پشاور' خانیوال' بہاولنگر' چیچہ وطنی' ساہیوال' شیخوپورہ' بہاولپور' رحیم یار خان' ٹوبہ ٹیک سنگھ' منڈی بہاؤالدین قابل ذکر ہیں۔ تمام جلوس پرامن نکالے گئے اور مقررین نے حکومت سے خلفائے راشدین کے ایام سرکاری سطح پر منانے ملک کو سنی سٹیٹ قرار دینے اور تحفظ ناموس صحابہ و اہل بیت بل فوری طور پر منظور کرنے کے مطالبات کئے۔

Scanned with Ca

امیرالمومنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ امام العادلین

مولانا محمد الیاس بالاکوٹی جھنگ

امیرالمومنین سیدنا عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ذات امت مسلمہ کی وہ واحد عبقری شخصیت ہے جن کے مناقب وفضائل میں مسلم وغیر مسلم سکالرز مورخین یکساں رطب اللسان ہوئے ان کی جلالت شان وفکر رفیع۔ مدبرانہ بصیرت ژرف نگاہی سیاسی سطوت و شوکت کو سلام عقیدت پیش کرنا سبھی نے اپنی سعادت سمجھا اور تنقیص کو شقاوت خیال کیا۔ سیدنا فاروق اعظم کی اس سے بڑھ کر منقبت کیا ہوگی کہ آپ سرور کونین مغفیر موجودات کی دعاؤں و التجاؤں کا ثمرہ بن کر آئے اور امیدوں اور تمناؤں کا مرکز بن کر رہے اور اسلام کی عظمت و سربلندی کے لئے وہ کارنامہ سرانجام دئے گئے جو بعد میں ناممکن الوجود ہو کر رہ گئے۔

قدرت کا یہ عطیہ جو پیغمبرؐ نے مانگا تو مل گیا اور جب آیا تو مکہ ہل گیا اور جب یہ گرجا تو زلزلہ برپا کر دیا اس کے آتے ہی مسلمانوں میں اپنے وجود کا احساس ہو گیا اسلام نے انقلاب کی دہلیز پر قدم رکھا۔ مکہ کے ایک دور افتادہ مکان میں محصورین کعبۃ اللہ کے ساجدین شاکرین ہو گئے۔ اور جو مٹا دینے کی دھمکی دیتے پھرتے تھے اب جوابی دھمکی سن کر سہم سہم گئے اہل اسلام کو حیات نو بخشنے کے اعزاز پر دربار نبویہؐ سے فاروق کے لقب سے ملقب ہوئے۔

وہ جن کی ذاتی و شخصی آراء بھی اس قدر وقیع تھیں کہ نہ صرف رب تعالیٰ کے بعد کائنات کی سب سے بڑی ذات نبی الانبیاء نے مشیر و وزیر ہوئے۔ بلکہ عالم بالا میں بھی ان کی آراء کو کبھی کبھار ہو بہو پذیرائی ملتی تھی۔ اور وہی رائے وحی خداوندی بن کر جبرائیل کی زبانی کلام ربانی ہو کر آجاتی کیا کہنے ہیں اس اعتماد و شرف قبول کے کہ خود محبوب کائناتؐ عمرؓ کو خراج تحسین اس انداز میں دیتے ہیں کہ عمرؓ جس راہ سے گزرے شیطان بھاگ جائے۔ عمرؓ کی صلاحیتیں اور کمالات تو نبوتانہ ہیں اگر سلسلہ نبوت منقطع ہو کر مجھ پر اختتام پذیر نہ ہو چکا ہوتا تو پھر عمر اس منصب پر فائز ہونے کا اہل تھا۔

شاید یہی وجہ ہے کہ سیدنا عمر فاروقؓ کے عادات و خصائل بلکہ کرامات انبیاء کرام کے مشابہ ہیں نیز حضور کا یہ ارشاد بھی ہے

علماء امتی کانبیاء بنی اسرائیل

کہ میری امت کے اہل علم بنی اسرائیل کے نبیوں جیسے ہیں اور ظاہر ہے سیدنا فاروق اعظم سے بڑھ کر امت کا اہل علم ہونے کا مصداق اور کون ہو گا۔ اس نقطہ نظر سے مذکورہ بالا دونوں ارشادات کو پیش نظر رکھتے ہوئے ہم دیکھتے ہیں کہ اعلیٰ درجے کی مشابہہ کس شخصیت کو حاصل ہے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ سیدنا عمر فاروق جو محدث امت بھی ہیں کی کرامات انبیاء جیسی ہیں اور اعلیٰ درجے کی مشابہت پاتے ہیں عمر فاروقؓ کا تقاضا ہے یہ نبی کی یادگار جگہ ہے آپ اس کو مصلے بنائیں رب ذوالجلال کی وحی تائید فرماتے ہوئے آئی واتخذو من مقام ابراہیم مصلے تم مقام ابراہم کو نماز کی جگہ بنا لو اور پھر وہ جائے نماز بن گئی عمر مصر میں اے رسول اللہ آپ وہاں نہ جائیں وہ جگہ آپ کے شایان شان نہیں وہ لوگ اعتماد کے قابل نہیں۔ اصحاب یا خود پیغمبر خدا اس سوچ کو ناپسندیدہ قرار دیتے ہیں مگر وحی خداوندی فاروق اعظم کی تائید کرتی ہے غور کیجئے اللہ تعالیٰ کا ایک پیغمبر دریائے قلزم پر عصی مار کر اسا مطیع فرمان بنا کر اپنی قوم کو راہ بنا کر دیتے ہیں تو محدث محمدی سیدنا فاروق اعظمؓ اپنے دارالحکومت مدینہ منورہ سے ہی ایک حکمنامہ دریائے نیل کے نام ارسال کرتے ہیں اور اس طمطراق اور حاکمانہ جلال سے کہ پائندہ و شائندہ۔ لکھا اللہ کے بندے اور مسلمانوں کے امیر عمرؓ کی طرف سے نیل مصر کے نام۔ اے نیل گر تو اپنے اختیار اور مقدرت سے بہتا ہے تو میری قلم رو سے باہر نکل جا اور اگر تیری روانی کا سررشتہ خداوند کے ہاتھ ہے تو ہم اللہ تعالیٰ کی بارگاہ سے ملتجی ہیں کہ سیدھا ہو کر بہہ اور لوگوں کو رسوا نہ کر۔

عمر کا خط ملتے ہی دریا مطیع فرمان ہوا اور سال بہ سال کی سرکشی سے ہمیشہ کے لئے تائب ہو گیا اور آج تک بغاوت کی ہمت نہیں ہو سکی۔ اللہ تعالیٰ کے ایک پیغمبر ہوا کے دوش پر اڑتے ہیں ہواؤں و فضاؤں سے اپنی حکمرانی کے بل بوتے پر پیغامات ارسال کرتے ہیں تو محمدی خاک نشین اپنی سروری کا ایک پیغام دارالخلافہ میں مسجد نبوی کے منبر سے ہوا کے دوش پر روانہ کرتے ہیں یا ساریۃ الجبل الجبل ادھر وہ پیغام نشر ہو جاتا ہے اور ادھر پہنچتا ہے بلا کم کاست ہو۔

ہو انہیں کی زبان و الفاظ میں پہنچتا ہے اور پھر نتیجہ خیز ثابت ہوتا ہے زمین کا ایک حصہ احد کانپنے لرزنے لگا تو محبوب خدا ڈانٹتے ہیں او احد ٹھہرے رہو تمہیں پتہ نہیں تم پر کون موجود ہیں ایک پیغمبر ایک صدیق دو شہید اور ڈانٹ ملتے ہی احد ساکت صامت ہو گیا۔

پھر یہی صاحب حق و صداقت ہی تو تھے جنہوں نے عرب کی زمین جب ہلنے لگی تو اپنا

Scanned with Cam

ورامار کر جھاڑ پلائی کہ زلزلہ کیوں لاتی ہو۔ کیا عمر نے تجھ پر عدل و انصاف کے بجائے ظلم و جور روا رکھا ہے؟

پھر کیا ہوا زمین مار کھاتی ہوئی سہم گئی۔

دنیا کے چند سو گز پر حکمرانی پانے والے اپنے آپ کو شہنشاہ معلیٰ ظل سبحانی اور کیا کیا کہلاتے ہیں مگر اس دنیا کا سب سے بڑا باسطوت بے بدل حکمران جس کی حکمرانی کا یہ عالم تھا مگر جب سطوت و شوکت شان آن رعب و دبدبہ کی نمائش کا سب سے اہم موقع آیا تو وہاں یہ اس شان سے جلوہ افروز ہوئے کہ جسم اطہر کے لباس پر متعدد پیوند لگے ہوتے ہیں اور اپنے ہی غلام کو سوار کئے ہوئے اپنی سواری کی مہارت تھامے ہوئے چلے آرہے ہیں۔

مگر دیکھنے والوں نے امعان نظر سے دیکھا اور پرکھا اور بات کی تہہ تک پہنچ گئے اس لباس و وضع قطع والے کی بے وقعتی کا تاثر پیدا ہونے کے بجائے ان کے دل دھل گئے اور اپنی بے بسی لاچارگی کا دل پر ایسا یقین محکم مرتسم ہوگیا کہ خود ہی قدموں پر آپڑے۔ آج تک کہیں بھی کسی فاتح یا حکمران یا باجبروت سالار کے لئے ایسا نہ ہو سکا۔ نہ ہو سکے گا تواضع و بے نفسی کا یہ عالم کہ کبھی زمین سے تنکا اٹھا کر اپنے نفس کو مخاطب کر کے کہتے ہیں تو اس سے بھی حقیر کمزور ہے۔

ایک موقع پر جب اپنے ایک عمل کی کوتاہی کا گمان گزر گیا تو داد رسی کے اس امیدوار کو ہی کوڑا تھما دیا کہ لے پکڑ اور اسی کوڑے سے عمر کی پیٹھ ٹھونک دے اللہ اللہ عدل و انصاف کے صراط مستقیم پہ بارکی کی جستجو جہاں گری ہو جہاں داہی ہو تو یوں

اور فقیری ہو تو یوں ہو!

بوقت جان سپردگی ہوش آنے پر بھی سوال ہوا
مجھ پر خنجر کس نے چلایا قاتل کون ہے جب علم ہوا
ابولولو مجوسی ہے۔ (راقمہ کے جد امجد بابا شجاع)

تو اللہ اللہ کی حمد وثناء کی کہ رب ذوالجلال نے میرے خون سے کسی مسلمان کے ہاتھ کو رنگین ہونے سے بچا لیا۔ ذوالجلال کی آواز میں کائنات کا یہ بے عدیل حکمران اپنی قلم رو اور حکمرانی کی سرحدیں وسیع سے وسیع تر کرکے دینی عمر کی حدیں اپنے پیش رو آقاء نامدار مہبط وحی سرور کونین اور رفیق سفر کے ساتھ ملتے ہی فوراً بغیر درخواست توسیع کے اسی سرحد پر زندگی سے ناطہ توڑ کر انھیں کے پاس جا بسا۔ رضی اللہ عنہ رضی اللہ عنہ۔

سپاہ صحابہ کے انتخابات (پنجاب)

سپاہ صحابہ صوبہ پنجاب کی مجلس عاملہ کے اپنی مدت پوری ہونے پر مرکز کے فیصلہ کے مطابق ۲ جون ۱۹۹۳ء کو قصر فاروق اعظم جیا موسی لاہور میں کرائے گئے۔ انتخابات کے نگران محمد یوسف مجاہد صاحب سیکرٹری جنرل سپاہ صحابہ تھے جبکہ معاون کے فرائض مرکزی قانونی مشیر محمد سلیم بٹ ایڈووکیٹ نے سرانجام دئے۔ انتخابات سے قبل سیکرٹری جنرل سپاہ صحابہ نے نے اضلاع اور ڈویژنوں کے عہدیداروں کی فہرستیں طلب کیں۔ انہوں نے ۲۱۰ افراد کو ووٹ دینے کا اہل قرار دیا۔ انتخابات قبل دوپہر شروع ہو کر شام تک جاری رہے۔ منتخب ہونے والے عہدیداران سے مرکزی سیکرٹری جنرل سپاہ صحابہؓ محمد یوسف مجاہد صاحب نے حلف لیا اور تقریب حلف برداری کے بعد سیکرٹری جنرل سپاہ صحابہ محمد یوسف مجاہد اور محمد سلیم بٹ ایڈووکیٹ صاحب نے عہدیداران کو مبارک باد پیش کی۔

تفصیل نومنتخب عہدیدار

سرپرست = پیر سیف اللہ خالد صاحب

صدر = حضرت مولانا قاری محمد نواز بلوچ صاحب

نائب صدر اول = حضرت مولانا محمد احمد لدھیانوی صاحب

نائب صدر سوم = حضرت مولانا خادم حسین رضوی صاحب

نائب صدر چہارم = حضرت مولانا غلام ... صاحب

صوبائی سیکرٹری = جناب محمود اقبال صاحب

ڈپٹی سیکرٹری = جناب منظور احمد شاکر صاحب

سیکرٹری اطلاعات - جناب مجیب الرحمن ... صاحب

سیکرٹری فنانس = کپتان محمد اقبال صاحب

سالار = جناب محمد امین صاحب

دوم = عزیز الرحمن

قانونی مشیر = ناظم دفتر اور نائب صدر سالار ... کے بارے میں طے پایا کہ صوبائی عاملہ اس ... میں مشورہ کر کے نامزدگی کرلے گی۔

محمد تنویر خان نے مرکزی سالار اعلیٰ کے ... کا حلف اٹھایا۔ مورخہ ۱۸/۶/۹۳ کو مولانا ... الرحمن فاروقی صاحب نے محمد تنویر خان کو بحیثیت زون سالار اعظم نامزد کر دیا ہے۔ نامزدگی کا اعلان ۲۲ اپریل کو پشاور میں مرکزی شوریٰ نے دیا ... نامزدگی کے بعد محمد تنویر خان نے بحیثیت سالار اعلیٰ سپاہ صحابہ پاکستان حلف اٹھا لیا ہے اور انہوں نے اپنے فرائض سرانجام دینے شروع کر دئے ہیں۔

شیخ حاکم علی مرکزی صدر سپاہ صحابہؓ کا کارکنوں کے نام پیغام

سپاہ صحابہؓ کے تمام عہدیداران و کارکنان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ مشن جھنگوی شہیدؒ کی تکمیل کیلئے زیادہ سے زیادہ افراد کی ذہن سازی کریں۔ اس کے لئے وہ حضرت جھنگوی شہیدؒ اور موجودہ قائدین کی تقاریر کی کیسٹیں زیادہ سے زیادہ افراد کو سنائیں اور ماہنامہ خلافت راشدہ کا مطالعہ خود بھی باقاعدگی سے کریں دوسروں کو بھی کرنے کی ترغیب دیں۔ جب ذہن پختہ ہو جائے تو ان کو باقاعدہ رکن بنا لیں۔ اپنے اپنے یونٹوں کی باقاعدگی سے میٹنگ بلاتے رہیں۔ سالانہ امدادی فنڈ سکیم کی کاپیاں جہاں اب تک موجود ہوں فوراً واپس کریں۔

Scanned with CamScanner

نواسۂ رسول حضرت حسین ابن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، شہید کربلا

مجاہد الحسینی

الحمد للہ وحدہ والصلواۃ والسلام علی من لانبی بعدہ (امابعد بسم اللہ الرحمن الرحیم وعن یعلی بن مرۃ قال کنا مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم ثم قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حسین منی وانا منہ احب اللہ من احبہ الحسن والحسین سبطان من الاسباط (مجمع الزوائد صفحہ نمبر ۸۱ (اوکمال قال علیہ الصلواتہ اسلام)

حضرت یعلی بن مرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم حضور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں تھے آپؐ نے فرمایا کہ حسینؓ مجھ سے ہے اور میں اس سے ہوں اللہ بھی اس سے محبت کرتا اور دوست رکھتا ہے جسے حسن اور حسین رضی اللہ عنہما دوست رکھیں اور جس سے محبت کریں یہ دونوں میری اولاد اور میرے خاندان ہی کے چشم وچراغ یا ایک ہی درخت کی شاخیں ہیں۔

حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی عظمت اور فضیلت کے سلسلے میں سب سے بڑی بات اور باعث صد تکریم یہ پہلو ہے کہ آپ کو سید المرسلین محسن انسانیت خاتم الانبیاء حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے نواسے اور سیدہ النساء اہل الجنتہ حضرت فاطمہ الزہراء رضی اللہ عنہا کا لخت جگر ہونے کا شرف و اعزاز حاصل ہے۔

حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے مناقب اور محاسن و اوصاف کے سلسلے میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بہت سی احادیث مبارکہ ہیں اس وقت جو حدیث مبارکہ بیان کی گئی ہے اس میں حضور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی بابت دو باتوں کا تذکرہ فرمایا ہے ایک تو حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی ذات گرامی کو اپنی اولاد اور اپنے خاندان کا چشم وچراغ قرار دیا ہے اپنے قوی رشتے اپنے تعلق خاطر اور خاندان کی یگانگت واضح فرمائی ہے۔ اور دوسری بات حضرت امام حسن اور امام حسین رضی اللہ عنہما کے ساتھ امت کو محبت و الفت کا رشتہ استوار کرنے کی تاکید و تلقین فرمائی ہے۔ حتیٰ کہ یہاں تک فرمایا ہے کہ حضرت امامین حسن وحسین رضی اللہ عنہما سے الفت و محبت رکھنے والوں کو اللہ تعالیٰ بھی دوست رکھتا اور اظہار محبت کرتا ہے۔

مجمع الزوائد اور طبرانی کی اس حدیث مبارکہ میں اللہ تعالیٰ کی رضا مندی اور محبت کو حضرت حسن اور حسین رضی اللہ عنہ کی دوستی اور محبت کے ساتھ مشروط کیا ہے ظاہر ہے کہ حضرت امامین رضی اللہ عنہما انہیں کو اپنا دوست اور محبوب بناتے ہیں جو ان کے ساتھ محبت و الفت کا گہرا تعلق رکھتے تھے یا ان نفوس قدسی کے ساتھ آج محبت و الفت کا صحیح تعلق استوار رکھتے ہیں یہ حضور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرات امامین حسن حسین رضی اللہ عنہما کو سیدا شباب احل الجنتہ یعنی دونوں نوجوانوں کو اہل جنت کے سردار قرار دیا ہے۔

احادیث مبارکہ پر مشتمل مشہور کتاب مجمع الزوائد میں حضرت عراقیؒ اور ابن حجرؒ کی تحریروں کو جمع کرنے والی شخصیت الحافظ نور الدین علی ابن ابی بکر ہیثمیؒ نے مناقب حسین بن علی رضی اللہ عنہما کے زیر عنوان ایک مستقل باب میں حضور سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کی بہت سی احادیث مبارکہ بیان کی ہیں جن میں حضور خاتم النبیاء صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے ساتھ محبت و الفت اور پیار کے مظاہرے بیان کئے ہیں ان میں سے ایک واقعہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسم نماز عصر ادا فرما رہے تھے کہ چوتھی رکعت میں حضرت حسنؓ اور حسینؓ آئے اور حضور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی کمر مبارکہ پر سوار ہو گئے آپؐ نے نماز سے فراغت کے بعد دونوں کو اپنے سامنے بٹھا لیا۔ پھر حضرت حسن رضی اللہ عنہ آگے بڑھے تو حضور خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی کمر مبارک پر سوار ہو گئے آپؐ نے نماز سے فراغت کے بعد دونوں کو اپنے سامنے بٹھا لیا۔ پھر حضرت حسن رضی اللہ عنہ آگے بڑھے تو حضور خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں دائیں کندھے پر اور حضرت حسین رضی اللہ عنہ کو بائیں کندھے پر اٹھاتے ہوئے فرمایا۔ لوگو! کیا میں تمہیں جدی پشتی خیر الناس یعنی نانا، نانی ماں باپ کے اعتبار سے لوگوں میں جو سب سے بہتر ہے اسکی بابت اطلاع دوں؟ کیا میں تمہیں چچا چچی پھوپھا اور پھوپھی کے لحاظ سے خیر الناس کی بات بتاؤں؟ کیا تمہیں ماموں اور خالہ کی نسبت سے خیر الناس کے بارے میں خبر کروں۔ ؟ تو سن لو۔؟ ان دونوں یعنی حضرت حسن اور حسین رضی اللہ عنہما کے جد یعنی نانا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں ان کی جدہ یعنی نانی حضرت خدیجہ بنت خویلد رضی اللہ عنہا ہیں ان

کی والدہ حضرت فاطمہ بنت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں ان کا والد حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ ان کے چچا حضرت جعفر بن ابی طالب رضی اللہ عنہ ان کی پھوپھی حضرت ام ہانی بنت ابی طالب رضی اللہ عنہا ان کے ماموں حضرت قاسم بن حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی خالائیں حضرت زینب رضی اللہ عنہا حضرت رقیہ رضی اللہ عنہا حضرت ام کلثوم رضی اللہ عنہا بنات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں ان کے جد امجد جنت میں ہوں گے ان کے والد اور والدہ جنتی ان کے چچا اور پھوپھی جنتی ان کی خالائیں جنت میں اور یہ دونوں جنت میں ہوں گے اور جو شخص بھی ان دونوں کے ساتھ الفت و محبت کا تعلق قائم کرے جنت میں ہو گا۔ بقیہ ص ۳۲ پر

****

سپاہ صحابہ جولائی ۱۹۹۲ء کے آئینے میں اہم واقعات کا سرسری خاکہ
سپاہ صحابہ سے ایک سال قبل کے واقعات

ترتیب محمد تقی عثمانی فیصل آباد

یکم جولائی مولانا ضیاء الرحمن فاروقی مولانا اعظم طارق' محمد یوسف مجاہد' مولانا غلام محمد' مولانا محمد عبداللہ نے صدر غلام اسحاق خان سے ملاقات کی اور جھنگ کے عوام کے ساتھ پولیس تشدد اور پنجاب حکومت کے جانبدارانہ رویہ کے بارہ میں بتایا۔ صدر نے کہا کہ میں آپ کو مکمل تعاون کا یقین دلاتا ہوں۔

۳ جولائی پورے ملک میں حضرت سیدنا عمر فاروقؓ کے یوم شہادت پر خلفائے راشدین کے ایام ہائے وفات پر سرکاری تعطیل کا اعلان نہ کرنے کے خلاف مطالباتی احتجاجی جلوس و جلسے سرگودھا میں حضرت عمرؓ کی وفات کے موقع پر سرگودھا کی تمام تاجر تنظیموں کے ساتھ دیگر جماعتوں نے متفقہ فیصلہ کیا کہ آج سرگودھا میں چھٹی کی جائے۔ اور یکم محرم کا احتجاجی جلوس نہ نکالا جائے ڈپٹی کمشنر کو معلوم ہوا جلوس نہیں نکلے گا تو اس نے بھی پورے سرگودھا میں عام تعطیل کا اعلان کر دیا۔

۷ جولائی کمالیہ میں اے سی کی صدارت میں ہونے والا اجلاس شیعہ کی طرف سے کافر کی تفصیل پوچھنے اور سپاہ صحابہ کی طرف سے شیعہ کافر کی وضاحت بتانے پر ہنگامہ آرائی کا شکار ہو گیا۔

۱۶/ ایم پی او کے تحت سپاہ صحابہؓ شیخوپورہ کے پانچ رہنماؤں کو ۹۰ دن کے لئے سنٹرل جیل فیصل آباد میں نظربند کر دیا۔

۱۲ جولائی شیعہ کے ماتمی تخریبدار جلوس کے شرکا نے دفتر سپاہ صحابہؓ پشاور جامع مسجد صدیق اکبرؓ پشاور پولیس کی اندھا دھند فائرنگ سے سپاہ صحابہ کے ۳ کارکن بھی موقع پر شہید ہو گئے۔

احمد پور شرقیہ میں شیعہ کا ماتمی جلوس مقررہ روٹ سے ہٹ کر مسجد کے قریب سے گزرا اور اس دوران انہوں نے فائرنگ کر دی جس سے سپاہ صحابہ کے کارکن موقع پر شہید ہو گئے

۱۳ جولائی مولانا عبدالستار نیازی وفاقی وزیر نے پشاور کی فسادات پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ ان واقعات سے سنیوں کا کوئی تعلق نہیں ہے۔ یہ کام یہودیت (شیعہ) کا ہے۔ سپاہ صحابہ نے ان واقعات کی شدید مذمت کی ہے۔ اور پورے ملک میں احتجاج کرنے کا اعلان کر دیا ہے۔ پولیس نے سپاہ صحابہؓ پشاور کے تین رہنماؤں کو گرفتار کر لیا۔

۱۳ جولائی پشاور میں کرفیو کے باوجود ہنگامے توڑ پھوڑ شیعہ کی فائرنگ سے سپاہ صحابہ کے ۳ کارکن اور شہید ہو گئے۔

پشاور میں جمعیت اور سپاہ صحابہ کا مشترکہ احتجاجی جلسہ اور جلوس' مولانا محمد اعظم طارق نے اسمبلی سیکرٹریٹ کو ۵ تحاریک استحقاق روانہ کی ہیں ان میں سے ایک جھنگ پولیس کا عوام کے پر تشدد کے خلاف ہے۔

۱۵ جولائی چنیوٹ میں بھی پشاور جیسا روح فرسا واقعہ جامع مسجد ابوبکر صدیقؓ کو آگ لگا دی گئی ۴۰ نسخے قرآن کریم کے شہید ہو گئے۔ چنیوٹ میں مکمل ہڑتال جلسے اور ۱۶ جولائی جلوس مولا[نا] ضیاء الرحمن فاروقی اور مولانا محمد اعظم طارق [پر] ہری پور' اٹک اور ڈیرہ غازی خان میں داخلہ [پر] پابندی لگا دی۔

مولانا عبدالستار نیازی وفاقی وزیر نے کہا کہ جس طرح گستاخ رسولؐ کے لئے سزائے موت ہے اس طرح گستاخ صحابہؓ کے لئے بھی سزائے موت مقرر کی جائے گی۔ ۱۷ جولائی جمعہ کے اجتماعات میں پشاور اور چنیوٹ کے واقعات کے خلاف قرار دادیں منظور کی گئی۔ ۱۹ جولائی مولانا ضیاء الرحمن فاروقی نے کہا کہ پشاور اور چنیوٹ کے واقعات المیہ شرقی پاکستان سے بھی بڑے ہیں لیکن صدر اور وزیراعظم خاموش ہیں اور مجرمان کی گرفتاری کے لئے کوئی روایتی بیان بھی جاری نہیں کیا۔

۲۰ جولائی مولانا ضیاء الرحمن فاروقی مولانا ضیاء القاسمی اور قاری محمد حنیف جالندھری نے سرحد کے وزیراعلیٰ سے ملاقات کی۔ اور پشاور کے حالات خراب کرنے والے مجرموں کی گرفتاری کا مطالبہ کیا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ آپ کے مطالبات تسلیم کئے جائیں گے۔

۲۸ جولائی مولانا محمد اعظم طارق نے چیف آف آرمی سٹاف سے درخواست کی ہے کہ وہ اجلاس بلائیں اسمیں سپاہ صحابہؓ اور فقہ جعفریہ والوں کو بھی بلائیں جنکا موقف غلط ہو انہیں گرفتار کر دیا جائے۔ سپاہ صحابہؓ نے اعلان کیا ہے کہ وہ پی ڈی اے سے کسی قسم کا کوئی تعاون نہیں کریں گے۔ ۲۹ جولائی مولانا ضیاء الرحمن فاروقی نے محرم کے دوران کوٹلہ شیخاں احمد پور شرقیہ میں شہید ہونے والے ۲ کارکنوں کے والدین سے ملاقات کی۔ اور اظہار تعزیت کیا سرگودھا پولیس نے ۳ ایم پی او کے تحت سرگودھا میں سپاہ صحابہؓ کے صدر اور دیگر کارکنوں سمیت سپاہ صحابہؓ صوبہ پنجاب کے صدر عبدالروف صدیقی پر مقدمہ درج کر کے گرفتار کر لیا رات گئے سپاہ صحابہؓ کے مرکزی خازن جناب شیخ محمد اشفاق کو ملتان پولیس نے گرفتار کر لیا۔

Scanned with Cam

خطاب قائد جھنگوی شہید رحمۃ اللہ علیہ

عبدالمجید قریشی

****

امیر عزیمت مولانا جھنگوی شہید کا
شجاع آباد ضلع ملتان میں
عظمت اصحاب رسولؐ مدارس عربیہ
کی اہمیت اور منکرین اصحاب رسول پر
فاضلانہ خطاب

ایک تاریخی تقریر

یکم جون ۱۹۸۹ء

صدر جلسہ
حضرت اقدس معزز علماء کرام گرامی قدر سامعین

آج یکم جون بروز جمعرات ۱۹۸۹ء ہے آپ کے شہر کی معروف دینی درسگاہ جامعہ علمیہ کے سالانہ اجتماع میں آپ سے مخاطب ہوں۔ جامعہ علمیہ کے اس سالانہ اجتماع میں مجھے آپ سے پہلی مرتبہ مخاطب ہونے کا شرف حاصل ہو رہا ہے۔ جامعہ میرے شیخ و مرشد اور ہزاروں مسلمانوں کے شیخ طریقت حضرت اقدس حضرت مولانا محمد عبداللہ نور اللہ مرقدہ اللہ ان کی قبر پر کروڑوں رحمتیں نازل فرمائے یہ ادارہ ان کی طرف منسوب کیا گیا ہے ان کے قصبے کی طرف منسوب کیا گیا ہے میں آج مسرت محسوس کر رہا ہوں کہ مجھے اس ادارے میں آپ سے مخاطب ہونے کا شرف حاصل ہو رہا ہے جو ادارہ میرے پیرو مرشد کی طرف منسوب کیا گیا ہے۔

رب العزت کی بارگاہ میں دعا ہے کہ وہ اس ادارے کو دن دوگنی اور رات چوگنی ترقی نصیب فرمائے۔ (آمین)

مدارس عربیہ کے سالانہ اجتماعات چند مقاصد کو سامنے رکھ کر سال میں ایک مرتبہ منعقد کئے جاتے ہیں۔ مدارس کے سالانہ اجتماعات کا بنیادی مقصد یہ ہوتا ہے کہ عوام الناس اور ادارے کے معاونین کو۔ ادارے کے ساتھ محبت اور تعلق رکھنے والے حضرات کو ادارے کی سالانہ کارکردگی سے مطلع کیا جائے آئندہ ادارے کی ضروریات بتائی جائیں۔ آئندہ اس کے پروگرام سے آگاہ کیا جائے اور ادارے میں تعلیم حاصل کر کے فارغ ہونے والے طلباء کو سند فراغت دی جائے اور انہیں اعزاز کے ساتھ رخصت کیا جائے۔ ساتھ ادارے کا مسلک ادارے کا موقف وہ عوام الناس پر واضح کیا جائے۔ یہ ہیں وہ مختصر مقاصد جنہیں سامنے رکھ کر مدارس عربیہ کے سالانہ اجتماعات منعقد کئے جاتے ہیں آج کے اس اجتماع کی دو حیثیتیں ہیں۔ ایک حیثیت اس کی یہ ہے کہ یہ جامعہ کا سالانہ جلسہ ہے اور دوسری اسکی حیثیت یہ ہے کہ یہ ان افراد کے لئے ہے جو حضرت سے بیعت ہیں ان افراد کی تربیت کی خاطر سالانہ اجتماع کا نام دیا گیا ہے مجھے اجتماع میں جلسے کی ان دونوں حیثیتوں کو سامنے رکھ کر اپنے خیالات کا اظہار کرنا ہے۔ رات تقریباً بیت چکی ہے۔ اس وقت رات کا ٹھیک ایک بجا ہے۔ جلسہ کا یا گفتگو کرنے کا جو صحیح وقت ہے۔ وہ تو بہرحال گزر چکا ہے۔ لیکن آپ حضرات دور دراز سے سفر کر کے کچھ حاصل کرنے کے لئے آئے ہیں اور میں بھی ایک لمبا سفر کر کے کچھ عرض کرنے کے لئے حاضر ہوا ہوں۔ اس لئے مجھے اور آپ کو نیند کا خیال کئے بغیر کچھ دیر مزید یہاں جمع رہنا ہے۔ اور میں یہ امید کرتا ہوں کہ اگر ہم اس نیت کے ساتھ یہاں مزید کچھ دیر موجود ہے۔ کہ ہمیں اللہ اور اس کے رسول کی رضا حاصل ہو۔ تو جتنی دیر ہم یہاں موجود رہیں گے۔ وہ لمحات میری اور آپ کی اخروی زندگی کے سنوارنے کا سبب بن سکتے ہیں۔

(انما الا اعمال بالنیات)

عمل کا مدار انسان کی نیت پر ہے۔

نیت ٹھیک ہے عمل کا نتیجہ بہتر نکل آئے گا۔

نیت بری ہے نتائج برے نکل آئیں گے مجھے یہ توقع ہے کہ آپ نیک ارادہ اور نیک نیت لے کر یہاں تشریف لائے ہوں گے۔ آپ حضرات کو بلکہ پاکستان کی بہت بڑی تعداد کو یا یوں کہہ لیجئے کہ ایک خاص تعداد کو جو اہل سنت سے تعلق رکھتے ہیں انہیں میری گفتگو کا انداز اور میرا موضوع سخن میری سوچ اور فکر معلوم ہے۔ الفاظ بدل سکتے ہیں تقریر کا عنوان بدل سکتا ہے۔ لہجہ میں نرمی یا تلخی آسکتی ہے۔ لیکن جہاں تک مقصد کا تعلق ہے وہ نہیں بدل سکتا۔ وہ اس لئے نہیں بدل سکتا۔ کہ میں ملک کے مختلف حصوں میں ایک بار نہیں متعدد مرتبہ یہ عرض کر چکا ہوں کہ میں نے اپنے رب سے ایک وعدہ کیا ہے۔ اور یہ وعدہ کئے ہوئے بہت عرصہ گزر گیا ہے میں آپ کو اپنے دل کی بات بتلا رہا ہوں کہ میں نے اپنے رب سے ایک وعدہ کیا ہے اور وعدہ بھی میں نے اپنے خالق سے ایسے حالات میں کیا ہے۔ کہ آج ان حالات کی سنگینی کو آپ سمجھ نہیں سکتے۔ میں آج اس تفصیل میں نہیں جاؤں گا۔ بہرحال اتنا ضرور عرض کرتا

Scanned with Car

ہوں۔ کہ میں نے اپنے رب سے وعدہ کیا ہے اور وہ وعدہ یہ ہے کہ زندگی کے جتنے دن باقی ہیں اور جتنے دن اس نے دئے ہیں وہ دن اور وہ ایام اور لحات میں ہر قیمت پر اصحاب رسول اور امہات المومنین کی تعریف توصیف اور مدح میں گزاروں گا۔ اور ساتھ ہی دشمنان اصحاب رسول اور دشمنان امہات المومنین کی تکفیر کوملت اسلامیہ پر ہر قیمت پر واضح کروں گا۔ یہ واضح ساموقف میں نے عرض کیا ہے کہ الفاظ بدل سکتے ہیں۔

لہجہ میں موقف میں نرمی یا تلخی آسکتی ہے۔ لیکن موقف اور منزل نہیں بدل سکتی اور صرف یہی نہیں کہ میں اس موقف کو صرف جلسوں تک ہی بیان کر کے کافی سمجھتا ہوں۔ بلکہ یہ خواہش اور تڑپ ہے میری کہ میں اسی موقف کو پاکستان کے اعلیٰ ادارے میں بھی پیش کرنے کی تڑپ رکھتا ہوں۔ جیسے پاکستان قومی اسمبلی کہا جاتا ہے۔ یہ کیوں میں یہ سمجھتا ہوں اور ہر پاکستانی سمجھتا ہے۔ کہ جب تک کسی برائی کو روکنے کے لئے موثر قانون نہ بنایا جائے۔ اور اس قانون پر عمل در آمد نہ کروایا جائے۔ نہ وہ برائی مٹ سکتی ہے۔ نہ رک سکتی ہے نہ روکی جا سکتی۔ آپ حضرات کو بخوبی علم ہے قادیانیت ایک ناسور تھا۔ اور یہ ملعون پودہ انگریز نے لگایا تھا۔ نبی علیہ السلام کی بغاوت قادیانیت میں کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی تھی ایک عرصہ تک اس فتنہ کے خلاف ملت اسلامیہ نے بھرپور جدوجہد کی۔ علماء وکلاء، طلباء، دانشور، مشائخ عظام نے قادیانیت کے خلاف اپنی جدوجہد کو جاری رکھا اور اس راہ میں انتہائی مشکلات سے گزرنا پڑا۔ آج آپ ان شہداء کو گن نہیں سکتے۔ انہوں نے صرف یہ قصور کیا تھا کہ قادیانیت کے کفر کو سڑکوں پر بیان کیا تھا۔ اور قادیانیت کے غیر مسلم ہونے کا مطالبہ کیا تھا۔ اس کے سوا ان کا کوئی اور جرم نہیں تھا لیکن بہرحال انہیں سنگین حالات سے گزرنا پڑا۔ اتنی بڑی عظیم قربانی دینے کے بعد قادیانیت کی راہ نہیں رکی۔ مسلمان جام شہادت نوش کرتے رہے اور قادیانیت میں اضافہ ہوتا رہا۔ لیکن مسلم امہ نے جدوجہد جاری رکھی۔ مسلسل محنت جاری رکھی۔ ایک دن پھر آگیا۔ جب قادیانی مسئلہ اسمبلی میں زیر بحث آیا اور وہاں بات یہی چلی کہ قادیانیت اسلام کا حصہ ہے یا نہیں بحث کے بعد یہ طے ہو گیا کہ قادیانیت اسلام کا حصہ نہیں۔ انہیں غیر مسلم اقلیت قرار دینے کے سوا کوئی چارہ کار نہیں۔ اسمبلی نے جب اس کو مان لیا۔ اور قادیانیت پاکستان کے دستور میں غیر مسلم پا گئی۔ تو آج صورتحال بالکل برعکس ہو گئی ہے۔ ایک وقت وہ تھا جب ہم قادیانیوں کو کافر کہتے تھے تو اگلے دن جیل ہتھ کڑی ہمارا مقدر تھی آج اس کے بالکل الٹ اگر قادیانی اپنے آپ کو مسلمان ظاہر کرتے ہیں تو ہتھ کڑی اور جیل ان کا مقدر ہے۔

میں یہ بات کیوں کر رہا ہوں۔ یہ ایک دینی ادارے کا جلسہ ہے اور جب تک علماء سیاسی قوت حاصل نہیں کرتے انہیں بھول جانا چاہئے کہ یہ اپنے دین کا تحفظ کر لیں گے۔

میں یہ بات ایک ولی ایک کامل ولی کی موجودگی میں اور ولی ابن ولی کی موجودگی میں عرض کر رہا ہوں اور سوچ سمجھ کر عرض کر رہا ہوں۔ کہ جب تک علماء سیاسی قوت حاصل نہیں کر لیتے۔ تو اس وقت تک یہ عقائد کو تحفظ نہیں دے سکتے۔ دین کو تحفظ نہیں دے سکتے۔ کب تک آپ قراردادیں پڑھتے رہیں گے۔ کب تک آپ مطالبات پیش کرتے رہیں گے۔

۷= سابقہ سول ہسپتال پاڑہ چنار کو دوبارہ کھول کر اس میں سنی العقیدہ سٹاف مقرر کر کے سنی عوام کے حقوق بحال کئے جائیں۔ اور زنانہ ہسپتال میں موجود لیڈیز ڈاکٹرز کو یہاں سے فوری طور پر تبدیل کیا جائے۔

۸= عید گاہ اہلسنت والجماعت کی اراضی سے مختلف منڈیاں ہٹا کر اور وہاں پر موجود ٹریک ٹریکٹرز پک اپ وغیرہ کو ہٹا کر اردگرد دیواروں میں غلط راستوں کو بند کیا جائے۔ ورنہ تمام تر ذمہ داری انتظامیہ پر ہو گی۔

۹= نوشہرہ میں منظور شدہ سٹائٹ ٹاؤن کو بحال کر کے اہلسنت والجماعت کے عوام کو درپیش رہائشی مشکلات کا ازالہ کیا جائے۔اور کرم ایجنسی پاڑہ چنار میں جنوب کی طرف مغرب کی طرف نزد شبلان واگرہ شابلاتی اور سرکاری ارانسیات پر عوام کو رہائشی سہولت کے طور پر رہائشی ٹاؤن تعمیر کیا جائے تاکہ ہمارے عوام کو رہائشی مشکلات سے چھٹکارا حاصل ہو سکے۔

۱۰= بعض شیعہ اقوام اہلسنت والجماعت کے طلبہ اور قومی مشران پر اعتراضات کر کے کرم ایجنسی کے مالکان حقوق سے محروم کرنے کی کوشش کر رہے ہیں اور افسوس کا مقام ہے کہ اس میں بعض کلیریکل سٹاف والے بھی ملوث ہیں۔ اور یکطرفہ کارروائی کرتے ہوئے اہلسنت والجماعت کے عوام کو مفلوج کرنا چاہتے ہیں جو ناقابل برداشت ہے اور کرم ایجنسی کسی کی ذاتی ریاست نہیں۔ اس لئے ہمارا پر زور مطالبہ ہے کہ کرم انتظامیہ یکطرفہ کارروائی سے اجتناب کرے۔ بلکہ ہمارے قومی مشران وکشران سے پوچھ لیا کریں۔

۱۱= کرم ایجنسی میں اقوام متحدہ حاجی نلیجی کے

Scanned with Ca

مطابق سابق وزیر اعظم جناب ذوالفقار علی بھٹو اور ہوم ڈیپارٹمنٹ کے حکم کے مطابق مالکانہ حقوق اور جلد از جلد دئے جائیں جنہوں نے ۱۹۴۸ء سے لے کر آج تک حکومت کی خدمت کرتے ہوئے ہر آڑے وقت میں بہترین تعاون کیا ہے۔

سرکار عالیہ سے امید واثق ہے کہ ہمارے مطالبات پر ہمدردانہ غور کیا جائے گا۔

آپ کے وفادار رعایہ اقوام اہلسنت والجماعت کرم ایجنسی ایف آر

بذریعہ سپاہ صحابہ پاکستان

سن ہجری اور ہماری ذمہ داریاں

محمد سعید الرحمن علوی۔

گردش لیل ونہار کا سلسلہ جب سے جاری ہے اس وقت سے سن وسال کی یہ ترتیب رہی جو آج ہے یعنی سال کے ۱۲ مہینے مہینہ کے ۴ ہفتے‘ ہفتہ کے ۷ دن اور دن کے ۲۴ گھنٹے۔ رسالت مآب محمد عربی خاتم النبین والمومین صلی اللہ علیہ والہ واصحابہ وسلم کی بعثت سے قبل مختلف ممالک خطوں میں اور علاقوں میں بسنے والی اقوام نے اپنے اپنے

مخصوص حالات ونظریات کے تحت اپنے لئے تقویم اور کلنڈر کا اہتمام کیا جن میں سے "سن عیسوی" کو رومن امپائر کی سرپرستی کے سبب بہت ترقی ہوئی اور ماضی میں برطانیہ عظمی کے جبری پالیسی کے سبب اس وقت بھی اس سن کو بڑی اہمیت حاصل ہے حتی کہ مملکت خدا داد پاکستان جیسے اسلامی جمہوری ملک سمیت بہت سے نام نہاد مسلم ممالک میں بھی یہی سن رائج وجاری ہے۔

مسلمانوں کا مکی دور ظاہر ہے بڑا ہی ابتلاء وآزمائش کا دور تھا۔ جان کے تحفظ کے ساتھ ایمان وعقیدہ کی حفاظت جیسے کٹھن مسائل سے دو چار تھے۔ اس لئے اپنے لئے کسی خاص تقویم وکیلنڈر جیسی باتوں کا سوچنا بھی مشکل تھا اور گو کہ مدینہ منورہ میں مسلمانوں کو ایک مضبوط بیس میسر آگئی تھی۔ تاہم آٹھ ہجری تک جزیرۃ العرب کے مختلف قبائل بالخصوص قریش کے نبرد آزمائی نے بہت سے معاملات پر سوچنے کا موقعہ فراہم نہ کیا اس کے بعد پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب قریب دو اڑھائی سال کی حیات مبارکہ میں بھی بعض سنگین مسائل درپیش رہے اس لئے اس موضع پر کوئی پیش رفت نہ ہو سکی حتی کہ پیغمبر انسانیت اس دنیا سے رخصت ہو گئے۔ اور ان کی مقدس پاک باز جماعت کے سب سے اہم فرد سیدنا ابوبکر صدیق اکبر رضی اللہ تعالی عنہ نے سند خلافت سنبھالی ان کے دور میں اندرونی استحکام کا شدید چیلنج درپیش تھا کیونکہ منافقین نے کئی قسم کے مسائل کھڑے کر دئے۔ حالات کے چرکا یہ عالم تھا۔ علم ودانش اس سے وقف ہین جناب ابوبکر رضی اللہ تعالی نے محض سوا دوسالہ دور خلافت میں وہ کارہائے نمایاں سرانجام دئے کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالی عنہ جیسے فرد فقیہ صحابی بول اٹھے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد ہم ایسے حالت میں کر گئے کہ اگر اللہ تعالی جناب ابوبکر کے ذریعہ ہم پر احسان نہ فرماتے تو ہم ہلاک ہو جاتے۔ فتنوں کی سرکوبی سے اندرونی استحکام نصیب ہونے کے بعد قدرت نے آپ کو دنیا سے اٹھا لیا۔ تو مراد رسالت سیدنا فاروق اعظم سند خلافت کے وارث قرار پائے اس وقت آچکا تھا کہ مسلمان اپنے کلینڈر کا اہتمام کرتے چنانچہ دستور کے مطابق مجلس مشاورت کے اجلاس میں مشورہ ہوا تو سیدنا عثمان اور سیدنا علی رضی اللہ تعالی جیسے بزرگ صحابہ کی تحریک اور سبھی حضرات کی تائید سے "ہجرت نبوی" کے واقعہ کو بنیاد بنا کر تقویم کا سلسلہ شروع کیا گیا خلافت راشدہ خلافت بنوامیہ خلافت بنو عباس وندس کے خلافت سوی حتی کہ عثمانی خلافت میں بھی یہی تقویم جاری رہی۔ تاآنکہ پہلی جنگ عظیم کے ساتھ انہوں نے کی بے وفائی اور بیگانوں کے ظلم وستم نے اس خلافت کو اکھاڑ کر پھینک دیا۔ جس کے نتیجہ میں سن ہجری والا کیلنڈر پس منظر میں چلا گیا۔ اور آج دنیا کے ۵۲ مسلم ممالک میں محض چند ہی ملک ایسے ہیں جہاں یہ سن نظر آتا ہے۔ ہمارے یہاں حکومتی سطح پر ہی نہیں خالص دینی اداروں میں اور علمی مراکز میں بھی بھی اس کا نشان نہیں ملتا۔ اور اس قسم کے اداروں کا تمام کاروبار بھی سن عیسوی پر چلتا ہے۔

لیل ونہار کی گردشیں پوری کرتے اب اس تقویم کے ۱۴۱۳ سال گزر چکے ہیں اور حالیہ محرم سے ۱۴۱۴ویں سال کا آغاز ہو گا۔ چند سال قبل جب صدر کا اختتام ہوا تو نئی صدی کے ابتداء پر ساری دنیا میں تقریبات ہوئی بہت کچھ لکھا گیا۔ اور کہا گیا ایک مسلمان قوم اجتماعی سطح پر اپنے تمام معاملات میں اس تقویم کو اپنانے کا اہتمام نہ کر سکی۔ جو ایک المیہ ہے گزشتہ صدی میں اس بات کا خوب چرچا رہا کہ یہ صدی گویا دنیا کی آخری صدی ہے اور اس حوالہ سے عجیب وغریب باتیں گشت رہین لیکن وقت نے ثابت کر دیا کہ ایسا نہ تھا دنیا کے اختتام کا فیصلہ تو رب العزت نے کرنا ہے۔ جب اس کا امر وحکم ہو گا یہ ہو جائے گا جب تک یہ دنیا قائم ہے ایک بندہ مومن کا فرض سجدو ایثار یہ دنیا قائم ہے ایک بندہ مومن کا فرض سجدہ و ایثار اور قربانی ہے جس سے گریز ممکن نہیں۔

سن ہجری کی ابتداء محرم سے کی گئی ہر چند کہ ہجرت کا واقعہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی ا ولادت وفات کی طرح ربیع الاول میں پیش آیا لیکن

Scanned with Ca

چونکہ مہینوں کی یہی ترتیب پہلے سے جاری تھی اور لوگ اس سے مانوس تھے۔ اس لئے اس کو تبدیل نہ کیا گیا تو محرم کا مہینہ ان چار مہینوں میں سے ایک مہینہ ہے جنہیں حرمت کے مہینے شمار کیا گیا۔ اسلام سے قبل بھی اہل عرب ان کا احترام بجا لاتے گو کہ ایک دور میں انہوں نے اپنی سفلی خواہشات کے تحت ان کی ترتیب میں ردو بدل کا کرہ دھندا بھی شروع کر دیا۔ جس کا تذکرہ اللہ تعالیٰ نے سورۃ توبہ کے پانچویں رکوع کی آخری دو آیات میں کیا اور اس رویہ پر شدید تنقید کی محرم ہی کا مہینہ ہے جس میں قیامت کے وقوع پذیر ہونے کا تذکرہ ہے اس مہینہ کی دسویں تاریخ کو موجودہ بڑی کو بوجوہ بڑی اہمیت حاصل ہے بہت سے بزرگ علماء نے اس پر قلم اٹھایا۔

حدیث کی معروف کتاب بخاری کے معروف حنفی شارح علامہ عینی رحمہ اللہ تعالیٰ سے صوفیائے حقہ کی اہم شخصیت نصرت شیخ عبدالقادر حسن جیلانی رحمتہ اللہ تک نے اس کا تذکرہ کیا اور دسویں محرم جسے یوم عاشورہ کہتے ہیں اس کی تاریخی حیثیت کو اجاگر کیا انہی سے وابستہ ہے ان کی نسبت سے الفتح الربانی اور غنیتہ الطالبین نامی دو کتابیں بہت اہم ہیں عقیدہ کی صحت و درستگی پر ان کے یہاں بڑی شدت ہے ساتھ ہی ایک مقرر اعظم کے طور پر ان کا مقام بڑا نمایاں ہے ان کا دور ایسا تھا کہ حکومتی ذرائع سے رفض و بہائیت کی سرپرستی ہو رہی تھی۔ اور بدقسمتی سے محرم کے دس ابتدائی دن حضرت صحابہ کرام علیہم الرضوان کی شان اقدس میں گستاخی کا بازار گرم رہتا۔ حضرت والا گیارہویں محرم کو ایک وعظ فرماتے ہیں جس کے ذریعے دس دنوں کی پھیلائی ہوئی غلط فہمیوں اور غلط باتوں کا بڑی حد تک ازالہ ہو جاتا اور قوم ان کی مشکور ہوتی۔ افسوس یہ ہے کہ شیخ کی اس گیارہویں کو ایسے عمل میں تبدیل کر دیا گیا جس سے مخصوص افراد و عناصر کو مادی فوائد میسر آجاتے ہیں۔ اور ان کا پیٹ بھر جاتا ہے۔ اس سے شیخ جیسے عظیم مصلح اور موحد کے نام سے بے راہ روی اور بدعقیدگی پھیلانے کی جسارت کی جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ رحم فرمائے شیخ کی کتاب غنیتہ الطالبین بہت معروف ہے عربی زبان کی اس کتاب کا اردو ترجمہ عام طور پر میسر ہے اس کتاب کے عربی ایڈیشن کا نسخہ بطبع لاہور ۱۹۷۶/۱۳۹۶ھ ۱۹ سے سامنے ہے۔ دوسری جلد کے صفحہ ۵۵ پر دس محرم کو یوم عاشورہ کے جانے کے سبب بیان کرتے ہوئے آپ ان دس خصوصی انعامات کا تذکرہ فرماتے ہیں جن کا تعلق مختلف انبیاء علیہم سے ہے اور یہ سارے انعامات اللہ تعالیٰ کی طرف سے اپنے رسولوں کو محرم کی دس تاریخ کو نصیب ہوئے تفصیل اس طرح ہے۔

۱= آدم علیہ اسلام کی توبہ ۲= ادریس علیہ اسلام کا بلند مقام کی طرف رفع ۳= سفینہ نوح علیہ اسلام کا سلامتی سے ودی پہاڑی پر رکنا۔ ۴= ابراہیم علیہ اسلام کی پیدائش، خلیل اللہ قرار دیا جانا اور نار نمرود سے حفاظ ۵= داؤد علیہ اسلام کی توبہ ۔۔ اور سلیمان علیہ اسلام کی حکومت کی بحالی ۶= ایوب علی اسلام کا جسمانی بیماری سے صحت مند ہونا ۷= موسیٰ علیہ اسلام کا دریائے نیل کو عبور کرنا اور فرعون کا غرق ہونا ۸= مچھلی کے پیٹ میں سے یونس علیہ اسلام کا باہر آنا ۹= عیسیٰ علیہ اسلام کا زندہ آسمان کی طرف اٹھایا جانا۔ ۱۰= پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت

آخری بات ایسی ہے جس میں نصرت الشیخ کا نقطہ نظر باقی سب معتزات سے مختلف ہے گویا یہ ان کی انفرادی رائے ہے کہ عام طور ولادت نبوی کا مہینہ ربیع الاول ہی مشہور ہے اور اس کی ۹ تاریخ دلائل کے اعتبار سے زیادہ معتبر ہے تاہم چونکہ شیخ کا نقطہ نظر یہی تھا۔ دیانت داری کے حوالے اس کا ذکر ضروری تھا۔ دوسرے علماء دسویں نمبر میں سورۃ فتح کے ابتداء میں حضور اقدس پر ہونے والے انعامات کا تذکرہ فرماتے ہیں

بہرحال یہ طے ہے کہ محرم کی دسویں تاریخ کی ابتداء سے ہی بڑی اہمیت تھی اور دس انبیاء علیہم اسلام کے حوالہ سے اہم واقعات اور انعامات ربانی کا تعلق اس تاریخ سے ہے اسی مناسبت سے احادیث میں اس تاریخ کے روز کو باعث اجر ثواب وقرار دیا گیا۔ پیغمبر اسلام نے خود روزہ رکھا صحابہ نے اہتمام کیا اور امت کے صلحاء اس کا اہتمام کرتے ہیں جبکہ ہمارے یہاں براعظم ہندو پاک میں اس تاریخ کی نسبت سے سیدنا حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مظلومانہ شہادت ہی کا چرچا ہے اور بس سیدنا حسین کی شہادت مظلومانہ شہادت تھی اور اتفاق سے وہ اسی تاریخ کو پیش آئی۔ لیکن ان کی شہادت کے پس منظر میں جو تاریخی مواد معلوم و مشہور ہے وہ ایک نئی حقیقت سامنے لاتا ہے۔ جس کا عام طور چرچا ہوتا ہے۔ قضاء قدر کے حوالہ سے یہ ایک حادثہ تھا جو ہو گیا بلاشبہ ابتداء میں سیدنا حسین مدینہ اور پھر مکہ معظمہ سے مخصوص عوامل کے تحت نکلے اکابر صحابہ اور ان کے قریبی اعزہ کسی محرم ان کے سفر کے حق میں نہ تھے۔ لیکن وہ مان کر نہیں دیئے اور تشریف لے گئے ان کے ساتھ ان کے خاندان کے چند عزیزوں محض خواتین اور بچوں کے ساتھ کوفہ کے نوہ ۴۰ افراد بھی تھے جو انہیں مہم جوئی کے لئے برا یگختہ کر رہے تھے لیکن حالات کی بچی تصویر سامنے آتے ہی انہوں نے اپنا رخ دمشق کی طرف پھر کر یزید سے ہر قسم کے کے معاملات طے کرنے کی ٹھان لی حتیٰ کہ شیعہ سنی کتاب کی تصریح کے مطابق براہ راست بیعت کا فیصلہ کر لیا۔ جس سے مشتعل ہو کر ان چالیس کوفیوں نے آپ اور آپ کے معدود رفقاء کو شہید کر دیا۔ جس کے رد عمل میں وہ ۴۰ بدبخت حکومتی حفاظتی دستہ کے ہاتھ مارے گئے اس حادثہ کے بعد آپ کے خاندان کی خواتین اور فرزند سیدنا علی بن حسین وغیرہ سیدھے دمشق جاکر

Scanned with Cam

بہت دیر تک حکومت اس کے یزید کے مہمان رہے۔ آپ کی ہمشیرہ محترمہ حضرت زینب آپ کے حقیقی چچا زاد بھائی حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی اہلیہ تھیں حضرت عبداللہ بن جعفر شدت سے حضرت حسین کے سفر کے خلاف تھے۔ اور اپنی اہلیہ کو انہوں نے اس لئے طلاق دیدی کہ اس خاتون نے خاوند کی مرضی و اجازت کے علی الرغم برادر عزیز کے ساتھ سفر کیا۔

حضرت عبداللہ بن جعفر کی صاحبزادی یزید کے نکاح میں تھیں اس اعتبار سے وہ یزید کے خسر تھے ہر چند کہ وہ بچی حضرت زینب کے علاوہ ان کی دوسری اہلیہ کے بطن سے تھیں لیکن بہرحال حضرت زینب کی بیٹی تو تھیں گو کہ سوتیلی سہی اس لئے حضرت زینب نے مستقل وہاں رہائش رکھنے کا فیصلہ کیا کہ بھائی کی شہادت اور خاوند کی طلاق کے بعد ان کے لئے کوئی جائے پناہ نہ تھی۔ اس خاتون کا بڑے اعزاز واکرام کے ساتھ دمشق میں پانے داماد یزید کے پاس مستقلاً مقیم انہار اور یہیں انتقال کرنا ہی ایک ایسی دلیل ہے جو دس محرم کے مخصوص من گھڑت واقعات کی تردید کے لئے کافی ہے۔ ایک افسوس کہ ہمارے یہاں کے بہت سے سنی واعظین مبلغین اہل قلم و دانش اور بھاری تعداد میں عوام حقائق سے بے خبری کی بنا پر یا عقیدت کے غیر اسلامی پیمانوں کا شکار ہو کر وہی راگ الاپتے ہیں جو دشمنان صحابہ و قرآن کا ہے اور محرم کے دس ایام اور بالخصوص دسویں تاریخ اس طرح گزرتی ہے کہ شیعہ چھوڑ سنی عوام کی بڑی اکثریت بھی لوگ کی کیفیت کا شکر لایعنی حرکات اور مواعظ و تقاریر میں غرق رہتی ہے۔ شیعہ برادری نے صدیوں کے پروپگنڈے سے ایسے حالات کر دیئے کہ سچائی کا اظہار مشکل ہو گیا ہے اور بہت سے مدعیان سنت و جماعت تک حقائق کا اظہار کرنے والوں کے پیچھے پیچھے جھاڑ کر پڑ جاتے ہیں حالانکہ انبیاء علیہم السلام پر ہونے والے انعامات کے سبب یہ دن شکر نعمت کا ہے۔

حضرت حسین کی مظلومانہ شہادت بھی ان کے زندہ جاوید ہونے کا ثبوت ہے اور اس اعتبار سے بھی لوگ کے لئے کوئی جوا نہیں۔ پھر لوگ کے ساتھ کس طرح کی بازاری زبان تقاریر و مرتبہ میں استعمال کی جاتی ہے۔ وہ اعلیٰ انسانی روایات واقدار کے منافی اور خلاقی پستی کی دلیل ہے جس سے بسا اوقات معاشرہ میں تلخی پھیلتی اور سرپھٹوں ہوتا ہے اور گستاخی کا ارتکاب کرتے ہیں اور مطلق نہیں سوچتے کہ وہ کیا کر رہے ہیں اور کیا کہہ رہے ہیں۔؟

دنیا کی اقوام نے نئے سال کی آمد پر خوشی و مسرت کے ساتھ ماضی کا احتساب اور مستقبل کے لئے نئی صف بندی کرتی ہے۔ لیکن ہمارے لوگ ماتم، بد زبانی اور ایسی مشاغل عام ہوتے ہیں حکومتی مناصب پر فائز عقل و دانش اور علم و شرافت سے بے بہرہ بے وقار ننگ انسانیت اور ننگ اسلام افراد ہوں یا شیعہ برادری ان سیکھ کتنا بھینس کے سامنے بین بجانے کے مترادف ہے تاہم غلط نہ ہو گا۔ کہ ہم سنی برادری بالخصوص اس برادری کے عمائدین اہل علم قلم طلباء آئمہ مدرسین پروفیسر اور ایسے ہی حضرات سے درخواست کریں کہ وہ قوم کو اس ماحول سے نکالیں اسے گردش لیل ونہار تقویم کی اہمیت سن ہجری کی عظمت محرم اور اس کی دس تاریخ کے تاریخی اور دینی مقام اور مخالفین اسلام کی پھیلائی ہوئی غلط فہمیوں سے واقف کریں اور انہیں حقائق سے آگاہ کریں تاکہ وہ آئے سال اغیار و اشرار کی شرانگیزی کا شکار نہ ہو سکیں اور اپنی سچی تاریخ، حقیقی حالات اور روایات سے آگاہ ہو سکیں اگر ملت کے ذمہ دار نے اپنی ذمہ داری کا احساس نہ کیا تو وہ ماضی کی بہت سی اقوام کی طرح حالات کے طوفان کا شکار ہو کر قصہ پارینہ اور نشان عبرت بن کر رہ جائیں گے اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنی ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہونے کی توفیق بخشے۔

بقیہ حضرت حسینؓ ابن علیؓ

حضرت فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی آخری بیماری کے دنوں میں ایک روز حضرت حسن اور حسین رضی اللہ عنہ کو آپ کی خدمت اقدس میں لے کر حاضر ہوئیں اور عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ دونوں آپ کی اولاد اور بیٹے ہیں انہیں کچھ وارثت عطا فرمایئے۔ تو حضورؐ محسن انسانیت رحمۃ اللعالمین صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کہ

حسنؓ کے لئے تو میری ہیبت، میری شرافت وبزرگی اور قوم کی سیاست و سرداری ہے اور حسینؓ کے لئے میری جرات و شجاعت اور میری جود و سخاوت ہے بہرنوع اس طرح کی احادیث مبارکہ میں حضور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی آل اولاد اپنے اہل بیت میں سے خصوصیت کے ساتھ حضرت حسین رضی اللہ عنہ کے مناقب آپ کے محاسن و اوصاف اور خوبیوں کی بابت بہت کچھ ارشاد فرمایا ہے ان میں سب سے زیادہ اس پر زور دیا گیا اور تلقین فرمائی گئی ہے کہ جو شخص بھی حضرت حسن و حسین رضی اللہ عنہما کی ذات گرامی اور ان کے محبوب دوستوں کے ساتھ محبت و الفت رکھے گا۔ اللہ تعالیٰ بھی انہیں پسند کرے۔گا اور دوست رکھے گا اور جو ان سب کے ساتھ محبت رکھے گا اور انہیں محبوب سمجھے گا جنت الفردوس میں ہو گا۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کے دلوں میں اپنے ان جرات مند حق گو اور جان نثار بزرگوں کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق سے نوازے (آمین) (واخر دعوانا ان الحمدللہ رب العلمین)

Scanned with Ca

موافقت علیؓ براقدامات عمرؓ

(۱) اخراج یہود

سیدنا حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے دور خلافت میں نجران کے یہودیوں کو ارض حجاز سے جلا وطن کر دیا تھا۔ آپ کا یہ عمل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد کے تحت تھا کہ

"میں پورے جزیرہ عرب میں یہود و نصاریٰ کو نکال دوں گا اور اس میں مسلمانوں کے سوا کسی کو نہ رہنے دوں گا۔"

(ترمذی جلد نمبر۱ ص ۱۹۴ من جابرؓ)

آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے مرض وفات میں جو وصیتیں فرمائی تھیں ان میں سے ایک یہ بھی تھی۔

مشرکین کو جزیرہ عرب میں نہ رہنے دو۔ (صحیح بخاری جلد نمبر۳ ص ۸۵ مصر)

سیدنا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا یہ عمل عین منشاء رسالت کے مطابق تھا۔ یہی وجہ ہے کہ یہود و نصاریٰ اور ان کے پیروکار (روافض) سیدنا حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے خاص عداوت رکھتے ہیں۔ اور ان کی ساری کوشش ہوتی ہے کہ کسی نہ کسی طرح سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کو بدنام و بدکام بتایا جائے

لیکن جب سیدنا حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا دور مبارک آیا اور آپ مسند خلافت راشدہ پر جلوہ افروز ہوئے تو آپ سے ان اعدائے اسلام نے درخواست کی کہ ہمیں واپس بلا لیا جائے۔ سیدنا حضرت علی رضہ اللہ عنہ نے ان کی اس درخواست کو شدت سے مسترد کرتے ہوئے فرمایا کہ۔

"عمر رضی اللہ عنہ کا فیصلہ صحیح تھا اور اس سے زیادہ صحیح الرائے کون ہو سکتا ہے؟" (کتاب الخراج ص ۷)

یعنی جو کام سیدنا عمر رضی اللہ عنہ نے کیا ہے چونکہ وہ عین منشائے رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم تھا اسی لئے میری کیا مجال ہے کہ میں اس کو ختم کروں (اللہ اکبر) غور فرمایئے۔ سیدنا حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے روافض کے عقیدے کی کس قدر صراحت کے ساتھ تردید کر دی ہے۔ (فللہ الحمد)

(۲) اسی طرح ایک مرتبہ سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کوفہ تشریف لائے تو آپ نے ایک مسئلہ پر فرمایا۔

"جو گرہ عمر نے لگا دی ہے۔ میں اس کو نہیں کھولوں گا"

(کتاب الخراج یحییٰ بن آدم ص ۲۳ مصر)

مراد یہ کہ جو کام سیدنا حضرت عمر رضی اللہؓ عنہ نے شروع کر دیئے ہیں ان میں تبدیلی نہیں کروں گا۔

(۳) عبد کہتے ہیں کہ سیدنا حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ایک مرتبہ فرمایا کہ =

"عمرؓ بن الخطاب (کان موفقا) بہتر توفیق دے گئے تھے۔ (رشیدا" فی الامور) امور (خلافت) میں درست فیصلہ کرنے والے اور صحیح معاملہ فہم تھے اللہ کی قسم جو کام عمرؓ نے کر دیئے ہیں ان کو میں تبدیل نہیں کروں گا"

تاریخ کبیر بخاری جلد ۲ ص ۱۳۵)

(۴) سیدنا حضرت حسین بن علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہما بھی فرماتے ہیں کہ:

"حضرت علی رضی اللہ عنہ جب مدینہ سے کوفہ تشریف لائے تو مجھے معلوم نہیں کہ آپ نے عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کی مخالفت کی ہو یا ان کے کسی کام میں تغیر پیدا کر دیا ہو۔"

(ریاض النضرۃ لمحب الطبری جلد نمبر۲ ص ۸۵ رحماء بینہم ص ۱۳۱)

اس قسم کی روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ سیدنا حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہٗ نے اپنے دور میں بھی سیدنا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے کئے ہوئے فیصلوں کی توثیق و تائید کی اور انہیں اسی مقام پر بحال رکھا۔ جس مقام پر سیدنا عمر رضی اللہ عنہ نے رکھا تھا۔ اگر بالفرض سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کے سارے کام غلط در غلط تھے تو کیا سیدنا علی المرتضیٰ اپنے دور خلافت میں ان کو بحال رکھتے؟ سوچیں اور فیصلہ کریں۔

(اقتباس از "اسلام میں صحابہ کرام کی آئینی حیثیت" مصنفہ مورخ اسلام حضرت مولانا ضیاء الرحمن فاروقی صہ ۲۵۸ تا ۲۶۰)

Scanned with Cam

بجٹ اجلاس میں مولانا اعظم طارق ایم این اے کی تقریر

تحریر محمد وسیم انجم ہاشمی
محلہ حق نواز شہید جھنگ صدر

۹۳-۱۹۹۲ء کے بجٹ پر بحث میں حصہ لیتے ہوئے مولانا محمد اعظم طارق نے قومی اسمبلی میں خطاب فرمایا۔

جناب سپیکر میں آپ کا بے حد ممنون ہوں کہ آپ نے مجھے بجٹ کے عنوان پر بحث کرنے کا موقع فراہم کیا۔ پاکستان کی برسراقتدار اسی جماعت نے جو ۱۹۹۰ء میں اسلام کے نام پر برسراقتدار آئی تھی۔ یہ تیسرا بجٹ پیش کیا ہے اور بڑے دکھ سے یہ بات کہنا پڑتی ہے کہ یہ تیسرا بجٹ بھی سود در سود پر مبنی ہے اور اس تیسرے بجٹ کو پیش کرتے وقت بھی ہماری حکمران پارٹی نے یہ احساس نہیں کیا کہ وہ جس وعدے اور جس نعرے پر پی پی کے مقابلے میں ٹھیک اٹھارہ ماہ بعد الیکشن جیت چکی تھی۔ اسے ان وعدوں کی تکمیل کرنا چاہئے تھی۔ اسے اس نعرے کو پروان چڑھاتے ہوئے اپنے ملک کو سودی سسٹم سے پاک کرنے کی طرف عملی قدم آگے بڑھانا چاہئے تھا۔ یہاں پر ہمارے ممبران حکمران جماعت نے قبلہ درست کرنے کے لئے کبھی قائد اعظم کبھی علامہ اقبال کے فرمودات کو سند کے طور پر پیش کیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ میں اس سلسلے میں اس سے زیادہ کچھ نہیں کہہ سکتا کہ آپ اسلام کے نام پر برسراقتدار آئے ہیں اور جس سود پر مبنی آپ کے بجٹ کا سارا دارومدار ہے وہ سود وہ سود ہے جسے اللہ کی لاریب کتاب میں واضح طور پر فرمایا گیا ہے۔ اے ایمان والو سود کو چھوڑ دو اور اگر تم سودی کاروبار سے باز نہیں آتے تو فاذنو بحرب من اللہ و رسولہ تو اللہ اور اس کے رسول سے جنگ کے لئے تیار ہو جاؤ مجھے افسوس ہے کہ تمہاری برسراقتدار جماعت اسلام کے نام پر برسراقتدار آئی اس نے تیسرا بجٹ بھی سودی بجٹ پیش کر کے پوری قوم کو اللہ اور اس کے رسول کے ساتھ لڑنے کے لئے کھڑا کر دیا ہے بحیثیت مسلمان جب اللہ اور اس کے رسولؐ کے ساتھ ہم جنگ کے لئے کھڑے ہو جائیں اور پھر ہم یہ سمجھیں کہ ہم اس بھنور سے اس مصیبت سے اس پریشانی سے نکل جائیں گے بحیثیت مسلمان یہ بات ہمارے حاشیہ خیال میں نہیں آنی چاہئے۔ آج بڑے دکھ کی بات ہے ہم دیگر اقوام کے حوالے دیتے ہیں ہم دیگر ملتوں کے اپنی قوم کے سامنے نقشے پیش کرتے ہیں۔

افسوس کہ ہمارے سامنے جو ایک ہی راستہ اور جو ہمارے سامنے ترقی کا ایک ہی زینہ ہے ہم اس کی طرف چلنے اور اس پر چلنے کی کوشش نہیں کرتے۔ اور جناب سپیکر یہ بات بھی بڑی عجیب ہے کہ ہمارے ہاں اختلاف برائے اختلاف کی ایسی ریت چل پڑی ہے۔ کہ ہم نے یہ طے کر لیا ہے کہ ہم کیونکہ حزب اختلاف سے تعلق رکھتے ہیں لہذا جو اس بجٹ کے خلاف ہم سے ہو سکا ہمیں کہنا چاہئے۔ اور وزیر خزانہ کو جس طرح بھی ہم رگید سکیں کہنا چاہئے کہ آپ نے یہ کر دیا آپ نے وہ کر دیا۔ اور اس کے برعکس جو حزب اقتدار سے تعلق رکھتے ہیں وہ فرمائیں گے۔ جناب آپ تو آسمانوں سے سورج اتار لائے ہیں۔ جناب آپ نے تو ایسا کمال کر دیا ایسا بجٹ تو کوئی پیش ہی نہیں کر سکتا تھا۔ ایسا بجٹ تو جبرئیل بھی نہیں لا سکتا تھا۔ جیسا بجٹ آپ لے کر آئے ہیں۔

میرا خیال ہے کہ جب تک ہم اس بات سے اپنے آپ کو جدا کر کے حقائق کا مطالعہ کرنے اور حقائق کی نشاندہی کرنے کی ریت نہیں ڈالتے اس وقت ہم صحیح سمت پر سفر نہیں کر سکتے۔ میں یہ بھی عرض کروں گا۔ کہ جناب والا کہ ہماری ان تقریروں کا کیا فائدہ ہے الحمد اللہ ہمارے پاس جھنگ میں بلدیہ ہے۔ میں نے خود اپنی موجودگی میں بلدیہ کا بجٹ پیش کروایا۔ اور ہمارے ہاں وہاں حزب اختلاف بہت تھوڑی ہے میری موجودگی میں بعض کونسلروں نے کھڑے ہو کر کہا کہ اس بجٹ میں یہ یہ کمی ہے۔

میں نے کہا بالکل ٹھیک ہے۔ ہم چاہتے تو ہم اکثریت کے بل بوتے پر بجٹ پاس کروا سکتے تھے لیکن میں نے اپنا بجٹ اس وقت تک موخر کر دیا جب تک ساری ترامیم دوبارہ بجٹ میں شامل نہیں ہوئیں۔ اور پھر ہم نے متفق بجٹ پاس کروایا میں عرض کرتا ہوں کہ ہمیں یہاں تقریر کرنے کا کیا فائدہ ہے کہ جو چیز آپ نے پیش کر دی ہے اگر وہ وحی ہے اگر وہ ناقابل تنسیخ ہے اگر اس میں ردو بدل نہیں ہو سکتا۔ تو یہ ہمارا وقت ضائع کرنا ہے اگر یہ سارا ہاؤس روتا رہے چیختا رہے کہ پٹرول کی قیمت میں اضافہ ہو گیا ہے اسے کم کر دیجئے۔ اگر بجٹ میں بالکل تبدیلی نہیں ہو سکتی۔ اور اسکا دروازہ وزیر خزانہ صاحب نے لاک کر دیا ہے تو کیا ضرورت ہے ہمیں بولنے کی۔ پٹرول کے مسئلہ پر ویسے بھی مجھ کو سمجھ نہیں آتی۔ کہ سعودی عرب میں ہم عمرہ کے لئے گئے۔

وہاں جناب پاکستان کے حساب سے دو روپے لیٹر پٹرول ملتا ہے۔ آپ کو تین روپے مل جاتا ہوگا یا آپ چار روپے لیٹر خریدتے ہوں گے۔ چار روپے خرید کر آپ قوم کو چودہ روپے دیتے ہیں۔ ہماری سمجھ میں نہیں آتا۔ پھر بھی ہمارا ملک خسارے میں جا رہا ہے۔ پھر بھی ہمارا خسارہ پورا نہیں ہوتا۔ کہ بیرون ممالک میں یہ عالم ہے اور

Scanned with Ca

ہمارے ہاں یہ عالم ہے ٹیلی فون پر آپ نے یہ ایک مہربانی کی اور اگر آپ مہربانی کرتے ہیں تو جتنی اس پر ایکسائز ڈیوٹی تھی وہ ساری کی ساری واپس لے لیں۔ آج کل تو یہ حال ہے کہ آپ ایک کمرے میں بیٹھے ہیں اور آپ کا پی اے دوسرے کمرے میں بیٹھا ہے۔ آپ اس کے ساتھ بھی ٹیلی فون پر بات کرتے ہیں۔ آپ اس وقت بھی ڈیڑھ دو روپے خرچ کرتے ہیں چھوٹی چھوٹی بات پر اور بڑی مایوسی ہوئی ہمارے ملازم طبقہ کو وہ اس آرزو کے ساتھ یہاں آئے تھے اور ٹی وی کے سامنے بیٹھے تھے کہ ہماری تنخواہ میں اضافہ ہو گا لیکن ان کی تنخواہ میں کوئی اضافہ نہ ہوا۔ لیکن جب وہ گھر سے نکلتے ہیں تو گاڑیوں کے کرائے بڑھ چکے ہیں۔ رکشے کا کرایہ بڑھ چکا ہے۔ بجٹ کے بعد وہ گھر سے نکلتے ہیں انہیں استعمال کی چیزیں مہنگی مل رہی ہیں اور ہمیں بھی یہ پتہ نہیں چلتا یہ بات ہماری سمجھ میں نہیں آتی۔ ابھی بجٹ پیش نہیں ہوتا۔ لوگوں کو پتہ ہوتا ہے کہ چیز مہنگی ہونی ہے آخر کیوں یہ ہمارا راز کیسا راز ہے جس کو ہر آدمی جانتا ہے بجٹ پیش ہونے سے پہلے کسی پٹرول پمپ پر پٹرول نہیں مل رہا تھا۔ مجھے وہی دیکھ کر شک ہو گیا تھا کہ پٹرول کی قیمت بڑھ جائے گی۔ میں نے ایک پمپ والے سے پوچھا وہ کہنے لگا کہ پٹرول کی قیمت بڑھ رہی ہے یہ کیسا آپ کا راز ہے جو آپ کے یہاں پیش کرنے سے پہلے ہی فاش ہو جاتا ہے لوگوں کو پہلے ہی سے علم ہو جاتا ہے کہ فلاں چیز کی قیمت بڑھ رہی ہے۔ فلاں کی کم ہو رہی ہے جناب والا میں خاص طور یہاں عرض کروں گا جو چیزیں حکومت نے مثبت طور پر پیش کی ہیں ہم اس کی تائید کرتے ہیں۔

خاص طور پر دھاگے پر ڈیوٹی کم کی گئی ٹیلی فون پر جو ڈیوٹی کم کی گئی ہم اس کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ آپ کی اس بہترین کوشش کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں لیکن آپ سے یہ مطالبہ کرتے ہیں کہ آپ نے خاص طور پر پٹرولیم میں اضافہ کیا اور باقی لیکن آپ نے زیادہ لگائے خدا کے لئے آپ اس پر نظر ثانی کیجئے اور سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ کیا جائے اور اس کے ساتھ ساتھ اس بات کو ضروری بنایا جائے جن چیزوں کی قیمت بڑھی نہیں ہے بازار میں جائیں تو قیمت بڑھ چکی ہے اس کا بھی تو کوئی سدباب ہونا چاہئے۔ جو کنٹرول ریٹ ہے ان کی کوئی پابندی کروانے والا نہیں ہے ہمارے ہاں تو جناب والا حالت یہ ہے کہ اگر ایک آدمی رشوت دیتے ہوئے پکڑا گیا تو یہ مقولا مشہور ہے رشوت دیتے ہوئے یا لیتے ہوئے پکڑا جائے تو مزید رشوت دے کر چھوٹ جائے اور جو کنٹرول کمپنیاں ہیں وہ صرف اور صرف کیا ہیں وہ اپنی کمپنی کا رعب جما کر رشوت وصول کر کے بلکہ سارا دیتی ہیں وہ دوسرے آدمی کو شٹر دیتی ہیں آپ جو چاہیں قیمت بڑھاتے چلے جائیں۔

آپ سے کوئی پوچھ گچھ نہیں ہو گی۔ جناب سپیکر یہاں پر بجٹ پر بحث کرتے کرتے عورتوں کی نمائندگی کی بھی بات چلی تو میری بات اس سلسلے میں یہ ہے کہ بے شک ہمارے انتخاب کے نظام میں عورتوں کے لئے کوئی پابندی نہیں ہے۔ منتخب ہو کر عورتیں یہاں آتی ہیں۔ لیکن اگر عورتوں کو نمائندگی دینی ہے تو میرا بھی یہ مطالبہ ہے کہ مزدوروں کو بھی نمائندگی دی جائے اور جو الیکشن نہیں لڑ سکتے کسانوں کو نمائندگی دی جائے جو الیکشن لڑ کر یہاں نہیں آسکتے اسی طرح وکلاء کو دانشوروں و علماء کرام کو بھی نمائندگی دی جائے جو پیسے کے ریئے اور دولت کے بل بوتے پر یہاں نہیں پہنچ سکتے۔ تاکہ وہ بھی یہاں آکر اپنے محروم طبقوں کی نمائندگی کر سکیں۔ تاکہ پتہ چل سکے کہ وہ کس ظلم کی چکی میں پس رہے ہیں کونسی مصیبتوں اور پریشانیوں کا شکار ہیں۔ اور اس طرح یہاں پر فرقہ واریت کی بات کی گئی ہے میں یہ بات بانگ دہل کہنا چاہتا ہوں ہمارے ہاں صرف فرقہ واریت کا ایک نام لے کر پھر اس کی زد میں لوگوں کو پیٹنے کا ایک رجحان پیدا ہو چکا ہے کوئی آدمی یہ سمجھنے کے لئے تیار نہیں ہے کہ فرقہ واریت کیا ہے۔ فرقہ واریت کا کوئی معنی تو کر کے بتائے کہ فرقہ واریت کیا ہے کسی کو پتہ نہیں فرقہ واریت کیا ہے خود قومیت کے نام سے لسانیت کے نام سے سیاست کے نام سے دوسرے کا گلہ کاٹ دیں ملک کے ٹکڑے کر دیں۔ ملک کو تباہی کے دہانے پر لا کھڑا کر دیں تو یہ ہو گی سیاست اور اگر کوئی مذہب کے لئے بات کرے تو ہو گی فرقہ واریت اور سن لیجئے آج یہ بات آپ کے اس تین سالہ دور اقتدار میں پاکستان میں تین سو کتابیں پاکستان کے مصنفین شائع کر چکے آج عام مارکیٹوں میں کتابیں دستیاب ہیں جن کتابوں کے ایک ایک صفحے پر ایک ایک سطر اور ایک ایک ورق میں پیغمبر کی شان میں توہین کی گئی۔ اور صحابہ کی مقدس جماعت کے مقدس افراد کو نام لے کر معاذ اللہ کافر اور کیا کیا نہیں کہا گیا۔ اگر اس کے خلاف صدائے احتجاج بلند کرنا آپ کی نظروں میں فرقہ واریت ہے تو میں اس کو فرقہ واریت نہیں سمجھتا میں نہیں سمجھتا آج کوئی لیڈر اپنی جماعت کی قیادت کی توہین برداشت نہیں کرتا۔ آج کوئی لیڈر قائد اعظم کی توہین برداشت نہیں کرتا اور ہمیں کہا جائے کہ ہم حضرت صدیق اکبرؓ اور حضرت عمر فاروقؓ اور پیغمبر کی جماعت کی توہین برداشت کریں اور خاموش رہیں اور اگر اس پر واویلا کریں احتجاج کریں تو یہ فرقہ واریت دہشت گردی کہلائے اگر اصحاب رسول کے ناموس کے تحفظ کا نام دہشت گردی ہے تو میں کہہ دینا چاہتا ہوں کہ ہم سب سے بڑے دہشت گرد ہیں۔ جاؤ جس سے جو بگاڑا جا سکتا ہے ہمارا بگاڑ کر دکھائے۔ ہم اصحاب رسولؐ کے تحفظ کے لئے میدان میں آئے ہیں جتنی مظلوم صحابہ کرام کی جماعت ہے اتنی کوئی نہیں تین سو کتابیں پاکستان کے ظالم رشدیوں نے لکھ کر مارکیٹوں میں رکھ دی

Scanned with Cam

میں جس نے ایک ایک نکتے پر قائد اعظم کے خیالات کو اپنایا اور قائد کی ایمانی طاقت پر اعتماد اور ان کی قوتوں ہم نے ان کے خیالات کے لئے اس ملک کی بنیاد ڈالی ہے

وہ صحابہ کرام کی توہین کرے اسے گوارا کی جائے اور اس جماعت کو جس جماعت کو اللہ کے قرآن نے حق کہا اور رضی اللہ عنہ اس جماعت کو کافر کہے وہ قرآن کا منکر ہے مرتد ہے اسے مسلمان کہا جائے سوال یہ ہے کہ اس میں اللہ کا کوئی ہے جس سے کسی کو اختلاف ہے کیا یہ کہا جائے کہ آپ صحابہ کی توہین برداشت کریں اور صبر کریں یہ بات ماضی خیال سے نکال دی جائے۔ ہم کبھی بھی اس نکتے پر نہ تو سودا کر سکتے ہیں نہ مفاہمت کر سکتے ہیں ہم اس صحابہ کی اسی مقصد کے لئے لائے ہیں ہم اپنی مقدس شخصیات کی توہین قطعی طور پر برداشت نہیں کریں گے۔ چاہے وہ پاکستان کا صدر ہی ہو جب بھی برداشت نہیں ہے چاہے یورپ کا صدر ہو تب بھی اسے برداشت نہیں کیا جائے گا۔ جناب والا خاص طور پر میں اس موقع پر میں یہ چیز ضرور آپ کے سامنے رکھنا چاہوں گا۔ جو رویہ ہمارے ساتھ روا رکھا گیا خاص طور پر اپوزیشن کے ساتھ اور آج وہ رویہ مفاہمت کے دروازے پر آیا ہوا ہے جہاں آپ اپوزیشن کے ساتھ مفاہمت کر رہے ہیں مجھے دکھ کے ساتھ کہنا پڑتا ہے آج جبکہ اسمبلی ٹوٹنے کے بعد سننے پر بات بھی مجھے سیاسی صورتحال پر بحث کرنے کا موقع نہ مل سکا۔ ورنہ میں عرض کرتا ہم نے واک آؤٹ استعفے دیئے تھے۔ ہمیں آج بھی استعفے دینے پر کوئی شرمندگی نہیں ہے کوئی ندامت نہیں ہے ہم نے استعفے دیئے تھے احتجاج کرتے ہوئے جناب آپ کے ظالمانہ رویہ پر آپ کو یاد ہو گا میں آپ کے چیمبر میں آیا تھا آپ نے کہا تھا کہ آپ گیلیاں لے کر قومی اسمبلی کے دروازے کیوں ہو گئے ہیں۔

میں نے کہا جناب قومی اسمبلی میں آنے کی وجہ سے ہماری عزتیں محفوظ نہیں رہیں۔ ہماری بیٹیاں محفوظ نہیں ہیں جب چار چار سال کی بچیوں کو تھانے میں لے جا کر نگاہوں سے چلایا جاتا ہے۔ چودہ چودہ سو ٹریفک کی بچیوں کو ایک دن میں بیچ کر گلی میں لوگوں سے چلایا جاتا ہے اور نہیں کہا جاتا ہے کہ اعظم طارق کو ووٹ دو۔ جب یہ سلسلہ ہمارے ساتھ ہو گا جب تین سال کے عرصے میں پورے جھنگ کے لئے صرف دس لاکھ روپے دے کر وہ بھی روک لیا جائے گا بھرے ہوئے شہر کو کالونیات میں تبدیل کر دیا جائے گا جھوٹے مقدمات کی بھرمار کر دی جائے گی۔ پھر آپ یہ سمجھیں کہ ہم آپ کے لئے دعائیں کریں اور پھر ہم یہ کہیں اللہ آپ کا سایہ دراز رکھے۔ یہ نہیں ہو سکتا۔ آپ نے حد کر دی تھی ظلم کی یہ خوشی کی بات ہے کہ ہمارے وزیر اعظم نے مفاہمت کا ہاتھ بڑھایا ہے میں اس موقع پر کہنا چاہتا ہوں آپ کو ۳۷ یا ۳۸ دن میں بہت کچھ احساس ہوا ہے اور میں ایک شعر کو تھوڑی سی ترمیم کے ساتھ پیش کرتا ہوں۔

اے شمع جس طرح تجھ پہ کل کی رات بھاری تھی
ہم پہ تو گزری اس طرح عمر ساری تھی

آپ پر تو ایک رات بھاری گزری ہم تو ساری عمر ان مصیبتوں سے گزار رہے ہیں وہ مشکلات ہم نے دیکھی ہیں وہ پریشانیاں دیکھی آپ کو بیان نہیں کر سکتے۔ آپ نے مفاہمت کا ہاتھ بڑھایا۔ ہم اسے ویلکم کہتے ہیں۔ ہم تیار ہیں لیکن ایک اور اہم بات یہاں پر میں کہنا چاہتا ہوں جس طرح اقتدار کی طرف سے حزب اختلاف کے ساتھ مفاہمت کا ہاتھ ہے اسی طرح صدر محترم کے بارے میں جو الزام تراشی ہو رہی ہے صدر محترم کے خلاف اشتہار بازی ہو رہی ہے اور جناب جو چاہتا ہے بولتا چلا جاتا ہے میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ یہ بات بھی اچھی نہیں ہے آپ مفاہمت کے لئے بڑھیں آپ کی طرف سے مفاہمت کی آواز آئی چاہیے۔ اس ملک میں جس طرح وزیر اعظم کی ایک حیثیت ہے اس طرح صدر محترم کا بھی ایک مقام ہے۔ عاقبت اندیش لوگوں کو روکئے جو بغیر سوچے سمجھے اس بات کو طول دینا چاہتے ہیں جو آپ میں شدت پیدا کرنا چاہتے ہیں جیسے جیسے دونوں کے بیچ خلیج پیدا ہو گئے ہیں۔ جہاں وہ پورے کے پورے نظام کو تباہ کرنے کے لئے بھی ہر ممکن کوشش میں جاتے ہیں۔ کہ جناب صدر پاکستان کا علاج کروانے ہسپتال دیکھنے کے لئے یہ بات تسکین دل کے لئے ٹھیک ہو گی لیکن اس کے نتائج کیا نکلیں گے اس کے نتائج بے حد خوفناک نکلیں گے اس لئے جس طرح آپ نے اپوزیشن سے مفاہمت کا ہاتھ بڑھایا ہے ہم بھی اپنے دل کو صاف کر کے آپ کے بڑھائے ہاتھ میں ہاتھ دینے کے لئے تیار ہیں اور میری آپ سے اپیل ہے کہ آپ صدر محترم سے بھی مفاہمت کی کوشش کیجئے۔ اگر آپ کم از کم مفاہمت کے لئے آگے نہیں بڑھتے تو ان ناعاقبت اندیشوں کو روکئے جو اس سلسلے میں بے تکی چھوڑتے چلے جاتے ہیں۔ اور جو آپ کے درمیان اختلافات کی خلیج کو وسیع تر کرنے کے لئے چلے جاتے ہیں تاکہ ملک کی معیشت مستحکم نہ ہو سکے۔ غیر ملکی سرمایہ دار یہ دیکھتے ہی کہ آپس میں اتنا ٹکراؤ ہے۔ صدر محترم ایک طرف وزیر اعظم ایک طرف اتنی شل ہے اتنے اختلافات ہیں وہ کہتے ہیں کہ یہ اسمبلی آج ہے کل نہیں ہے اس حکومت کا کیا بنے گا۔ اپوزیشن کچھ کہہ رہی ہے حزب اقتدار کچھ کہہ رہی ہے تو یہ وہ وجوہات ہیں جہاں ہماری معیشت تباہ ہو کر رہ جاتی ہے
شکریہ جناب سپیکر

قائد سپاہِ صحابہ کا دورہ پشاور۔ جھادوریاں

قاری خورشید الحسن

قائد سپاہ صحابہؓ کا دورہ پشاور

چوتھی سالانہ دفاع صحابہؓ و حق نواز کانفرنس نے مخالفین کا چین و سکون ختم کر دیا

سات روزہ دورہ پشاور میں بنوں، ڈیرہ اسماعیل خان میں زندگی کے ہر طبقے سے تعلق رکھنے والوں کی سپاہ صحابہ میں شرکت

بے پناہ رکاوٹوں کے باوجود کانفرنس کی کامیابی سے کئی مہربان بوکھلا اٹھے

حضرت مولانا حق نواز جھنگوی کی شہادت کے فوراً بعد ۱۲ مارچ ۱۹۹۰ء کو لاہور میں پہلی سالانہ حق نواز کانفرنس منعقد ہوئی مجلس شوریٰ کے فیصلوں کے مطابق اس کانفرنس کے دیرپا اثرات کی وجہ سے ہر سال مختلف صوبوں میں کانفرنس کا فیصلہ کیا گیا چنانچہ اگلے سال ۲ جون ۱۹۹۱ء کو اسلام آباد، ۲۴ اپریل ۱۹۹۳ء کو نشتر پارک کراچی میں کانفرنس کا انعقاد ہوا۔

اس سال چوتھی کانفرنس پشاور کی حصے میں آئی۔ پروگرام کے مطابق قائد سپاہ صحابہؓ ابتدائی انتظامات کے لئے ۱۳ اپریل کو ایک روزہ دورے پر پشاور پہنچے اس موقع پر آپ نے ڈسٹرکٹ بار پشاور میں خطاب کے ساتھ ساتھ کانفرنس کے اعلیٰ انتظامات کا جائزہ لیا اور ایک روز دس سے زائد اجلاسوں کی صدارت کی۔ مختلف کمیٹیوں کی تشکیل عمل میں آئی۔

قائد سپاہ صحابہ کا ۱۸ اپریل کو بذریعہ چناب ایکسپریس فیصل آباد سے پشاور کا پروگرام طے ہوا۔ قائد موصوف نے چونکہ ضلع سرگودھا میں منڈی بھلوان کے ممتاز اور جید عالم دین حضرت مولانا فضل الٰہی رحمتہ اللہ علیہ اور بھلوال میں حضرت مولانا مفتی محمود کے دیرینہ رفیق اور اکابرین جمعیت کے پرانے ساتھی ڈاکٹر ناصر کے انتقال پر تعزیت کرنی تھی کہ قائد سپاہ صحابہؓ شام ۸ بجے بھلوال پہنچے۔ ڈاکٹر ناصر مرحوم علاقہ بھلوال کے انتہائی قابل احترام بزرگ تھے عید الفطر کے روز ان کی وفات نے پورے ماحول کو سوگوار بنا دیا تھا۔ ڈاکٹر ناصر انتہائی مرنجان مرنج طبیعت کے مالک تھے اکابرین کے منظور نظر تھے آپ نے اپنی اولاد کو اعلیٰ دینی تعلیم دلانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی صاحبزادگان میں مفتی مسعود اور دوسرے بھائیوں نے مختلف دینی اداروں میں تعلیم پائی ڈاکٹر صاحب کے بڑے صاحبزادے ڈاکٹر محمود سے قائد محترم تعزیت کر کے منڈی بھلوان پہنچے یہاں حضرت مولانا فضل الٰہی کے صاحبزادے مولانا انیس الرحمن صاحب موجود تھے۔ مولانا فضل الٰہی کا شمار ضلع سرگودھا کے ممتاز علماء دین میں ہوتا تھا آپ نے نصف صدی تک علم و فضل کی بہاریں قائم ہیں منڈی بھلوان کی مرکزی جامع مسجد انکے فیضان کی بہاریں قائم ہیں منڈی بھلوان کی مرکزی جامع مسجد انکے فیضان کا کھلا ثبوت ہے۔ آپ ایک عرصہ تک ڈسٹرکٹ خطیب بھی رہے اپنے صاحبزادگان کو علم دینہ سے ہم آغوش کیا مولوی انیس الرحمن جامع اشرفیہ کے فارغ التحصیل ہیں۔

قائد محترم نے منڈی بھلوان میں متحدہ عرب امارات دبئی سپاہ صحابہؓ کے راہنما قاری انعام الحق اور پروفیسر اکرام الحق کے والد جناب حافظ غلام یاسین سے بھی ملاقات کی یہاں دیگر کارکنوں اور اخباری نمائندوں سے دو گھنٹے تک بات چیت ہوئی۔ قاری ممتاز اور جماعتی احباب نے ساڑھے دس بجے آپ کو چناب ایکسپریس پر سوار کیا

اگلے روز قائد محترم جب پشاور کے ریلوے اسٹیشن پر پہنچے تو منصور پراچہ بابر شعیب اور بشیر الحق صاحب نے آپ کا استقبال کیا۔

۱۹ اپریل کو بعد نماز مغرب کانفرنس کی انتظامی کمیٹیوں کی کارکردگی ملاحظہ کی گئی رات گئے تک کانفرنس کے انتظامات، علماء اور مشائخ کی آمد اور رہائشوں اور استقبال پر گفتگو ہوتی رہتی کئی افغان علماء اور مجاہدین کو کانفرنس میں شرکت کی دعوت دی گئی

تین بجے سہ پہر پریس کلب پشاور میں پریس کانفرنس سے خطاب کے بعد حضرت مولانا عبدالباقی کے مکان پر پہنچے اسی روز جنرل فضل حق صاحب مرحوم کے گھر گئے اور جنرل صاحب کے صاحبزادہ ڈاکٹر ارشد کو کانفرنس میں شرکت کی دعوت دی۔

عشاء کے بعد لیڈی ریڈنگ ہسپتال میں آپ نے سپاہ صحابہ کے ایک زخمی کارکن کی عیادت کی۔ ۲۰ اپریل کو قائد سپاہ صحابہ بذریعہ کار بنوں روانہ ہو گئے جہاں میلاد پارک میں ناموس صحابہ کے عنوان پر ایک عظیم الشان جلسہ سے خطاب کیا نماز عصر کے بعد صوبائی ناظم طارق مسعود کے مکان پر پریس کانفرنس اور عصرانہ کا اہتمام تھا بعد مغرب یہ قافلہ ڈیرہ اسمٰعیل خان کے لئے روانہ ہو گیا۔

ڈیرہ اسمٰعیل خان کے سفر میں بنوں سے ۱۵ میل کے فاصلے پر مدرسہ مطلع العلوم ڈیرہ میں حضرت علی شاہ صاحب کے مدرسہ چائے کے لئے وقفہ ہوا قائد محترم رات دس بجے ڈیرہ پہنچے یہاں دارالعلوم عثمانیہ مریالی میں قاری محمد نواز فاروقی کے ہاں بہت بڑا جلسہ ہوا رات یہیں قیام ہوا اور علی الصباح قائد موصوف پشاور کے لئے روانہ ہو گئے۔ راستے میں درہ آدم خیل میں بعد نماز ظہر علماء اور طلباء کا عظیم اجتماع ہوا جس میں معززین علاقہ اور قبائلی سردار کافی تعداد میں جمع تھے قائد محترم نے سپاہ صحابہ کے پروگرام اور نصب العین پر سیر حاصل تقریر فرمائی۔ تقریر کے بعد سینکڑوں خواتین اور سرداروں نے سپاہ صحابہؓ میں شمولیت کا اعلان کیا۔

نماز مغرب کے قریب یہ قافلہ پشاور کے لئے

Scanned with Cam

روانہ ہوا۔ رات حاجی لال جان صاحب مینگل کے ہاں قیام ہوا۔ بیس رات کو گیارہ بجے جرنیل سپاہ صحابہؓ مولانا محمد اعظم طارق مرکزی صدر شیخ حاکم علی بھی پہنچ گئے۔

۲۲ اپریل کو دارالعلوم حاویہ میں مرکزی مجلس شوری کا اجلاس منعقد ہوا جس کی تفصیل سابقہ شمارہ میں آچکی ہے۔ اجلاس کے بعد قائد سپاہ صحابہؓ کا قیام سپاہ صحابہؓ کے جنرل سیکرٹری سید مجاہد علی شاہ کے گھر میں تھا۔ یہاں آپ کے عملہ کے تمام احباب اور دیگر ساتھی بھی قیام پذیر تھے۔ اسی رات دو بجے کانفرنس کی اجازت ملی۔ تاخیر کی اجازت کی وجہ سے انتظامات میں بعض امور حل طلب رہے۔ جناح پارک کی بجائے عین موقع پر افغان گراؤنڈ یعنی شاہی باغ میں اجازت ملنے سے کچھ ساتھیوں نے برا منایا تاہم افغان گراؤنڈ سیکورٹی پوائنٹ کے لحاظ سے نہایت موزوں تھا۔ یہاں ۲۳ اپریل کو انٹرنیشنل دفاع صحابہؓ و حق نواز کانفرنس میں شرکت فرمائی جس کی رپورٹ سابقہ شمارہ میں آچکی ہے۔ کانفرنس کے بعد قائد محترم کا قیام اسی مکان میں ہوا اگلے روز قائد محترم اور مولانا اعظم طارق نے بذریعہ گاڑی اسلام آباد کا سفر کیا۔ راستے میں قائد محترم اور پورے قافلے نے دارالعلوم حقانیہ میں قائد جمعیت علماء اسلام مولانا سمیع الحق کے پاس ایک گھنٹہ قیام کیا اٹک کے قریب عثمانیہ ریسٹورنٹ میں حافظ حبیب الرحمن کی طرف سے لنچ میں شرکت کی اس طرح قائد سپاہ صحابہ ہفتہ دوپہر کے بعد اسلام آباد پہنچے اور رات کے سفر کے بعد ۲۵ اپریل صبح ۵ بجے سمندری پہنچ گئے۔

ملک کی سیاسی صورت حال پر۔

مولانا محمد اعظم طارق کا تبصرہ

ایم۔ آئی صدیقی

(حالیہ شمارہ آخری مراحل میں تھا کہ ملک میں سیاسی نظام کی بساط الٹ دی گئی۔ اس پر اداریہ لکھنا ممکن نہ تھا۔ چنانچہ ملک کی سیاسی صورت حال پر جناب ایم آئی صدیقی سے مولانا محمد اعظم طارق نائب سرپرست اعلیٰ سپاہ صحابہؓ و سابق ایم این اے نے گفتگو فرماتے ہوئے مندرجہ ذیل تبصرہ فرمایا۔ جو کہ شمارہ کے آخری صفحات کی زینت بن سکا۔

ملک میں کئی ماہ سے مسلسل سیاسی محاذ آرائی کی وجہ سے جو پاکستان کی تاریخ کا بدترین سیاسی بحران پیدا ہوگیا تھا آخر وہ اپنے منطقی انجام کو پہنچ گیا۔ کئی ماہ کی غیر یقینی صورت حال کی وجہ سے ملک کی معیشت کو بھی زبردست نقصان پہنچا۔ غیر ملکی سرمایہ کاری رک گئی تھی۔ پاکستانی کرنسی کی قیمت میں عالمی کرنسیوں کے مقابلہ میں کافی کمی واقع ہوگئی تھی۔ ملک کی اعلیٰ عدالتیں بھی ہمہ وقت اسی بحران کے حل کی کوشش میں مصروف ہوگئی تھیں جس کی وجہ سے دیگر مقدمات میں حصول انصاف میں تاخیر ہوئی۔ اس بحران کے حل کیلئے علماء کرام نے بھی قابل قدر کوششیں کیں حالات نے ایسا رخ اختیار کر لیا تھا کہ ملک کے بڑوں کے درمیان کوئی مفاہمت ہوتی نظر نہیں آ رہی تھی عوام الناس ذہنی طور پر اپنے آپ کو مارشل لاء کیلئے تیار کر چکے تھے ایسے وقت میں چیف آف آرمی سٹاف جنرل عبدالوحید خان نے ملکہ اقتدار کو اپنی دلہن بنانے کی بجائے اپنا تاریخی کردار ادا کر کے قوم کو اس بے یقینی کی کیفیت سے نکالا۔ پوری قوم جنرل عبدالوحید خان اور انکے دیگر رفقاء، کور کمانڈروں کے اس کردار پر انکو خراج تحسین پیش کرتی ہے۔

اب جبکہ نئے انتخابات یقینی نظر آتے ہیں نگران حکومت کو چاہئے کہ ۴۵ سالہ ماضی کے انتخابی و سیاسی تجربات کو مدنظر رکھتے ہوئے ایسا انتخابی نظام وضع کرے جسکے نتیجہ میں ملک کی نظریاتی سرحدوں کی حفاظت کو یقینی بنایا جا سکے ملک کے قابل اور مخلص ترین افراد ملک کی مقننہ کے ارکان منتخب ہو سکیں۔ سرمایہ، برادری ازم، لسانیت اور دھونس دھاندلی و غنڈہ گردی کی بنیاد پر لوگ منتخب نہ ہو سکیں۔ جس عظیم مقصد کی خاطر یہ ملک حاصل کیا گیا تھا وہ آج تک تشنہ تکمیل ہے بلکہ حقیقت تو یہ ہے کہ ملک میں عملاً نظام اسلام کے نفاذ کی ابتدائی صورت بھی نظر نہیں آتی، اور حکومت کی جانب سے اسلام کے بنیادی اور متفق علیہ تحریم ربو جیسے احکامات کی بھی علی الاعلان مخالفت کی جاتی رہی ہے۔ نگران حکومت اپنے انقلابی اور فوری اقدامات کے ذریعے انتخابی نظام میں ایسی تبدیلیاں کرے جس سے ملک میں اسلامی نظام کے نفاذ کی عملی صورت کا راستہ ہموار ہو جائے اور انتخابی نتائج کو تسلیم نہ کئے جانے کا عمل نہ دہرایا جا سکے۔

سپاہ صحابہؓ بھی دیگر مذہبی و سیاسی جماعتوں کی طرح پرزور مطالبہ کرتی ہے کہ انتخابات متناسب نمائندگی کی بنیاد پر کرائے جائیں۔ الیکشن کمیشن کے ارکان و دیگر انتخابی عملہ کی غیر جانبداری کو یقینی بنایا جائے۔ انتخابات کے روز حالات کو پرامن رکھا جائے تاکہ رائے دہندگان آزادانہ طور پر اپنی رائے کا استعمال کر سکیں۔ اگر ہم پولنگ سٹیشن پولیس فورس کے ساتھ ساتھ پاک فوج کا کم از کم ایک نوجوان بھی موجود ہو تو شرپسند عناصر بلاجھجک اپنی تخریبی کارروائیاں نہیں کر سکیں گے۔

مولانا محمد اعظم طارق نے سپاہ صحابہؓ کے کارکنوں سے اپیل کی ہے کہ وہ انتخابات میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں کسی رافضی کو کسی اسمبلی کا ممبر نہ بننے دیں۔ اپنی صفوں میں اتحاد قائم رکھیں۔ انتخابات کے سلسلہ میں مرکز کی جانب سے طے کی جانے والی پالیسیوں پر عمل پیرا رہیں۔

مولانا محمد اعظم طارق نے تمام دینی جماعتوں پر زور دیا کہ وہ غیر دینی ذہن رکھنے والی محض سیاسی جماعتوں کا آلہ کار بننے کی بجائے اپنے تمام اختلافات ختم کر کے ایک پلیٹ فارم پر جمع ہو جائیں۔ قوم دینی جماعتوں کے قائدین سے اپنے مشن میں مخلص ہونے کا عملی ثبوت مانگتی ہے۔ اگر وہ اسلامی نظام کے علمبردار ہیں لیکن اس موقع پر متحد نہیں ہوتے تو قوم ان کو ان کے دعووں میں غیر مخلص سمجھنے میں حق بجانب ہوگی۔

"ماہنامہ خلافت راشدہ" کا اکاؤنٹ نمبر ۷۷۱ مسلم کمرشل بنک ریلبازار جھنگ صدر ترسیل رقوم کیلئے یاد رکھئے

فاروق اعظم رضی اللہ عنہ

سید سلمان احمد عباسی خطیب جامع مسجد مرکزی ٹوبہ ٹیک سنگھ

امیر المومنین فاروق اعظمؓ — نبی کا جانشین فاروق اعظمؓ
عمید عارفین فاروق اعظمؓ — عماد کاملین فاروق اعظمؓ
نبی نے جس کو خود اللہ سے مانگا — مراد مرسلین فاروق اعظمؓ
رفیق قبر و حشر و حوض کوثر — خلافت کا نگیں فاروق اعظمؓ
اشداء علی الکفار تو ہے — عدو الکافرین فاروق اعظمؓ
حمایت میں تری قرآن اترا — تو فخر المسلمین فاروق اعظمؓ
تجھے دیتا ہے جنت کی بشارت — امام المرسلین فاروق اعظمؓ
تری بیٹی تو ام المومنین ہے — نجابت کا امین فاروق اعظمؓ
تو داماد علیؓ و فاطمہؓ ہے — شرافت کا نگین فاروق اعظمؓ
برادر نسبتی حسنینؓ تیرے — کوئی منکر نہیں فاروق اعظمؓ
خلیفہ دوسرا راشد ہمارا — تو ہی ہے بالیقین فاروق اعظمؓ
تو شام و مصر اور ایران کا فاتح — سپہ سالار دین فاروق اعظمؓ
وہ ہوں ابوبکرؓ یا عثمان وحیدرؓ — ہو تم سب راشدین فاروق اعظمؓ
صداقت کا علم صدیق اکبرؓ — عدالت کا امین فاروق اعظمؓ
حیا و حلم میں عثمانؓ کامل — امام المتقین فاروق اعظمؓ
شجاعت ہے علی المرتضےؓ کی — نظام شرع و دین فاروق اعظمؓ
تو صدر بزم اہل بیتؓ و اصحابؓ — امام الصادقین فاروق اعظمؓ
تجھے چمگادڑیں کس طرح دیکھیں — تو ہے شمس مبین فاروق اعظمؓ
ترا منکر ہو اور جنت میں جائے — نہیں ہرگز نہیں فاروق اعظمؓ

ترا ادنی عقیدت مند سلمان
تو ہے سردار دین فاروق اعظمؓ

(بشکریہ خدام الدین لاہور)

مومن کی پہچان

تحریر= شہادت علی طاہر جھنگوی

مرسلہ حافظ محمد ادریس قاسمی خیرپور ٹامیوال

مصائب میں نہ گھبرانا یہی مومن کی پہچان ہے
ستم ہنس کے جو سہہ جائے وہی کامل مسلمان ہے
کیے ہر دور میں باطل نے حق والوں پہ ظلم و ستم
مگر ہرگز نہیں چھوڑا کبھی مسلم نے میداں ہے
بھڑکتی آگ پہ جلتا رہا حضرت بلال حبشیؓ
موقف پر قائم رہا بہت مضبوط ایماں ہے
سمیہؓ ہو گئی ٹکڑے کلیجہ دیکھ حمزہؓ کا
زنیرہؓ کی گئی آنکھیں کہاں یہ دین آساں ہے
گزارا گو کیا شعب ابی طالب میں پتوں پر
صحابہؓ نے نہیں چھوڑا رسول اللہ کا داماں ہے
جنازہ ابو حنیفہ کا بالاخر جیل سے نکلا
تلے کوڑوں کے احمد بن حنبل کی گئی جان ہے
سنو دنیا کے مسلمانو اور صحابہؓ کے پروانو
صحابہؓ دے گئے جانیں کیا گھر مال قرباں ہے
صحابہؓ کے سپاہی ہو تو جھیلوں سختیاں ہنس کر
گذر جائیگی شام غم سحر ہونے کا امکاں ہے
بیعت جھنگوی سے کی تم نے محبت کا ہو دم بھرتے
وفادارو نبھاؤ جو کیا تھا عہد و پیماں ہے
ذرا ایثارؒ کے ایثار کو تو جھانک کر دیکھو
تو کہاں خاک اوکاڑہ ہے ہوا کس جاں پہ قربان ہے
کراچی سے چلا طارق جلا دی کشتیاں آ کر
اگر سمجھو تو جھنگ والو یہ کتنا اسکا احساں ہے
ادا حق جانشینی کا ہے فاروقی نے کر چھوڑا
یہ وہ بحر دلائل ہے کہ خائف جس سے ایراں ہے
مشن ایثارؒ نے جھنگوی کا پہنچایا اسمبلی میں
اے اعظم تیرے کیا کہنے اسمبلی آج لرزاں ہے
اے ناموس صحابہؓ کے اسیرو حوصلہ رکھنا
مصر کی قید کے بدلے ہی ملتا تاج شاہاں ہے
اے واہ جذبہ میرے مزدور و تاجر کا کسانوں کا ملازم کا
یہی طرز مسلماں ہے یہی شیوۂ مرداں ہے
گرانٹیں روک لینے سے یا جیلوں گولیوں سے ہم
مشن کو چھوڑ جائیں گے حکومت کتنی ناداں ہے

●●●●●●●●●

Scanned with Cam

اظہار تشکر

۱۸جون ۱۹۹۳ء بروز جمعتہ المبارک کو مظلومؓ مدینہ کانفرنس میں شرکت کے لئے آنے والے علماء کرام، بریلوی، دیو بندی، اہلحدیث اور عوام الناس کارکنان سپاہ صحابہؓ جو پابندی کے باوجود ظلم و ستم سہتے ہوئے ڈی گراؤنڈ میں مظلوم مدینہ داماد رسولؐ امام المسلمین خلیفہ سوئم سیدنا عثمان غنیؓ کو خراج تحسین پیش کرنے ڈی گراؤنڈ تشریف لائے۔

قائد سپاہ صحابہؓ جانشین امیر عزیمت حضرت مولانا ضیاء الرحمٰن فاروقی صاحب
چیئرمین سپریم کونسل سپاہ صحابہؓ پاکستان حضرت مولانا محمد ضیاء القاسمی صاحب
اور محرک ناموس صحابہؓ بل حضرت مولانا محمد اعظم طارق صاحب ایم این اے جھنگ چودھری سلطان محمود وائس چیئرمین بلدیہ جھنگ جن کی قیادت میں ڈی گراؤنڈ جلوس داخل ہوا۔

ہم ان اہالیان پیپلز کالونی جماعت کے قائدین اور ڈی گراؤنڈ میں تشریف لانے والے ہزاروں عوام کو سلام پیش کرتے ہیں جنہوں نے انتظامیہ کے جبر کو سہتے ہوئے صحابہؓ کرام کے غلاموں کے ساتھ تعاون کیا مشن حق نواز جھنگوی شہیدؒ کی آواز حق انشاء اللہ آئندہ سال ذوالحج میں دوسری سالانہ مظلومؓ مدینہ کانفرنس ڈی گراؤنڈ میں بلند کی جائے گی۔

منجانب: کنوینر تحصیل فیصل آباد محمد زبیر بٹ پیپلز کالونی یونٹ ڈی گراؤنڈ

Scanned with Cam

یا قیّوم
یا اللہ مدد
یا حیُّ
بچوں کی
صحت کا محافظ
شفاء منجانب اللہ
ہر گھر کی
ضرورت
نیا
رجسٹرڈ نمبر ۸۱۶۷۵۰۵
عرق شیریں
ایک بار
پی کر تو دیکھیں
بچوں کیلئے
انمول تحفہ
اس کے علاوہ
شربت۔ مربہ جات
عرقیات۔ سرکہ جات
روغنیات۔ گلقند۔ دانت
درد کے لئے لونگ تیل
مہندی۔ معیاری اور
خوب صورت پیکنگ
میں دستیاب ہیں
پیٹ درد، پیٹ پھولنا
مروڑ، قے دست اور
دانت نکلنے کی تکلیف
رفع کرنے والا فرحت بخش
اور خوش ذائقہ عرق ہے جو
بچوں اور بڑوں میں یکساں
مفید ہے تندرستی میں بچوں کی
صحت قائم رکھتا ہے اور
بیماری میں شفا بخشتا ہے
سٹاکسٹ
جمیل احمد صدیقی
معرفت
اے ون جنرل سٹور
گلفشاں کالونی غوثیہ چوک
فیصل آباد
فون: ۰۴۱۱-۶۱۵۵۴۶، ۶۱۱۵۴۷
تیار کردہ ابن سینا لیبارٹریز (رجسٹرڈ)
پاکستان
دواخانوں سے طلب فرمائیں
میڈیکل سٹور جنرل سٹور اور
بیرون ملک اور سندھ میں مقبولیت کے ریکارڈ قائم کرنے کے بعد
اب پنجاب اور سرحد میں بھی بھرپور مقبولیت حاصل کر رہا ہے
نوٹ: پنجاب اور سرحد کے تمام چھوٹے بڑے شہروں سے نمائندگان ڈیلرشپ کے
خواہش مند حضرات سٹاکسٹ سے فوراً رابطہ فرمائیں